123

# ایجنڈا

# برائے اجلاس صوبائی اسمبلی پنجاب

## منعقدہ، 3۔فروری 2009

تلاوت قرآن پاک ترجمہ اور نعت رسول مقبول ﷺ

## سوالات (محکمہ زکوٰۃ وعشر)

نشان زدہ سوالاتؔ اور ان کے جوابات

## غیر سرکاری ارکان کی کارروائی

## حصہ اول

(مسودات قانون جو پیش کئے جائیں گے)

**1. <u>THE FOREST (PUNJAB AMENDMENT) BILL 2009 (Bill No. 1 of 2009)</u>**

| | |
|---|---|
| Ch Muhammad Asad Ullah: | to move that leave be granted to introduce the Forest (Punjab Amendment) Bill 2009. |
| Ch Muhammad Asad Ullah: | to introduce the Forest (Punjab Amendment) Bill 2009. |

**2. <u>THE PUNJAB SOCIAL SERVICES BOARD (AMENDMENT) BILL 2009 (Bill No. 2 of 2009)</u>**

| | |
|---|---|
| Ch Zahir-ud-Din Khan:<br>Ch Aamar Sultan Cheema:<br>Mr Muhammad Yar Hiraj:<br>Dr Samia Amjad:<br>Ch Abdullah Yousaf:<br>Ch Moonis Elahi:<br>Ch Muhammad Arshad:<br>Mr Tahir Iqbal Chaudhry: | to move that leave be granted to introduce the Punjab Social Services Board (Amendment) Bill 2009. |

Mrs Amna Ulfat:
Mr Muhammad Shafiq Khan:
Mr Sher Ali Khan:
Mr Khurram Nawab:
Mr Muhammad Mohsin Khan Leghari:
Mrs Khadija Umar:
Ms Amna Jehangir:

Hafiz Muhammad Qamar Hayat Kathia:
Mrs Samina Khawar Hayat:
Mrs Ayesha Javed:
Mr Khalid Javed Asghar Ghural:
Syeda Majida Zaidi:
Syeda Bushra Nawaz Gardezi:
Mian Shafi Muhammad:
Mr Muhammad Ejaz Shafi:
Mrs Qamar Aamir Ch:
Engineer Shahzad Elahi:
Ms Joyce Rufin Julius:

to introduce the Punjab Social Services Board (Amendment) Bill 2009.

Ch Zahir-ud-Din Khan:
Ch Aamar Sultan Cheema:
Mr Muhammad Yar Hiraj:
Dr Samia Amjad:
Ch Abdullah Yousaf:
Ch Moonis Elahi:
Ch Muhammad Arshad:
Mr Tahir Iqbal Chaudhry:
Mrs Amna Ulfat:
Mr Muhammad Shafiq Khan:
Mr Sher Ali Khan:
Mr Khurram Nawab:
Mr Muhammad Mohsin Khan Leghari:
Mrs Khadija Umar:
Ms Amna Jehangir:
Hafiz Muhammad Qamar Hayat Kathia:
Mrs Samina Khawar Hayat:
Mrs Ayesha Javed:
Mr Khalid Javed Asghar Ghural:
Syeda Majida Zaidi:
Syeda Bushra Nawaz Gardezi:
Mian Shafi Muhammad:
Mr Muhammad Ejaz Shafi:
Mrs Qamar Aamir Ch:

124 Engineer Shahzad Elahi:
Ms Joyce Rufin Julius:

**3. <u>THE PROVINCIAL ASSEMBLY OF THE PUNJAB PRIVILEGES (AMENDMENT) BILL 2009 (Bill No. 3 of 2009)</u>**

Ch Zahir-ud-Din Khan:
Ch Aamar Sultan Cheema:
Mr Muhammad Yar Hiraj:
Dr Samia Amjad:
Ch Abdullah Yousaf:
Ch Moonis Elahi:
Ch Muhammad Arshad:
Mr Tahir Iqbal Chaudhry:
Mrs Amna Ulfat:
Mr Muhammad Shafiq Khan:
Mr Sher Ali Khan:

Mr Khurram Nawab:
Mr Muhammad Mohsin Khan Leghari:
Mrs Khadija Umar:
Ms Amna Jehangir:
Hafiz Muhammad Qamar Hayat Kathia:
Mrs Samina Khawar Hayat:
Mrs Ayesha Javed:
Mr Khalid Javed Asghar Ghural:
Syeda Majida Zaidi:
Syeda Bushra Nawaz Gardezi:
Mian Shafi Muhammad:
Mr Muhammad Ejaz Shafi:
Mrs Qamar Aamir Ch:
Engineer Shahzad Elahi:
Ms Joyce Rufin Julius:

to move that leave be granted to introduce the Provincial Assembly of the Punjab Privileges (Amendment) Bill 2009.

Ch Zahir-ud-Din Khan:
Ch Aamar Sultan Cheema:
Mr Muhammad Yar Hiraj:
Dr Samia Amjad:
Ch Abdullah Yousaf:
Ch Moonis Elahi:
Ch Muhammad Arshad:
Mr Tahir Iqbal Chaudhry:
Mrs Amna Ulfat:
Mr Muhammad Shafiq Khan:
Mr Sher Ali Khan:
Mr Khurram Nawab:

to introduce the Provincial Assembly of the Punjab Privileges (Amendment) Bill 2009.

**125** Mr Muhammad Mohsin Khan Leghari:
Mrs Khadija Umar:
Ms Amna Jehangir:
Hafiz Muhammad Qamar Hayat Kathia:
Mrs Samina Khawar Hayat:
Mrs Ayesha Javed:
Mr Khalid Javed Asghar Ghural:
Syeda Majida Zaidi:
Syeda Bushra Nawaz Gardezi:
Mian Shafi Muhammad:
Mr Muhammad Ejaz Shafi:
Mrs Qamar Aamir Ch:
Engineer Shahzad Elahi:
Ms Joyce Rufin Julius:

**4. THE PROVINCIAL ASSEMBLY OF THE PUNJAB PRIVILEGES (AMENDMENT) BILL 2009 (Bill No. 6 of 2009)**

| | |
|---|---|
| Ch Muhammad Asad Ullah: | to move that leave be granted to introduce the Provincial Assembly of the Punjab Privileges (Amendment) Bill 2009. |
| Ch Muhammad Asad Ullah: | to introduce the Provincial Assembly of the Punjab Privileges (Amendment) Bill 2009. |

126

**5. THE HAJVERY UNIVERSITY, LAHORE (AMENDMENT) BILL 2009 (Bill No. 4 of 2009)**

Ch Zahir-ud-Din Khan: to move that leave be granted to introduce the Hajvery University, Lahore (Amendment) Bill 2009.
Ch Aamar Sultan Cheema:
Mr Muhammad Yar Hiraj:
Dr Samia Amjad:
Ch Abdullah Yousaf:
Ch Moonis Elahi:
Ch Muhammad Arshad:
Mr Tahir Iqbal Chaudhry:
Mrs Amna Ulfat:
Mr Muhammad Shafiq Khan:
Mr Sher Ali Khan:
Mr Khurram Nawab:
Mr Muhammad Mohsin Khan Leghari:
Mrs Khadija Umar:
Ms Amna Jehangir:
Hafiz Muhammad Qamar Hayat Kathia:
Mrs Samina Khawar Hayat:
Mrs Ayesha Javed:

127 Mr Khalid Javed Asghar Ghural:
Syeda Majida Zaidi:
Syeda Bushra Nawaz Gardezi:
Mian Shafi Muhammad:
Mr Muhammad Ejaz Shafi:
Mrs Qamar Aamir Ch:
Engineer Shahzad Elahi:
Ms Joyce Rufin Julius:

Ch Zahir-ud-Din Khan:
Ch Aamar Sultan Cheema:
Mr Muhammad Yar Hiraj:
Dr Samia Amjad:
Ch Abdullah Yousaf:
Ch Moonis Elahi:
Ch Muhammad Arshad:
Mr Tahir Iqbal Chaudhry:
Mrs Amna Ulfat:
Mr Muhammad Shafiq Khan:
Mr Sher Ali Khan:
Mr Khurram Nawab:
Mr Muhammad Mohsin Khan Leghari:
Mrs Khadija Umar:
Ms Amna Jehangir:
Hafiz Muhammad Qamar Hayat Kathia:
Mrs Samina Khawar Hayat:
Mrs Ayesha Javed:
Mr Khalid Javed Asghar Ghural:
Syeda Majida Zaidi:
Syeda Bushra Nawaz Gardezi:
Mian Shafi Muhammad:

Mr Muhammad Ejaz Shafi:
Mrs Qamar Aamir Ch:
Engineer Shahzad Elahi:
Ms Joyce Rufin Julius:

to introduce the Hajvery University, Lahore (Amendment) Bill 2009.

## حصہ دوم

(مفاد عامہ سے متعلق قراردادیں)

(مورخہ 25۔نومبر 2008 کے ایجنڈے سے زیر التواء رکھی گئی قرارداد)

محترمہ آمنہ اُلفت:
جناب محمد محسن خان لغاری:

یہ ایوان، صوبائی حکومت سے اس امر کی سفارش کرتا ہے کہ صوبائی دارالحکومت لاہور سمیت تمام میٹروپولیٹن شہروں میں ہاؤس ریکوزیشن کی سہولت فراہم کرنے کے لئے اپنے وسائل کے مطابق جامع پالیسی بناکر

محترمہ ثمینہ خاور حیات: جلدازجلد عملدرآمد کو یقینی بنائے۔
جناب محمد اعجاز شفیع:
ڈاکٹر سامیہ امجد:
چودھری عامر سلطان
چیمہ:

(موجودہ قرار دادیں)

1. ڈاکٹر محمد اشرف چوہان: یہ ایوان خادم اعلیٰ پنجاب، وزیراعلیٰ پنجاب میاں محمد شہباز شریف کو صوبہ میں جرائم کو کنٹرول کرنے کے لئے کئے گئے اقدامات پر خراج تحسین پیش کرتا ہے اور اس امر کی سفارش کرتا ہے کہ جرائم کی رفتار کو مزید کم کرنے کے لئے صوبہ کے تھانہ جات کی انسپکشن کرنے اور متعلقہ پولیس اسٹیشن کی مانیٹرنگ کرنے کا اختیار باقاعدہ طور پر متعلقہ علاقہ کے ایم پی اے کو سونپا جائے۔ اس طرح پولیس کی کارکردگی میں اضافہ ہوگا اور تھانہ کلچر بھی تبدیل ہوگا، پولیس اور عوام کے درمیان پائے جانے والا خلیج بھی کم ہو جائے گا۔

2. محترمہ انجم صفدر: یہ ایوان وفاقی اور حکومت پنجاب سے پُرزور مطالبہ کرتا ہے کہ گریڈ16 کے سرکاری افسران کو میڈیکل Re-imbursement کی جو سہولت سالانہ میزانیہ 09-2008 سے پہلے میسر تھی، کو فوری طور پر بحال کیا جائے۔

3. محترمہ روبینہ شاہین وٹو: یہ ایوان صوبائی حکومت سے اس امر کی سفارش کرتا ہے کہ صوبائی دارالحکومت لاہور میں واقع ہسپتالوں میں ہیپاٹائٹس کے مریضوں کے ٹیسٹ، ویکسین اور انجیکشن مفت فراہم کئے جائیں تاکہ ہیپاٹائٹس کے مرض پر مکمل قابو پایا جاسکے۔

4. محترمہ شمیلہ اسلم: یہ ایوان صوبائی حکومت سے اس امر کی سفارش کرتا ہے کہ تمام ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹرز (DHQ) ہسپتالوں میں تشدد کا شکار خواتین کے لئے ایک علیحدہ وارڈ یا یونٹ قائم کیا جائے جہاں ادویات سمیت انہیں تمام سہولیات مفت فراہم کی جائیں۔

128

5. چودھری ظہیر الدین خان: اس ایوان کی رائے ہے کہ حکومت پنجاب پہلے مرحلہ میں 1تا

چودھری عامر سلطان چیمہ: 16 گریڈ میں Contract پر کام کرنے والے تمام سرکاری ملازمین کو مستقل کرنے کے احکامات جلد از جلد جاری کرے تاکہ ان ملازمین میں پائی جانے والی بے چینی اور مایوسی کا ازالہ ہو سکے۔

ڈاکٹر سامیہ امجد:
چودھری عبداللہ یوسف:
چودھری محمد ارشد:
جناب محمد یار ہراج:
جناب طاہر اقبال چودھری:
محترمہ آمنہ اُلفت:
جناب محمد شفیق خان:
جناب شیر علی خان:
جناب خرم نواب:
محترمہ خدیجہ عمر:
محترمہ آمنہ جہانگیر:
جناب محمد محسن خان لغاری:
حافظ محمد قمر حیات کاٹھیا:
محترمہ ثمینہ خاور حیات:
محترمہ عائشہ جاوید:
جناب خالد جاوید اصغر گھرال:
سیدہ ماجدہ زیدی:
سیدہ بشریٰ نواز گردیزی:
میاں شفیع محمد:
جناب محمد اعجاز شفیع:
محترمہ نسیم لودھی:
محترمہ قمر عامر چودھری:

## حصہ سوم

(عام بحث)

محترمہ نسیم لودھی: میں قواعد انضباط کار صوبائی اسمبلی پنجاب مصدرہ 1997 کے قاعدہ 243 کے تحت یہ تحریک پیش کرتی ہوں کہ ”پنجاب اسمبلی کے ایوان نے مورخہ 15-دسمبر 1988 کو متفقہ طور پر قرارداد منظور کی کہ پنجاب اسمبلی کے ملازمین کے لئے ایک رہائشی کالونی بنا کر دی جائے جس پر آج تک عمل درآمد نہ ہو سکا۔ مذکورہ قرارداد پر عمل درآمد نہ ہونے کے محرکات کو زیر بحث لایا جائے تاکہ مہنگائی

کے اس کمر توڑ دور میں ملازمین کا دیرینہ مطالبہ پورا ہو سکے جبکہ صحافی برادری کو حکومت نے حال ہی میں ایک رہائشی کالونی کے لئے زمین بھی مہیا کر دی ہے۔ لہذا اس صورتحال پر عام بحث کی جائے۔"

129

# صوبائی اسمبلی پنجاب

## پندرھویں اسمبلی کا گیارھواں اجلاس

منگل،3۔فروری2009

(یوم الثلاثہ،7۔صفر المظفر1430ھ)

صوبائی اسمبلی پنجاب کا اجلاس اسمبلی چیمبرز، لاہور میں صبح 10بج کر55منٹ پر
زیر صدارت جناب ڈپٹی سپیکر رانا مشہود احمد خان منعقد ہوا۔

---

تلاوت قرآن پاک وترجمہ قاری سید صداقت علی نے پیش کیا۔

اعوذ باللہ من الشیطن الرجیمo

بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِo

إِنَّا نَحۡنُ نَزَّلۡنَا عَلَيۡكَ ٱلۡقُرۡءَانَ تَنزِيلاًo فَٱصۡبِرۡ لِحُكۡمِ رَبِّكَ وَلَا تُطِعۡ مِنۡهُمۡ
ءَاثِمًا أَوۡ كَفُورًاo وَٱذۡكُرِ ٱسۡمَ رَبِّكَ بُكۡرَةً وَأَصِيلاًo وَمِنَ ٱلَّيۡلِ فَٱسۡجُدۡ لَهُۥ
وَسَبِّحۡهُ لَيۡلاً طَوِيلاًo إِنَّ هَـٰٓؤُلَآءِ يُحِبُّونَ ٱلۡعَاجِلَةَ وَيَذَرُونَ وَرَآءَهُمۡ يَوۡمًا
ثَقِيلاًo نَّحۡنُ خَلَقۡنَـٰهُمۡ وَشَدَدۡنَآ أَسۡرَهُمۡۖ وَإِذَا شِئۡنَا بَدَّلۡنَآ أَمۡثَـٰلَهُمۡ تَبۡدِيلاًo إِنَّ
هَـٰذِهِۦ تَذۡكِرَةٌۖ فَمَن شَآءَ ٱتَّخَذَ إِلَىٰ رَبِّهِۦ سَبِيلاًo وَمَا تَشَآءُونَ إِلَّآ أَن يَشَآءَ
ٱللَّهُۚ إِنَّ ٱللَّهَ كَانَ عَلِيمًا حَكِيمًاo يُدۡخِلُ مَن يَشَآءُ فِى رَحۡمَتِهِۦۚ وَٱلظَّـٰلِمِينَ
أَعَدَّ لَهُمۡ عَذَابًا أَلِيمًاo

**سُوۡرَةُ الاھرآیات 23 تا 31**

اے محمد ﷺ ہم نے تم پر قرآن آہستہ آہستہ نازل کیاo تو اپنے پروردگار کے حکم کے مطابق صبر کئے رہو اور اُن لوگوں میں سے کسی بد عمل اور ناشکرے کا کہا نہ مانوo اور صبح وشام اپنے پروردگار کا نام لیتے رہوo اور رات کو بڑی رات تک اُس کے آگے سجدے کرو اور اس کی پاکی بیان کرتے رہوo یہ لوگ دنیا کو دوست رکھتے ہیں اور (قیامت کے) بھاری دن کو پس پشت چھوڑے دیتے ہیںo ہم نے ان کو پیدا کیا اور ان کے مفاصل کو مضبوط بنایا اور اگر ہم چاہیں تو ان کے بدلے انہی کی طرح اور لوگ لے آئیںo یہ تو نصیحت ہے جو چاہے اپنے پروردگار کی طرف پہنچنے کا راستہ اختیار کرےo اور تم کچھ بھی نہیں چاہ سکتے مگر جو خدا کو منظور ہو بے شک خدا جاننے والا، حکمت والا ہےo جس کو چاہتا ہے اپنی رحمت میں داخل کر لیتا ہے اور ظالموں کے لئے اس نے دکھ دینے والا عذاب تیار کر رکھا ہےo

وماعلینا الاالبلاغo

نعت رسول مقبول ﷺ جناب محمد افضل نوشاہی نے پیش کی۔

## نعت رسول مقبول ﷺ

عشق تیرا نہ اگر میرا مسیحا ہوتا
تو میں بھی گمراہی کے ویرانوں میں کھویا ہوتا
تیری نسبت نے سنوارا میرا اندازِ حیات
میں اگر تیرا نہ ہوتا سگِ دنیا ہوتا
کاش یہ آنکھ تیری راہ کے تنکے چُنتی
دل تیرے شہر کی گلیوں میں سلگتا ہوتا

جناب ڈپٹی سپیکر: اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ وقفہ سوالات شروع ہوتا ہے اور آج محکمہ زکوٰۃ وعشر سے متعلق سوالات پوچھے جائیں گے اور ان کے جوابات دیئے جائیں گے۔

## پوائنٹ آف آرڈر

جناب خالد جاوید اصغر گھرال: پوائنٹ آف آرڈر۔
جناب ڈپٹی سپیکر: آج پرائیوٹ ممبرز ڈے ہے اور عام بحث کے لئے بھی ٹائم رکھا گیا ہے۔
جناب خالد جاوید اصغر گھرال: جناب سپیکر! بڑا ہی اہم مسئلہ ہے۔
جناب ڈپٹی سپیکر: جی، فرمائیں!

## زمیندارہ کالج گجرات کی زمین پر ناجائز قبضہ میں رکاوٹ بننے پر طلبہ وطالبات پر پولیس کا تشدد

جناب خالد جاوید اصغر گھرال: جناب سپیکر! ایک بڑا اہم issue گجرات میں زمیندارہ کالج کے حوالے سے ہے جس کی ساری تفصیل میڈیا میں بھی آ چکی ہے۔ پولیس نے وہاں پر بہت بڑی دہشت گردی اور بربریت کی ہے۔ طلباء وطالبات اور اساتذہ کو ڈنڈوں سے مارا پیٹا گیا ہے۔ مسجد میں جا کر طلباء

کو رائفلوں کے بٹوں سے مارا گیا ہے جو کہ چینل "دنیا" نے live cover کیا تھا، خبروں میں بھی آیا اور اخبارات میں بھی اس کی تفصیل آئی۔ بات یہ تھی کہ زمیندارہ کالج جو کہ 13 کنال آٹھ مرلے کا ایک ٹکڑا اس کی ملکیت ہے اس پر ایک قبضہ گروپ قبضہ کر رہا تھا اور اس کے سرغنہ کے ایماء پر پولیس نے اتنا بڑا اقدام کیا جس میں ساری انتظامیہ involve ہے۔ پرنسپل زمیندارہ کالج کو انتظامیہ کی higher authority کی طرف سے فون آتے تھے کہ آپ اس معاملے میں بالکل رکاوٹ نہ بنیں اور قبضہ گروپ کو قبضہ کرنے دیں کیونکہ یہ ان کی ملکیت ہے۔D.P.O نے پہلے دن جو رویہ رکھا وہ انتہائی سخت تھا لیکن جب بعد میں اخبارات اور میڈیا نے بات اچھالی اور یہ بات حکومتی level پر سامنے آئی تو پھر جا کر حکومت کی طرف سے ان پر دباؤ آیا اور انہوں نے اپنی لچک دکھائی۔ جس طرح پنجابی میں کہتے ہیں کہ "گونگلواں توں مٹی لہن واسطے" کسی ایس ایچ او اور پولیس والوں کو suspend کر دیا لیکن جس طریقے سے طالبات پر ڈنڈے برسائے، چادریں کھینچیں اور ان کی بے عزتی کی گئی میں سمجھتا ہوں کہ اس سے بڑی شرمناک بات اور کوئی نہیں ہو سکتی کیونکہ محرکات صرف یہی ہیں کہ پیپلز پارٹی کے سابق ایم این اے ادھر قبضہ کر رہے تھے جنہوں نے اس زمین پر چار دیواری بھی بنائی ہے، گیٹ لگایا ہے اور رائفلوں کے ساتھ اپنے بندے بٹھائے ہوئے تھے۔ صرف اس کو cover دینے کے لئے پولیس نے اتنا بڑا آپریشن کیا ہے۔ میں چاہوں گا کہ رانا ثناء اللہ صاحب کے پاس اس وقت جو بھی رپورٹ ہے وہ ایوان میں پیش کریں تاکہ سارے پنجاب کو پتا چلے کہ اتنی بڑی دہشت گردی کیوں کی گئی ہے؟

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، رانا ثناء اللہ صاحب!

وزیر قانون و پارلیمانی امور (رانا ثناء اللہ خان): جناب سپیکر! میرے محترم بھائی نے گجرات کے جس واقعہ کے اوپر اظہار کیا ہے میں ان سے بالکل متفق ہوں لیکن دیکھنے والی بات یہ ہے کہ ان کا اس واقعہ کے اوپر concern کتنا ہے کیونکہ اس واقعہ کو آج تین چار دن گزر گئے ہیں لیکن کسی معاملے کو regular انداز سے ہاؤس کے سامنے لانے کا جو طریق کار ہے اس کے لئے انہوں نے کوئی ٹائم نہیں نکالا اور صرف پوائنٹ آف آرڈر کی حد تک اکتفا کیا ہے۔ میں یہ چاہوں گا کہ اگر یہ اس معاملے کو تحریک التوائے کار، قرارداد یا سوال کے ذریعے لے کر آئیں تو میں پھر ان کی تسلی اور تشفی کے مطابق پورے ہاؤس کو آگاہ کر سکوں۔ انہوں نے جو پوائنٹ آف آرڈر پر بات کی ہے میں اس سلسلے میں مختصراً یہ عرض کروں گا کہ اس معاملے کے دو پہلو ہیں، جہاں تک اس جگہ کے متنازعہ ہونے کا معاملہ ہے تو اب

تک کیprima facieانکوائری کے مطابق وہ جگہ متنازعہ ہے۔ایک فریقclaimکر رہاہے کہ یہ جگہ اس کی موروثی پراپرٹی ہےاوراس کااس کے اوپرclaimبنتاہے۔یہ معاملہ ہائی کورٹ اور سپریم کورٹ تک پہنچاہواہے۔ایک پہلو تو یہ ہے کہ حکومت یہ اختیار رکھتی ہے اور نہ ہی حکومت کواس معاملے کو decideکرناچاہیئے کیونکہ اس کا فیصلہ متعلقہ سول کورٹ،ہائی کورٹ یاسپریم کورٹ کرے گی جہاں پر یہ معاملہ pending ہے۔ دوسرااس کا پہلو یہ ہے کہ اُس دن جو واقعہ پیش آیا وہ امن و امان کی صورتحال ہے۔ وہاں پر ایسی کوئیencroachmentیا کوئی تعمیرات نہیں ہو رہی تھیں یااس قسم کی کوئیactivity نہیں ہو رہی تھی جس کو روکنے کے لئے جلوس نکالا گیا۔ انہوں نے جلوس اپنے طور پراس وجہ سے نکالاکہ وہ اس بات پر احتجاج کرنا چاہتے تھے۔اس جلوس کوکنٹرول کرنے کے لئے متعلقہ تھانے کا S.H.O پہلے گیا لیکن جلوس کے شرکا نے پتھر وغیرہ مارے اور وہاں پر ان کا آپس میں scuffleہو گیاتو پھر اس کے بعد ایڈیشنل نفری منگوائی گئی اور جب پولیس والے لوگوں پر حاوی ہوئے تو پھر انہوں نے تجاوز کیااور کالج کی حدود میں داخل ہو کر وہاں پر احتجاج کرنے والے لوگوں کو مارااور ڈنڈے برسائے۔اس پر فوری ایکشن لیا گیا۔ڈی آئی جی گوجرانوالہ ذوالفقار چیمہ صاحب کو کہا گیااور وہ خود حکومت کی ہدایت پر وہاں تشریف لے گئے اور وہاں جا کر خود کالج کے پرنسپل اور اساتذہ سے باقاعدہ اس واقعہ پر معافی مانگی اور اس کے بعد وہ دونوں انسپکٹرزS.H.Oبھی اور جو انسپکٹر اضافی نفری لے کر گیا تھااور جس نے اس معاملے کوایک اچھے اور حکمت سے کنٹرول کرنے کی بجائے وہاں پر طاقت کا زیادہ استعمال کیا ان دونوں کو suspend کیا گیا۔ اس کے بعد اس دن ٹی وی چینلز پر چلنے والیfootage دیکھ کر دس کے قریب کانسٹیبلان کو identify کر کے انہیں بھی suspend کیا گیا۔(نعرہ ہائے تحسین)

جناب سپیکر!ایکS.P levelکاافسر اس معاملے کی انکوائری کر رہاہے۔اس دن کے واقعہ میں اگر کوئی اور بھی ملوث پایا گیا تو اس کے خلاف بھی ایکشن لیا جائے گا۔ جہاں تک اس کے proprietary rightsکا تعلق ہے کہ وہ جگہ کس کی بنتی ہے، کس کی نہیں بنتی، کالج کی انتظامیہ کا claim صحیح ہے یا دوسرے فریقین کا حق ہے؟ تو اس کا فیصلہ عدالت کرے گی اور فیصلے کے مطابق عملدرآمد کیا جائے گا۔

جناب خالد جاوید اصغر گھرال: جناب سپیکر! میری ایک تحریک التوائے کار اسی حوالے سے 29 جنوری کی ہے تو اگر آپ اسے out of turn لے لیں تو پھر معاملہ جلدی take up ہو جائے گا۔

جناب ڈپٹی سپیکر: آپ آج آفس میں رابطہ کر لیں چونکہ سیشن چل رہا ہے تو ہم اس کو فوری طور پر لے لیں گے کیونکہ اس وقت تو وہ موجود نہیں ہے۔

جناب خالد جاوید اصغر گھرال: جناب سپیکر! احتجاج کرنا بچوں کا حق تھا۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جب آپ کی تحریک التوائے کار آئے گی تو سارا معاملہ دیکھ لیں گے۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ تعلیمی اداروں کے اوپر ہمارا جو مؤقف ہے، اسمبلی کا۔۔۔

وزیر خزانہ (جناب تنویر اشرف کائرہ): پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، فرمائیں!

وزیر خزانہ (جناب تنویر اشرف کائرہ): جناب سپیکر! اس معاملے پر آج ہی وزیر اعلیٰ صاحب نے ایک چار رکنی کمیٹی بنائی ہے جسے ذوالفقار کھوسہ صاحب head کریں گے اور راجہ ریاض صاحب، رانا ثناء اللہ صاحب اور میں خود اس کا ممبر ہوں اور ساتھ سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو بھی ہیں۔ اس کمیٹی میں دیکھا جائے گا کہ یہ ملکیت کس کی ہے اور میں فاضل ممبر کو یقین دلاتا ہوں کہ جو ملکیت گورنمنٹ کی ہے اس پر قبضہ کیا جا رہا ہے اور ہم انہیں قبضہ کرنے نہیں دیں گے۔ یہ کمیٹی فیصلہ کرے گی اور تمام حقائق سامنے لے کر آئے گی۔

جناب خالد جاوید اصغر گھرال: جناب سپیکر! میرا مؤقف یہ ہے کہ اپوزیشن کی طرف سے بھی ایک ممبر کو شامل کر لیا جائے تو ہمیں بھی معاملے کا پتا چل جائے گا۔

جناب ڈپٹی سپیکر: پہلے ہی آپ کی اس معاملے میں تحریک التوائے کار آچکی ہے تو اسمبلی کی حد تک تو آپ کی بات کو ہم دیکھ لیں گے لیکن باقی جو گورنمنٹ کر رہی ہے وہ بالکل آپ کو on board لے کر کمیٹی کے ممبران ان کے ساتھ رابطہ کر کے اور انہیں on board لے کر کریں۔

جناب خالد جاوید اصغر گھرال: جناب سپیکر! میری تحریک التوائے کار آج ہی لے لیں تاکہ یہ جلدی take up ہو جائے کیونکہ کمیٹی تو پہلے ہی بن چکی ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: میں اسے ابھی دیکھ لیتا ہوں اور آپ کو بتا دیا جائے گا۔

الحاج محمد الیاس چنیوٹی: پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، چنیوٹی صاحب!

الحاج محمد الیاس چنیوٹی: شکریہ۔ جناب سپیکر! میں ایک دو اہم مسائل کی طرف نشاندہی کرنا چاہتا ہوں۔۔۔

سوالات (محکمہ زکوٰۃ وعشر)

## نشان زدہ سوالات اور اُن کے جوابات

جناب ڈپٹی سپیکر: چنیوٹی صاحب! اس وقت وقفہ سوالات ہے اور عام بحث کے دوران آپ اپنے مسائل کی نشان دہی کر لیں۔

الحاج محمد الیاس چنیوٹی: جناب سپیکر! آج کے روزنامہ نوائے وقت میں رینالہ خورد میں ایک چھ سالہ معصوم بچے کی خبر آئی ہے کہ اسے اغوا کے بعد قتل کر دیا گیا اور وہ قاتل بھی ہمسایہ نکلا۔ "گھر کو آگ لگ گئی گھر کے چراغ سے"۔ میری گزارش یہ ہے کہ اغوا برائے تاوان اور اس قسم کے قتل عمد کے لئے کوئی ایسی کڑی سزا بنائی جائے تاکہ مجرموں کے حوصلے پست ہو جائیں۔

جناب سپیکر! مجھے ایک ای میل آیا ہے کہ حکومت نے اعلان کیا ہے کہ نئے کمپیوٹر ٹیچرز بھرتی کئے جا رہے ہیں جو کہ یقیناً بہت خوش آئند امر ہے لیکن ایک خبر یہ بھی ہے کہ اس سے پہلے I.T کے 515 ٹیچرز کی چھ مہینے سے تنخواہ بند ہے تو براہ مہربانی اس مسئلے کو بھی حل کیا جائے۔

**MRS. AYESHA JAVED:** If it is irrelevant you can dismiss it. It is point of order?

**MR. DEPUTY SPEAKER:** Yes.

**MRS. AYESHA JAVED:** The time given is 10 O clock and the proceedings started at least one hour late. Further I want to know that if it is a grace period it should always be given to us. What is the criteria? What precedents are we setting? Do you believe in keeping the time 11 in future?

**MR. DEPUTY SPEAKER:** Do you believe him?

**MRS. AYESHA JAVED:** Keeping the time.

**جناب ڈپٹی سپیکر:** بالکل ہماری کوشش یہی ہوتی ہے اور کئی معاملات ایسے ہوتے ہیں اور لیڈر آف دی اپوزیشن بھی ہمارے ساتھ موجود تھے اور کچھ معاملات تھے جنہیں طے کر کے اسمبلی میں آنا تھا اور ویسے ہماری کوشش یہی ہوتی ہے اور آپ دیکھیں کہ ہم اسے ٹائم پر ہی شروع کرتے ہیں۔ آپ سے گزارش ہے کہ چلیں ہم نے شروع کیا ہی ہے تو وقفہ سوالات کو کم از کم ایک پورا گھنٹہ دے دیں۔ پہلا سوال زوبیہ رباب ملک صاحبہ کا ہے۔

**DR SAMIA AMJAD:** On his behalf, Sir Question No. 521

سوال کا جواب پڑھا ہوا تصور کیا جائے۔(معزز رکن نے محترمہ زوبیہ رباب ملک کے ایماء پر طبع شدہ سوال نمبر 521 دریافت کیا گیا)

**جناب ڈپٹی سپیکر:** جی، جواب پڑھا ہوا تصور کیا جاتا ہے۔

## پنجاب ووکیشنل ٹریننگ کونسل کا قیام و دیگر تفصیلات

*521: **محترمہ زوبیہ رباب ملک:** کیا وزیر زکوٰۃ و عشر از راہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:۔

(الف) پنجاب ووکیشنل ٹریننگ کونسل کب قائم ہوئی تھی اور اس کے مقاصد کیا تھے؟

(ب) یکم جنوری 2005 سے اب تک حکومت کی طرف سے جو رقم دی گئی اس کی تفصیل فراہم کریں؟

(ج) یہ رقم کن کن مقاصد کے لئے فراہم کی گئی تھی؟

(د) کتنی رقم گریڈ 18 اور اوپر کے ملازمین کی تنخواہ اور ٹی اے/ڈی اے پر خرچ ہوئی؟

(ہ) کتنی رقم سرکاری گاڑیوں کی مرمت اور تیل پر خرچ ہوئی ہے؟

(و) کتنی رقم سے ادارے کھولے گئے ہیں؟

**وزیر زکوٰۃ و عشر (حاجی احسان الدین قریشی):**

(الف) پنجاب ووکیشنل ٹریننگ کونسل 1998 میں قائم ہوئی تھی اس کا مقصد صوبہ میں فنی تربیتی ادارہ جات کا قیام اور ان کا انتظام و انصرام کرنا ہے۔

(ب) حکومت کی طرف سے یکم جنوری2005 سے آج تک 369.4 ملین روپے کی رقم دی گئی جس کی تفصیل درج ذیل ہے:-

| مد/مقصد | رقم روپوں میں |
| --- | --- |
| فنی تربیتی ادارہ جات کا قیام | 109.3 ملین |
| فنی تربیتی ادارہ جات کی اپ گریڈیشن | 185.6 ملین |
| سٹاف کی تربیت کے لئے انسٹیٹیوٹ کا قیام | 054.5 ملین |
| پنجاب ووکیشنل ٹریننگ کونسل کی استعداد کار میں اضافہ | 020.0 ملین |

(ج) فراہم کردہ رقم کے مقاصد جز(ب) میں بیان کئے جا چکے ہیں۔

(د) پنجاب ووکیشنل ٹریننگ کونسل ایک خود مختار ادارہ ہے اس کے ملازمین کی درجہ بندی حکومت پنجاب کے گریڈنگ سسٹم سے مختلف ہے۔یہاں ڈپٹی مینجر کے عہدہ کا افسر گریڈ18 یا اس سے اوپر تصور کیا جاتا ہے۔مذکورہ ملازمین کو دی گئی تنخواہ اور ٹی اے/ڈی اے کے اعداد و شمار درج ذیل ہیں:-

| | |
| --- | --- |
| تنخواہ | 46045653روپے |
| ٹی اے/ ڈی اے | 3970446روپے |

(ہ) سرکاری گاڑیوں کی مرمت اور تیل پر اٹھنے والے اخراجات کے اعداد و شمار درج ذیل ہیں:-

| | |
| --- | --- |
| مرمت | 2621559روپے |
| تیل | 6866664روپے |
| میزان | 9488223روپے |

(و) فنی تربیتی ادارہ جات کے قیام پر 109.3 ملین روپے خرچ کئے گئے۔

**ڈاکٹر سامیہ امجد:** عرض یہ ہے کہ اس سوال کے جز(ب) میں commitment ہے کہ فنی تربیتی ادارہ جات کے قیام پر 109.3 ملین روپے خرچ ہوئے ہیں تو پوچھنا یہ ہے کہ یہ ادارے کہاں پر قائم کئے گئے ہیں اور دوسرا ضمنی سوال یہ ہے کہ انہوں نے یہاں پر ایک commitment کی ہے کہ سٹاف کی تربیت کے لئے 054.4 ملین روپے کی رقم سے انسٹی ٹیوٹ قائم کیا گیا ہے تو پوچھنا یہ ہے کہ سٹاف کی تربیت کے لئے قائم کیا جانے والا یہ انسٹیٹیوٹ کہاں ہے اور کس category کے ملازمین کو وہاں پر تربیت دی جا رہی ہے؟

**جناب ڈپٹی سپیکر:** جی، منسٹر صاحب!

وزیر زکوٰۃ و عشر (حاجی احسان الدین قریشی): جناب سپیکر! یہ انسٹیٹیوٹ پورے پنجاب میں قائم ہوئے ہیں اور ان کے قیام پر رقم خرچ کی گئی ہے اور سٹاف کی تربیت کے لئے بھی لاہور میں انسٹیٹیوٹ قائم کیا گیا ہے۔

ڈاکٹر سامیہ امجد جناب سپیکر! میرا سوال یہ تھا کہ کس category کے ملازمین کو وہاں ٹریننگ دی جارہی ہے وہ کس کے لئے قائم کیا تھا، وہ کون سے لوگ ہیں جنہیں وہاں ٹریننگ دی گئی اور لاہور تو بہت بڑا ہے وہ انسٹیٹیوٹ کا بتائیں کہ کس جگہ قائم کیا گیا ہے یا فلاں جگہ پر موجود ہے؟

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، منسٹر صاحب!

وزیر زکوٰۃ و عشر (حاجی احسان الدین قریشی): جناب سپیکر! یہ لاہور میں قائم کیا گیا ہے اور teaching کرنے والے سٹاف کو یہاں پر تربیت دی جاتی ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ان کا سوال یہ ہے کہ یہ ادارہ لاہور میں کہاں پر قائم ہے؟

وزیر زکوٰۃ و عشر (حاجی احسان الدین قریشی): جناب سپیکر! یہ شمالی لاہور میں قائم کیا گیا ہے۔

جناب جوئیل عامر سہوترا: پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: میرا خیال ہے کہ جتنی دیر میں وہ ڈاکٹر صاحبہ کے سوال کا جواب دیکھ رہے ہیں تو آپ کر لیں۔

جناب جوئیل عامر سہوترا: شکریہ۔ جناب سپیکر! میرا ضمنی سوال یہ ہے کہ جز (الف) میں انہوں نے کہا ہے کہ پنجاب ووکیشنل ٹریننگ کونسل 1998 میں قائم ہوئی تھی اور اس کے مقاصد بھی انہوں نے بیان کئے ہیں تو میں آپ کی وساطت سے گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ پنجاب بھر میں ووکیشنل انسٹیٹیوٹس کے ادارے قائم ہیں وہ سب زکوٰۃ پر based ہیں اور اس صوبہ سے minority سے تعلق رکھنے والے فنی تعلیم حاصل کرنے کے خواہش مندوں کو ان اداروں میں داخلہ نہیں دیا جاتا۔ میری آپ کی وساطت سے منسٹر صاحب سے یہ سوال ہے کہ آیا کونسل کے آئین میں ایسی بات لکھی گئی ہے کہ اقلیت سے تعلق رکھنے والے طالب علموں کو ان اداروں میں داخلہ نہیں دیا جائے گا اور اگر کوئی ایسی بات نہ ہے تو اس سلسلے میں محکمہ، ادارہ یا کونسل کی کیا پالیسی ہے؟

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، منسٹر صاحب!

وزیر زکوٰۃ و عشر (حاجی احسان الدین قریشی): جناب سپیکر! زکوٰۃ مسلمانوں کے لئے ہے اور غیر مسلموں کو اس لئے یہاں پر داخلہ نہیں دیا جاتا کہ وہ مسلمان نہیں ہیں اور یہ ادارے زکوٰۃ فنڈ سے چلتے ہیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: پہلے سوال کا بھی جواب دے دیں۔

وزیر زکوٰۃ و عشر (حاجی احسان الدین قریشی): وہ ادارہ گلبرگ لاہور میں قائم کیا گیا ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: وہ ادارہ گلبرگ لاہور میں ہے۔

ڈاکٹر سامیہ امجد: اس ادارے کی proper جگہ بھی بتائیں؟

جناب ڈپٹی سپیکر: آپ متعلقہ بات کریں اور آپ basic کے اوپر ہی رہیں وہ گلبرگ لاہور میں ہے۔ آپ چاہتے کیا ہیں؟

ڈاکٹر سامیہ امجد: جناب سپیکر! عرض یہ ہے کہ ایک ایک لفظ کا جواب اتنی مشکل سے آ رہا ہے، یہ سوال باری لے کر یہاں آتا ہے، آپ براہ مہربانی اس سوال کو pending کریں اور آٹھ ماہ کے بعد اگر وزیر صاحب کی یہی کچھ تیاری ہے تو یہ وہاں جا کر وزٹ ہی کر لیں۔ یہ سوال pending کر لیں اور وزیر صاحب کو suspend کر دیں۔ یہ کوئی طریقہ ہے کہ آٹھ ماہ ہو گئے ہیں ہر سوال کو pending کروانا پڑتا ہے۔ آپ وزیروں کی ان فوج کو pending اور suspend کے فارمولے پر kindly ایک ruling دیں۔ جتنے دن ہو گئے ہیں اسی قسم کے جوابات آ رہے ہیں جب ایک وزیر کو یہی پتا نہیں کہ وہاں کون لوگ train ہو رہے ہیں، ان کو یہ نہیں پتا کہ وہ جگہ کہاں موجود ہے؟ یہ کہہ رہے ہیں کہ پورے پنجاب میں VTIs بن گئی ہیں۔ میں ایک لسٹ دے سکتی ہوں جہاں پر وہ VTIs بنی تھیں اور نہیں بنیں۔ اس قسم کی یہ تیاری کر کے آئے ہیں لہذا آپ اس سوال کو pending کریں اور وزیر صاحب سے کہیں کہ وہ تیاری کریں یا پھر اس وزیر کو suspend کر کے کسی اور کو وزیر بنا دیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: دیکھیں! بات بڑی سیدھی سی ہے کہ جو سوال پوچھا گیا تھا اس کا جواب موجود ہے۔ آپ نے ضمنی سوال میں اس کی location پوچھی تھی اور جو کچھ بھی پوچھا تھا وہ سارا کچھ آ چکا ہے۔ آپ اس کو رولز کے مطابق دیکھیں اگر اس کے اندر آپ کو کچھ نظر آتا ہے کہ کہیں اس میں کمی رہ گئی ہے تو آپ دوبارہ mention کریں اور نیا سوال لے آئیں۔

ڈاکٹر سامیہ امجد: جناب سپیکر! میری گارنٹی ہے۔ کل بھی کھوسہ صاحب نے ایک بڑی interesting بات کی تھی۔ انہوں نے کہا کہ میں میاں محمد شہباز شریف کے پاس بیٹھا تھا اور انہوں

نے پالیسی بیان کرکے اپنے ایک وزیر کی مدد فرمائی تھی۔ جب میاں محمد شہباز شریف کھوسہ صاحب کو بٹھا کر وہ پالیسی مرتب کرتے ہیں، بڑی اچھی بات ہے وہ وزیروں کو بھی ساتھ بٹھا لیا کریں۔ ان وزیروں میں سے ایک کو نہیں پتا چلتا کہ پالیسی کیا ہے؟

جناب ڈپٹی سپیکر: This is very wrong دیکھیں بات یہ ہے۔۔۔

ڈاکٹر سامیہ امجد: جناب سپیکر! میں یہ کہہ رہی ہوں کہ۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: آپ میری بات سنیں، جب سپیکر بول رہا ہوتا ہے تو کم از کم اتنا latitude دیا کریں کہ وہ بات کرلے۔ بات صرف اتنی سی ہے کہ policy matters جو ہیں اگر آپ کو یہاں کوئی چیز ایسی لگے جس میں آپ کو پورا جواب نہیں مل رہا ہے پھر تو آپ اس کو take up کریں۔ اب پہلے سوال پر ہی جو آپ نے بات کی ہے I agree with you کہ ان کو یہ پتا ہونا چاہئے کہ وہ institute کہاں پر ہے اور وہ اس کے بارے میں آپ کو information دے بھی رہے ہیں۔ اگر اس information میں آپ کو کوئی کمی لگتی ہے تو پھر Then you point out اس ہاؤس کو ہم طریقے سے چلائیں اور ہاؤس کو ہم آگے لے کر چلیں۔

ڈاکٹر سامیہ امجد: جناب سپیکر! میرا یہاں پر criticism کرنے کا کوئی ارادہ نہیں ہے۔ میں یہاں اس ہاؤس میں سارا دن شروع سے لے کر شام تک بیٹھتی ہوں۔ مجھے بڑی خوشی ہوئی کہ شہباز شریف صاحب اپنے senior ministers کو اپنے قریب کرکے یہ ساری policies کو بہتر کرنے کی کوشش کر رہے ہیں لیکن یہ جو باقی وزراء ہیں ان کو بھی اگر on board کریں تو ان کے پاس بھی بہتر اور updated جواب ہوں کل بھی ان کی مدد کرنے کی ضرورت پڑی تھی۔ یہ بہت اچھی بات ہے، پالیسی تو بن رہی ہے اور اس کے لئے سوچ بھی موجود ہے لیکن سارے ministers غالباً on board نہیں ہوتے یہی وجہ ہے کہ ان کے پاس اس وقت جواب نہیں ہوتا۔ میں جواب سے اس لئے satisfied نہیں ہوں کہ آپ دیکھیں کہ کل بھی وزراء کی طرف سے جس قسم کے جوابات آرہے تھے ان کی تیاری satisfactory نہ ہے۔ اتنا عرصہ ہوگیا ہے اب تو حکومت کافی settle down ہوگئی ہے۔ میری مودبانہ درخواست ہے کہ خدارا اتنا پیسا ایک session پر خرچ ہوتا ہے، اتنا کچھ ہوتا ہے۔ یہ سوالات بڑی دور سے گھوم کر آتے ہیں اور لوگ مجبوری کے تحت یہ سوال پوچھتے ہیں اگر وزراء صاحبان کو بہتر بریفنگ دی جائے، ان کو update کیا جائے اور on board رکھا جائے تاکہ وہ بہتر اور مناسب جواب دیں۔ ان کو تو عبور ہونا چاہئے لیکن اس چیز کی کمی موجود ہے اور میں مودبانہ

گزارش کر رہی ہوں، میرا قطعاً مقصد کسی کو criticize کرنے کا نہیں ہے لہذا میری تمام وزراء سے درخواست ہے کہ kindly اپنا home work بہتر کریں۔ شکریہ

جناب ڈپٹی سپیکر: بہت شکریہ۔ میرا خیال ہے کہ اب ہم اگلا سوال لیتے ہیں۔

جناب محمد اعجاز شفیع: جناب سپیکر! میرا ضمنی سوال ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: اعجاز شفیع صاحب! میرا خیال ہے کہ ضمنی سوال بہت ہو گئے ہیں اور ضمنی سوال آگے بھی آئیں گے۔ آپ کی مہربانی اب آگے چلنے دیں۔

انجینئر شہزاد الٰہی: پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، شہزاد الٰہی صاحب!

انجینئر شہزاد الٰہی: جناب سپیکر! وزیر صاحب نے کہا ہے کہ vocational institute میں کیونکہ زکوٰۃ و عشر سے اس کے سارے اخراجات برداشت کئے جاتے ہیں اس لئے minorities کا admission اس میں ممنوع قرار دے دیا گیا ہے تو کیا ہم یہ سمجھیں کہ جو minorities کے بچے پنجاب میں بستے ہیں ان کے لئے حکومت پنجاب نے vocational کے لئے ban لگایا ہوا ہے۔ دوسری بات یہ ہے کہ کیا وزیر صاحب آئندہ اس پالیسی کو improve کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں کہ وہ بیت المال سے فنڈز لے کر minorities کے لئے جو no go area بنایا ہوا ہے ان کے لئے اصلاحات کر سکیں؟ ہماری تجویز ہے کہ اس میں کچھ اصلاحات کر کے اس کو minorities کے لئے بھی مخصوص کیا جائے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: آپ اس میں صرف سوال ہی رکھیں۔ جی، وزیر موصوف!

جناب جوئیل عامر سہوترا: پوائنٹ آف آرڈر۔

میاں محمد رفیق: پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، آپ بھی فرمائیں پھر وزیر صاحب اکٹھا ہی جواب دے دیں گے۔ جی، میاں صاحب!

میاں محمد رفیق: جناب سپیکر! بہت شکریہ۔ اسد اللہ غالب نے شاید اسی موقع کے لئے یہ کہا تھا کہ ہائے اس زود پشیماں کا پشیماں ہونا پانچ سال کی حکمرانی کرنے کے بعد آج ان کو یہ یاد آیا کہ minister کو suspend کرنا چاہئے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: نہیں۔This is not relevant

میاں محمد رفیق: جناب سپیکر! وہ کہیں سپیکر کو suspend کرنے کا نہ کہہ دیں یا اسمبلی کو suspend کرنے کا نہ کہہ دیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: بہت شکریہ۔ جی، سہوترا صاحب!

جناب جوئیل عامر سہوترا: جناب سپیکر! میں اقلیت سے تعلق رکھنے والے students کے لئے یہ گزارش کرنا چاہ رہا تھا جیسا کہ محترم رکن نے یہاں پر بیان فرمایا میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ہمارے پاس جبکہ فنڈز موجود ہیں اور وزیراعلیٰ پنجاب کے حکم پر جب اس مرتبہ بجٹ میں 20 کروڑ روپے کی خطیر رقم اقلیتوں کی فلاح و بہبود کے لئے رکھی گئی ہے تو اس رقم میں سے اگر چار یا پانچ کروڑ روپیہ ان vocational institutes میں اقلیتی students کے لئے رکھ دیا جائے تو یہ مسئلہ ہمیشہ کے لئے حل ہو سکتا ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: بہت شکریہ۔ جی، وزیر موصوف!

وزیر زکوٰۃ و عشر (حاجی احسان الدین قریشی): جناب سپیکر! بیت المال سے اقلیتی students کی مدد کی جا سکتی ہے اور ہم اس کے لئے کوشش کریں گے اور اسی طرح سے ہو گا جس طرح یہ فرما رہے ہیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: میں صرف اتنی بات کروں گا کہ ہم یہ سمجھتے ہیں کہ discrimination نہیں ہونی چاہئے اور سب کے لئے equal rights ہونے چاہئیں اور vocational training institutes میں اگر زکوٰۃ کے پیسوں سے نہیں تو جس طرح وزیر موصوف نے فرمایا کہ بیت المال کے پیسوں سے اقلیتی students کی فلاح و بہبود ہو سکتی ہے تو ان کو بھی پوری طرح سے accommodate کیا جانا چاہئے۔ (نعرہ ہائے تحسین)

اگلا سوال محترمہ آمنہ جہانگیر کا ہے، وہ تشریف نہیں رکھتیں۔

محترمہ آمنہ الفت: جناب سپیکر! میں ان کے behalf پر ہوں۔ (معزز رکن نے محترمہ آمنہ جہانگیر کے ایماء پر طبع شدہ سوال نمبر 544 دریافت کیا)

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، فرمائیں!

محترمہ آمنہ الفت: جناب سپیکر! میرا سوال نمبر 544 ہے اور جواب پڑھا ہوا تصور کیا جائے۔

## وفاقی حکومت سے 2003 سے اب تک صوبہ کو ملنے والا
## زکوٰۃ فنڈز و دیگر تفصیلات

*544 محترمہ آمنہ جہانگیر: کیا وزیر زکوٰۃ و عشر از راہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:

(الف) سال 2003 سے آج تک وفاقی حکومت سے صوبہ کو کتنا زکوٰۃ فنڈ سالانہ موصول ہوا؟

(ب) یہ رقم ان سالوں کے دوران کن کن اضلاع کو برائے تقسیم غرباء دی گئی، تفصیل ضلع وار فراہم کی جائے؟

(ج) وفاقی حکومت سے موصول شدہ زکوٰۃ فنڈ سے کتنی رقم غرباء میں تقسیم کی گئی اور کتنی رقم دفتری اخراجات، گاڑیوں کے پٹرول اور سرکاری ملازمین کی تنخواہوں وغیرہ پر خرچ ہوئی؟

(د) ان سالوں کے دوران کتنی رقم کی خُورد بُرد کا انکشاف ہوا؟

(ہ) اس خورد برد کے سلسلے میں کتنے سرکاری ملازمین کے خلاف محکمانہ / قانونی کارروائی کی گئی؟

وزیر زکوٰۃ و عشر (حاجی احسان الدین قریشی):

(الف) سال 2003 سے 2008 تک وفاقی حکومت کی جانب سے صوبہ کو 17726.368 ملین روپے زکوٰۃ فنڈ دیا گیا جس کی تفصیل درج ذیل ہے:-

| سال | رقم ملین روپوں میں |
|---|---|
| 2003-04 | 4340.999 |
| 2004-05 | 4349.769 |
| 2005-06 | 2933.910 |
| 2006-07 | 3028.819 |
| 2007-08 | 3072.872 |
| ٹوٹل | 17726.368 |

(ب) یہ رقم صوبہ کے تمام اضلاع کو تقسیم کی گئی جس کی ضلع وار تفصیل تتمہ (الف) ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ج) وفاقی حکومت سے موصول شدہ زکوٰۃ فنڈ سے غرباء میں تقسیم کی گئی رقم، دفتری اخراجات، گاڑیوں کے پٹرول اور سرکاری ملازمین کی تنخواہوں پر اٹھنے والے اخراجات کی تفصیل

تتمہ (ب)ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔یہاں اس امر کی وضاحت ضروری ہے کہ زکوٰۃ فنڈ سے صرف عاملین زکوٰۃ کو تنخواہوں کی ادائیگی کی جاتی ہے جبکہ سرکاری ملازمین کی تنخواہوں کی ادائیگی صوبائی حکومت سرکاری بجٹ سے کرتی ہے۔

(د) سال2003 سے 2008 مبلغ 7456942روپے کی رقم خُورد برد کی گئی، جس کی تفصیل درج ذیل ہے:۔

| سال | خُورد برد شدہ رقم |
|---|---|
| 2003-04 | 4467790روپے |
| 2004-05 | 660164روپے |
| 2005-06 | 1302938روپے |
| 2006-07 | 263750روپے |
| 2007-08 | 762300روپے |
| ٹوٹل | 7456942روپے |

(ہ) اس خُورد برد میں مجموعی طور پر122 افراد ملوث پائے گئے جن میں فیلڈ کلرک،آڈیٹر، چیئرمین مقامی زکوٰۃ کمیٹی ہائے اور سکول ہیڈماسٹرز شامل ہیں ان کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی گئی۔ تفصیل تتمہ (پ)ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: کوئی ضمنی سوال؟

محترمہ آمنہ الفت: جناب سپیکر! میرا ضمنی سوال یہ ہے کہ سوال کے جز(د) میں پوچھا گیا ہے کہ ان سالوں کے دوران کتنی رقم کی خُورد برد کا انکشاف ہوا؟ اس سوال کا جواب جو ادارے کی طرف سے آیا ہے اس میں انہوں نے ایک تفصیل لکھی ہے کہ 2003اور 2004 میں44,67,790روپے کی خُورد برد ہوئی، سال 2004اور 2005 میں 6,60,164روپے کی خُورد برد ہوئی اور اسی طریقے سے آپ آگے آجائیں 2006اور 2007 میں 2,63,750 روپے اور 2007اور 2008 میں 7,62,300 روپے کی خُورد برد ہوئی۔ میرا وزیر موصوف سے سوال ہے کہ 2003اور 2004 میں خُورد برد کا تناسب بہت زیادہ ہے جو 2006 میں کم ہو کر اڑھائی لاکھ روپے تک رہ گیا اس کی وجہ بیان کریں کہ ایسا کیوں ہوا؟ دوسرا اس سے related اگلا سوال جو وسیم قادر صاحب نے کیا ہے اس کے جز(ج) میں اگر جائیں۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: محترمہ! Let the question come

محترمہ آمنہ الفت: جناب سپیکر! وہ اسی سے relevant ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: لیکن rules کو بھی دیکھیں۔ پہلے اس سوال پر بات کر لیں، دوسرے سوال پر بعد میں ضمنی سوال کر لیں۔

محترمہ آمنہ الفت: ٹھیک ہے مجھے یہ بتادیں کہ یہ تناسب اتنا کم کیسے ہو گیا اور kindly یہ بھی بتادیں کہ 2003 سے لے کر 2005 تک لوکل زکوٰۃ کے جو چیئر مین تھے اور جو کمیٹیاں تھیں وہ کس دور کی بنائی ہوئی چلی آ رہی ہیں؟

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، وزیر موصوف!

وزیر زکوٰۃ و عشر (حاجی احسان الدین قریشی): جناب سپیکر! چونکہ یہ معاملہ سابق حکومت سے متعلقہ ہے اور یہ رقم اس دور میں خُورد برد ہوئی تھی، ابھی آپ مزید دیکھیں گے کہ بے شمار خُورد برد کے واقعات ہیں۔ جب یہ رقم خُورد برد ہوئی تو ان کو کھلا ہاتھ دیا گیا تھا پھر اگر اپوزیشن کی طرف سے سختی ہوئی تو ان پر سختی کی گئی پھر شاید یہ خُورد برد کم ہو گئی اور دوبارہ پھر ان کو کھلا ہاتھ دیا گیا چونکہ یہ سارے معاملات سیاسی بنیادوں پر کئے گئے تھے اس لئے ان لوگوں کو سیاسی طور پر accommodate کیا گیا اور ان کو چیئر مین بنایا گیا تو ظاہر ہے کہ خُورد برد تو ہونا تھی۔ اب ہم اس خُورد برد کی تحقیقات کر رہے ہیں اور جس کا رزلٹ انشاء اللہ منظر عام پر آ جائے گا۔

جناب محمد یار ہراج: جناب سپیکر!۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، ہراج صاحب! (قطع کلامی)

**MR DEPUTY SPEAKER:** No cross talking.

جناب محمد یار ہراج: جناب سپیکر! میں نے ان سے جو سوال پوچھا ہے وہ یہ تھا کہ 04-2003 میں 44 لاکھ کی رقم ہے اور 2005-2006,2007 میں 2.6 لاکھ کی رقم ہے۔ یہ اتنا جو فرق ہے، سوال یہ پوچھا گیا تھا کہ یہ فرق کیوں ہے؟ اگر یہ ایک سال سے منسٹری کر رہے ہیں تو یہ جو بے ضابطگیاں ہوئی ہیں، ہم نے یہ پوچھا تھا، سوال یہ کیا گیا تھا کہ یہ difference کیوں ہے؟ انہوں نے جواب یہ دیا ہے کہ پچھلے دورانیہ میں حکومت میں بڑی بے ضابطگیاں ہوئی ہیں۔ یہ جواب نہیں ہے۔ ان کو چاہئے کہ اس سوال کا جواب دیں جو ان سے پوچھا گیا ہے، اگر ان کی تیاری نہیں ہے تو اس question کو

pendingکر لیں اور یہ بعد میں take upکر لیا جائے۔ دیکھیں! کل بھی سارا دن یہی ہوتا رہا ہے اور آج بھی یہی لگ رہا ہے۔ منسٹر صاحبان کی کوئی تیاری نہیں ہوتی۔ وہ بات گول مول کر کے بول کر بیٹھ جاتے ہیں، ان کو آپ directکریں کہ جو سوال پوچھا جائے اس کو سنیں اور اس کے مطابق جواب دیا جائے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ہراج صاحب! ایک چھوٹی سی بات ہے کہ اب منسٹر صاحب یہ کس طرح سے بتا سکتے ہیں کہ جو وہاں پر کرپشن کر رہا ہے اس نے کس عہد میں زیادہ کی اور کس میں کم کی؟ اگر آپ جواب پڑھیں تو اس میں تو وہ بڑا clearکہہ رہے ہیں جس میں وہ یہ کہتے ہیں کہ اس خُورد برد میں مجموعی طور پر جتنے لوگ ملوث پائے گئے ہیں ان کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جا رہی ہے۔ اب جو کرپشن ہو گئی وہ تو ہو گئی اس وقت He was not the minister.اب جو ریکارڈ سامنے آیا ہے۔ اب ان کا یہ کام بنتا ہے کہ وہ اس کرپشن کی تحقیق کریں اور صحیح نیت کے ساتھ کریں کیونکہ یہ زکوٰۃ کا پیسا ہے اس کے اوپر تو بالکل معافی نہیں ہونی چاہئے اور اس کے اوپر پوری تحقیق کر کے اس کی تفتیش کریں اور جو لوگ ملوث ہیں ان لوگوں کو قرار واقعی سزا ملنی چاہئے۔ میرا خیال ہے کہ اس میں جو کرپشن ہوئی ہے اس کے جو اسباب ہیں ان کو جاننے کے لئے تو یہاں پر بہت بڑی بحث شروع ہو جائے گی، ہمیں صرف اس بات پر آنا چاہئے کہ اب ہم اس کرپشن کو پکڑیں۔

جناب محمد یار ہراج: جناب سپیکر! مجھے policy matterپر خلاصہ چاہئے۔ ہمیں اس وقت یہ پتا چلنا چاہئے کہ تین سال پہلے محکمے کی یہ policiesہوتی تھیں، یہ functioningہوتی تھیں اس لئے یہ resultsآئے ہیں اور دو سال پہلے یہ ہوتا تھا اور اس سال یہ ہے۔ ہمیں ایک واضح حساب سے دو لائن کی سمری بتا دیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: نہیں، ہراج صاحب! یہ اس طرح نہیں ہوتا۔ اگر آپ ایک منٹ سوال کو ملاحظہ کریں تو اس میں بڑا واضح ہے۔ اس میں انہوں نے بس یہ detailپوچھی ہے کہ کرپشن کتنی ہوئی ہے؟ اب جو پالیسی ہے اور جو پالیسی رہی ہے اس کے اوپر آپ نیا سوال putکر دیں یا کچھ بھی لے کر آ جائیں کیونکہ میں خود یہ سمجھتا ہوں کہ جو کرپشن ہوئی ہے اس کو پکڑا جانا چاہئے اور قرار واقعی سزا ملنی چاہئے۔

جناب محمد یار ہراج: جناب سپیکر !ان سے جو سوال پوچھا گیا تھا وہ supplementary سوال تھا۔ آپ نے اس سوال کے جواب کی بات تو کر دی ہے جو supplementary سوال پوچھا گیا تھا آپ اس کی ruling دیتے کہ وہ supplementary نہیں بنتا وہ نیا سوال بنتا ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: آپ تو پھر اگلی پالیسی کی بات کر رہے ہیں۔

جناب محمد یار ہراج: جناب سپیکر! میں نے ان سے یہ پوچھا ہے کہ جو محترمہ نے بھی پوچھا ہے اور میں نے clarify کروانے کی کوشش کی ہے کہ 04-2003 میں جو رقم تھی اور 07-2006 میں جو رقم ہے ان میں 20 گنا کا فرق ہے تو وہ محکمے میں کیا change آئی ہے کہ تین سال میں 20 گنا کا فرق پڑا ہے تو انہوں نے اس کا جواب یہ دیا ہے کہ وہ "ہوا ہے" یہ اس سوال کا جواب نہیں ہے۔ یہ جواب گول مول ہے ۔ میں آپ سے یہ گزارش کر رہا ہوں کہ یا آپ یہ ruling دیں کہ ان کا یہ supplementary سوال نہیں بنتا یا آپ ان سے کہیں کہ اس سوال کا جواب دیں اگر یہ اس سوال کا جواب نہیں دے سکتے تو اس کو pending کر لیں۔

چودھری علی اصغر منڈا (ایڈووکیٹ): پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، منڈا صاحب!

چودھری علی اصغر منڈا (ایڈووکیٹ): جناب سپیکر! شکریہ

جناب ڈپٹی سپیکر: آپ ضمنی سوال کر لیں۔

جناب محمد اعجاز شفیع: جناب سپیکر! یا تو آپ اس کو pending کریں یا کہیں کہ وہ relevant نہیں ہے یا اس پر آپ ruling دیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: اعجاز صاحب! مہربانی کر کے میری ذرا عرض سن لیں۔ میں کل بھی یہ دیکھتا رہا ہوں، Chair جو ہوتی ہے وہ اللہ کے فضل سے Custodian of the House ہوتی ہے اور ہم نے تمام ہاؤس کو لے کر چلنا ہوتا ہے اور rules کو سامنے رکھ کر چلنا ہوتا ہے جو بات انہوں نے کی ہے میں بالکل اس کا جواب بھی دوں گا اور آپ کو اس کے اوپر satisfy بھی کروں گا Let the gentleman talk.

محترمہ آمنہ الفت: جناب سپیکر! میرا اگلا سوال ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ٹھیک ہے، آپ کی باری آتی ہے، میں نے floorان کو دیا ہوا ہے، ان کی بات کے بعد میں آپ کو floorدیتا ہوں۔

چوہدری علی اصغر منڈا(ایڈووکیٹ): جناب سپیکر! شکریہ۔ میں پوائنٹ آف آرڈر پر یہی گزارش کرنا چاہوں گا کہ اپوزیشن کی طرف سے جو میرے معزز ساتھی ہیں کیا وہ یہی dictation لے کر آتے ہیں، کیا وہ یہی briefingلے کر آتے ہیں، کیا یہ معزز ہاؤس کا قیمتی وقت ضائع کرنے کے لئے آتے ہیں؟ یہ repetitionہے۔ یہ تو وہی بات ہوئی کہ "چور مچائے شور" انہوں نے 8 سال میں اس قوم کا۔۔۔(قطع کلامیاں)

جناب ڈپٹی سپیکر: بیٹھ جائیں پلیز، منڈا صاحب! دیکھیں، یہ question hourہے اس میں صرف سوالات سے relevantبات ہو سکتی ہے۔

چوہدری علی اصغر منڈا(ایڈووکیٹ): انہوں نے کرپشن کی ہے، لوٹ مار کی ہے، ان کو منع کیا جائے کہ یہ repetitionنہ کریں۔(شوروغل)

جناب ڈپٹی سپیکر: پلیز! میں نے آپ کی بات سن لی ہے آپ تشریف رکھیں۔ بہت شکریہ

ڈاکٹر سامیہ امجد: پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: دیکھیں! اگر questionسے متعلق کوئی بات ہے تو وہ آپ کر لیں۔ معزز رکن کو بھی میں نے اسی بات پر بٹھا دیا ہے کہ that was not relevant

محترمہ آمنہ الفت: جناب سپیکر! میں نے اپنے اگلے سوال کو ساتھ ہی جوڑ کر یہ کہا تھا کہ 2003-05 تک لوکل زکوٰۃ کمیٹیاں کن کی بنائی ہوئی تھیں؟ یہ میرا وزیر صاحب سے سوال ہے، مجھے اس کا جواب چاہئے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: یہ نیا سوال ہے۔ اس وقت یہ فوری طور پر کہاں پر بتا سکتے ہیں؟ چلیں! اگلا سوال آنے دیں اس میں دیکھ لیتے ہیں۔

ڈاکٹر سامیہ امجد: جناب سپیکر! یہ جواب دیں کہ وہ کمیٹیاں کس نے بنائی ہوئی تھیں؟

جناب ڈپٹی سپیکر: آپ میں سے ایک ساتھی بات کر لے۔

**محترمہ آمنہ الفت:** جناب سپیکر! یہ جو کرپشن ہمارے کھاتے میں ڈال رہے ہیں یہ بتائیں کہ یہ کمیٹیاں کن کی بنائی ہوئی تھیں تاکہ clear ہو جائے کہ کرپشن کس عہد میں ہوئی ہے اور کن لوگوں نے کی ہے اور وہ کمیٹیاں کس دور میں بنی تھیں اور 2006 کے بعد جو لوگ آئے وہ ہماری حکومت نے بنائے ہیں،ان کے ہوتے ہوئے اڑھائی لاکھ تک کرپشن کی ratio میں کمی ہوئی۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** بہت مہربانی،آپ کا سوال آ گیا ہے۔ضمنی سوال مختصر ہوتا ہے۔آپ نے بات کر لی کہ کمیٹیاں کس دور میں بنائی گئی تھیں؟یہی آپ کا سوال ہے ناں!

**جناب محمد یار ہراج:** جناب سپیکر! میرا ایک سوال ہے۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** ایک سوال پر کتنے ضمنی سوال ہوں گے؟

**جناب محمد یار ہراج:** جناب سپیکر!ضمنی سوال نہیں ہے۔میں نے جو بات کہی تھی میں صرف اس کی clarification کرنا چاہتا ہوں۔جو میں نے ان سے پوچھا تھا وہ یہ تھا،بہت simple سی بات تھی کہ 2003-04 میں 44 لاکھ اور 2006-07 میں اس سے 20 گنا کم۔منسٹر صاحب کو یہ معلوم ہونا چاہئے کہ جو committee formation کا cycle ہے اس سے یہ change آئی ہے۔اتنا آسان سا جواب تھا اور یہ بیٹھے ہوئے ہیں،ان کو اتنی basic چیز کا بھی نہیں پتا۔جس چیز کے یہ منسٹر ہیں وہ زکوٰۃ کیسے disburse ہوتی ہے۔اس کی کمیٹیاں بننے کا cycle کیا ہے؟ان cycles کے مطابق یہ disbursement کی values change ہوئی ہیں،اتنا آسان سا جواب تھا۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** ہراج صاحب!آپ کی بات ہو گئی اب آپ دیکھیں!آپ نے ایک بات point out کر دی ہے question hour کے اندر یہی ہوتا ہے۔میری تمام معزز ممبران سے گزارش ہے کہ یہ question hour ہے اس کے اندر ضمنی سوالات ہوتے ہیں جن کا منسٹر صاحب نے جواب دینا ہوتا ہے۔یہ مختصر سا ہو جیسا کہ rules میں ہے اس کے مطابق کریں۔otherwise تو جو ایک precedent بنا ہوا ہے کہ دو سے زیادہ ضمنی سوالات نہیں ہو سکتے لیکن ممبران کا interest دیکھتے ہوئے ہم ٹائم دے دیتے ہیں۔میری سب سے یہ گزارش ہے کہ اس میں to the point بات ہونی چاہئے۔ساجدہ میر صاحبہ!بہت دیر سے ٹائم مانگ رہی تھیں ان کے بعد میں آپ کو ٹائم دیتا ہوں۔

محترمہ ساجدہ میر: جناب سپیکر! زکوٰۃ کمیٹیاں بنانے کا ایک طریق کار ہوتا ہے اس سے پہلے 1993 میں کل 1036 زکوٰۃ کمیٹیاں تھیں جس میں، میں نے بھی کام کیا ہے، اس میں زکوٰۃ کمیٹیوں کے چیئرمین کا جب چناؤ ہوتا ہے کم از کم پتا ہونا چاہئے کہ حکومت کن کی تھی، کن لوگوں نے کیا اور اس کا طریق کار کیا ہوتا ہے۔ باقاعدہ مسجد میں اعلان کیا جاتا ہے یا علاقہ کے معززین آپس میں بیٹھ کر طے کرتے ہیں کہ فلاں علاقہ کی جو کمیٹی ہے اس کا نمبر یہ ہے، اس کو ایک نمبر دے دیا جاتا ہے، اس کا چیئرمین یہ ہے تو میں سمجھتی ہوں کہ اس اعداد و شمار میں پڑنے سے بہتر ہے کہ وہ سال کن کی حکومت کے تھے اور اس بات کو اتنا الجھایا گیا ہے کہ کرپشن کس نے کی؟ میں نہیں کہتی کہ وہ جانے والوں نے کی یا آنے والوں نے کی۔ اب جو زکوٰۃ فنڈز cease ہوئے ہیں اس کی بحالی کی بات کریں اور اس سے اگلا جو میرا سوال ہے کہ یہ زکوٰۃ کا جو طریق کار ہے یہ ایک سیاسی رشوت کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔ اس کو بدلنا چاہئے اور اس کو بدلنے کے لئے آپ باقاعدہ ایک زکوٰۃ اور عشر کے لئے ایک کمیٹی بنائیں کیونکہ جو فنڈ ہوتا ہے اس میں دینی مدارس کا بھی پیسا ہوتا ہے، سکولوں کا بھی ہوتا ہے، اس میں غریب خواتین کا پیسا بھی ہوتا ہے، اس کو آپ lump sum دے دیں تا کہ ایک عورت جو ہے چھوٹا سا کاروبار کرے وہ جو زکوٰۃ لینے والا ہر مہینے 500 روپیہ لیتا ہے اس کو آپ 25000 روپیہ اگر اکٹھا دے دیں تو میں سمجھتی ہوں کہ اس طرح کرپشن میں کافی کمی آ سکتی ہے اور لوگ کرپشن کرنے سے گریز کریں گے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، بہت شکریہ

جناب محمد اعجاز شفیع: جناب سپیکر! اسی سوال کے جز (الف) کے اندر صرف supplementary question آپ کی وساطت سے منسٹر صاحب سے پوچھنا چاہوں گا کہ وہ یہ بیان فرما دیں کہ سال 2008-09 میں وفاقی حکومت سے پنجاب گورنمنٹ کو کتنے فنڈ ملے ہیں؟

جناب ڈپٹی سپیکر: یہ تو آپ بھی سمجھتے ہیں کہ یہ اس کا حصہ ہی نہیں ہے۔ اس پر آپ new question put کریں اس طرح ان کے پاس یہ detail کہاں ہو گی؟

جناب محمد اعجاز شفیع: جناب سپیکر! نہیں، نہیں۔ میں current year کی بات کر رہا ہوں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ہاں! current year پر یہ آپ کا ضمنی سوال بنتا ہی نہیں ہے۔

جناب محمد اعجاز شفیع: جناب سپیکر! میں صرف current year کی بات کر رہا ہوں، اگر current information نہیں ہیں تو اس پر آپ ہمیں bulldoze نہ کریں ۔ میں صرف current information لے رہا ہوں اور میں کوئی چار سال یا دس سال کی پرانی information نہیں لے رہا بلکہ میں پوچھ رہا ہوں کہ 09-2008 میں کتنے فنڈ پنجاب گورنمنٹ کو دیئے گئے ہیں؟

جناب ڈپٹی سپیکر: اعجاز صاحب! آپ ماشاء اللہ بڑے سمجھدار ہیں۔ ایک سوال کا index ہی نہیں بنتا تو وہ اس کا جواب کس طرح دے سکتے ہیں؟

جناب محمد اعجاز شفیع: جناب سپیکر! 09-2008 کے فنڈز بتا دیں؟

وزیر مذہبی امور وزکوٰۃ (حاجی احسان الدین قریشی): جناب سپیکر ابھی تک وفاق سے کوئی فنڈ نہیں آیا اور زکوٰۃ کمیٹی ابھی ورکنگ میں نہیں ہے تو اس کے متعلق ابھی کوئی بات نہیں ہو سکتی۔

جناب محمد اعجاز شفیع: جناب سپیکر! یہ کیسی بے اصولی بات ہے کہ اب منسٹر صاحب نے on the floor of the House یہ کہا ہے کہ 2008 اور 2009 میں پنجاب گورنمنٹ کو وفاقی حکومت سے کوئی فنڈ نہیں ملا۔ ان حکومتوں کو بنے ہوئے ایک سال ہو گیا ہے۔ یہ وہ حکومتیں ہیں جنہوں نے اس الیکشن کے اندر غریب کی روٹی، کپڑے اور مکان کا نعرہ لگا کر عوام سے ووٹ لئے تھے۔ یہ وہ حکومتیں ہیں جنہوں نے یہ کہا تھا کہ ہم آ کر غریب کی قسمت کو سدھاریں گے۔ مجھے انتہائی افسوس اور دکھ کے ساتھ یہاں پر یہ بات کرنا پڑ رہی ہے کہ آج جو غریب کی بنیادی ضرورت ہے اس ضرورت پر کوئی توجہ نہیں ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: تقریر نہیں سوال۔

جناب محمد اعجاز شفیع: جناب سپیکر! وہی بات ہے اور مجھے اس کی reasons بتائیں کہ فنڈ کیوں نہیں آئے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، کائرہ صاحب!

وزیر خزانہ (جناب تنویر اشرف کائرہ): جناب سپیکر! معزز ممبر نے کہا کہ غریب کے لئے اس گورنمنٹ نے کیا کیا ہے۔ اس گورنمنٹ میں ہم زکوٰۃ کے علاوہ دوسری مد میں جو خرچ کر رہے ہیں وہ پنجاب اور ہمارے ملک کی تاریخ میں اتنا بڑا فنڈ کبھی بھی نہیں دیا گیا، اتنی بڑی subsidy کبھی نہیں دی

گئی اور جو ایک ہزار روپیہ ایک مہینہ میں ہم اٹھارہ لاکھ خاندانوں کو دے رہے ہیں وہ غریبوں کو جا رہا ہے اور بہت ہی transparent ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: میری معزز ممبران سے گزارش ہے کہ جب ایک ممبر بات کر رہا ہو تو ان کی بات پوری ہو لینے دیا کریں۔ میں floor سب کو دوں گا اور سب کی بات بھی سنوں گا۔ ہم اس ہاؤس کے اندر کچھ اچھی روایات کو جنم دیں۔ ایک فاضل ممبر بات کر رہے ہیں تو مہربانی کر کے اس کی بات مکمل ہونے دیں۔ جی، کائرہ صاحب!

وزیر خزانہ (جناب تنویر اشرف کائرہ): جناب سپیکر! میں نے جو گزارش کی کہ وہ سارا فنڈ غریبوں کے لئے استعمال ہوتا ہے اور ہمارے بھائی نے بات کی کہ غریبوں کے لئے یہ فنڈ اتنا late کیوں ہو گیا؟ اس کے علاوہ جتنی بھی ہماری پالیسیاں آ رہی ہیں۔ ''سستی روٹی'' کا اجراء ہے اور ''سستے ٹریکٹر'' کے لئے بھی ہم subsidy دے رہے ہیں، اتنی بڑی subsidy تاریخ میں کبھی بھی ہمارے ملک میں نہیں دی گئی اور وہ سب غریبوں کے لئے ہے یہ اس لئے کہ یہ عوامی حکومت ہے اور غریبوں کے لئے جمہوری حکومت ہے۔

سینئر وزیر / وزیر آبپاشی و قوت برقی (راجہ ریاض احمد): جناب سپیکر!۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی! راجہ صاحب!

سینئر وزیر / وزیر آبپاشی و قوت برقی (راجہ ریاض احمد): جناب سپیکر! وزیر خزانہ صاحب کی بات کو میں آگے بڑھاؤں گا کہ پنجاب میں جس طرح انہوں نے وضاحت کر دی ہے کہ اٹھارہ لاکھ خاندانوں کو ہم ایک ہزار روپیہ ماہانہ دے رہے ہیں اور اسی طرح یہ بات کرنا بڑا آسان ہے۔ وفاقی حکومت 34۔ارب روپے کا ''بے نظیر بھٹو سپورٹ پروگرام'' کی شکل میں پاکستان کے غریبوں میں تقسیم کر رہی ہے۔ یہ تو لاکھوں میں کرتے تھے ہم تو اربوں کے یہ پروگرام وفاقی اور صوبائی حکومت سے چلا رہے ہیں اور جہاں تک غریبوں کی بات ہے تو پاکستان پیپلز پارٹی اور پاکستان مسلم لیگ (ن) غریبوں کی support سے ہی اس ہاؤس میں آئے ہیں اور ان کے لئے کام کر رہے ہیں۔ یہاں پر لوٹ مار نہیں ہو رہی، ہم صرف اور صرف پاکستان کے غریب عوام کی بہتری کے لئے کام کر رہے ہیں۔ (نعرہ ہائے تحسین)

جناب محمد اعجاز شفیع: جناب سپیکر!۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: اعجاز صاحب! میں نے بڑی دیر سے غلام عباس راں صاحب کو کہا ہوا ہے۔ وہ بات کر لیں تو آپ کر لیجئے گا۔

جناب غلام عباس راں: شکریہ۔ جناب سپیکر! میری گزارش یہ ہے کہ جو سوال ہوا ہے کہ خورد برد کتنی ہوئی ہے تو07۔2004کا جو پیریڈ ہے یہ پیریڈ (ق) لیگ کی گورنمنٹ کا ہے اور اس وقت پرویزالٰہی صاحب وزیر اعلیٰ پنجاب تھے اور یہ اس دور کی خورد برد ہمارے منسٹر سے پوچھ رہے ہیں۔ ہم سے یہ2008 سے لے کر اس کے بعد کا پوچھیں اور جب عشر وز کوٰۃ کمیٹیوں کے الیکشن ہوئے تھے تو اس وقت میں ملتان کا تحصیل ناظم تھا اور میں نے ضلع کے جوز کوٰۃ کے چیئرمین تھے ان سے فون پر بات کی تھی کہ کیا یہ الیکشن فیئر ہوں گے انہوں نے کہا کہ اس میں کوئی شک ہی نہیں ہے لیکن میں آپ کو حلفاً کہتا ہوں کہ وہ جو الیکشن ہوئے ہیں ہمیں پتا نہیں چلا کہ کہاں الیکشن ہوئے ہیں اور انہوں نے اپنے آدمیوں کو selectکر کے selection کی ہے اور اپنے چیئرمین اور اپنے ممبر بنائے ہیں، اگر خورد برد کیا ہے تو انہوں نے کیا ہے یہ ان سے پوچھیں، ہم اس چیز کے حقدار نہیں ہیں کہ ہم یہ بتائیں۔

جناب محمد اعجاز شفیع: جناب سپیکر!۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: اعجاز صاحب! ذرا میری بات سن لیں۔ دیکھیں، جب آپ بول رہے ہوتے ہیں تو چاہے آپ تین منٹ بولیں یا پانچ منٹ بولیں میری کوشش ہوتی ہے کہ میں ادھر سے کسی کو نہ بولنے دوں۔ اب ان کا بھی حق ہے۔یہاں پر لوگ بیٹھے ہیں جو بات کرنا چاہ رہے ہیں۔

جناب محمد اعجاز شفیع: جناب سپیکر! جب ہماری باری آتی ہے تو کہتے ہیں کہ to the pointبات کریں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: نہیں، میں یہ بات ان کو بھی کہہ رہا ہوں۔ آپ نے ایک سوال پوچھا ہے اگر ہم طریق کار پر چلیں تو پھر rules کے اندر بڑا صاف ہے کہ سوال آئے اور اس پر ضمنی سوال آئیں اور اس کے جواب آئیں۔یہاں پر بحث کا آغاز جو ہوا ہے وہ آپ نے کیا ہے اور وہ ٹھیک کیا ہے کیونکہ آپ نے ایک بڑی importantچیزpoint out کی ہے۔ اب اس کو اگر اس طرح thrash outکرنا ہے تو جو بات آپ کریں گے اس کاreplyیہاں سے بھی آئے گا اس لئے صرف آپ دو منٹ ٹھہر جائیں، میں آپ کو بالکل ٹائم دے رہا ہوں۔

جناب غلام عباس راں: جناب سپیکر! میری گزارش صرف اتنی ہے کہ پچھلے پیریڈ میں چیئر مین ان کے اپنے بنائے ہوئے تھے، بہتر یہ ہے کہ خُورد برد کا حساب اپنی پارٹی سے لے لیں یا ان چیئر مینوں سے لے لیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: بہت شکریہ۔ جی، فرمائیں!

ڈاکٹر محمد اشرف چوہان: جناب سپیکر! مہربانی اور بہت بہت شکریہ۔ ایک تو میں احتجاج کرنا چاہتا ہوں کہ آپ صرف چند لوگوں کو موقع دیتے ہیں۔ آپ ہمیں بتادیں کہ ہم آیا نہ کریں، ہماری حاضری لگا دیا کریں، کل بھی سارا دن انتظار کرتے رہے ہیں اور آج پھر یہی چند لوگوں کو گھوم پھر کر ٹائم دیا جاتا ہے۔ دوسری بات یہ ہے کہ کل بھی اپوزیشن والوں نے ہمارا وقت ضائع کیا اور جو ہماری آپس کی بات تھی اور ایک جو ہمارا معزز رکن ہے ہم ان کے ساتھ تھے، انہوں نے موقع جان کر کل بھی احتجاج کیا اور آج بھی دیکھیں کہ کرپشن ان کے زمانے میں ہوئی ہے۔ جس طرح میرے دوست نے کہا کہ آپ لوگوں نے اتنی کرپشن کی ہے آپ صرف اپنی کی ہوئی کرپشن کے سوالات ہی پوچھیں گے تو پورے پانچ سال ضائع ہو جائیں گے۔ آپ نے کرپشن کی اور آپ ہی ہمیں بتائیں کہ یہ 74 لاکھ روپیہ آپ لوگوں نے خُورد برد کیا اور آپ بتائیں کہ آپ کے کس کس فرد نے لیا، آپ ہمارا ٹائم کیوں ضائع کر رہے ہیں اور آپ ہم سے بار بار کیوں پوچھ رہے ہیں؟ (نعرہ ہائے تحسین)

آپ 24 ہزار کنال کا حساب دیں جو مونس الہیٰ کے نام ہے؟ آپ ہمیں یہ سوال نہ کریں، اپنے ان سابق وزراء سے سوال کریں، آپ اپنے گریبان میں جھانکیں کہ آپ نے پانچ سال میں قوم کا کیا کیا نقصان کیا ہے؟ آپ لوگوں نے جنرل مشرف کو وردی میں رکھنے کے لئے کہا کہ دس دفعہ اگر منتخب کروانا پڑا تو کروائیں گے۔ آپ لوگوں کو تو شرم آنی چاہئے، آپ لوگوں کا یہی جیتا جاگتا ثبوت ہے کہ آپ کا اپنا سوال بتاتا ہے کہ آپ کتنے کرپٹ لوگ تھے اور آپ بار بار ہمارے وزراء سے سوال پوچھ رہے ہیں، آپ کو شرم آنی چاہئے۔

محترمہ آمنہ الفت: جناب سپیکر!۔۔۔

جناب محمد اعجاز شفیع: جناب سپیکر!۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، آپ میں سے پہلے کون بات کرے گا؟ یہ پہلے اعجاز صاحب اور پھر بشریٰ صاحبہ اور اس کے بعد پھر آمنہ صاحبہ!

**جناب محمد اعجاز شفیع**: جناب سپیکر! جس طرح میں نے گزارش کی تھی اور منسٹر صاحب نے on the floor of the House یہ statement دی ہے کہ 2008 اور 2009 میں وفاقی حکومت نے زکوٰۃ کے فنڈ نہیں دیئے اور کائرہ صاحب نے بڑی اچھی باتیں کیں۔ زکوٰۃ کے تین چار objects ہیں ایک تو اس سے غریب اور نادار لوگوں کو فنڈ دیا جاتا ہے۔ اس کے اندر ایجوکیشن فنڈ ہے، جہیز فنڈ ہے اور جو old aged لوگ ہیں ان کے لئے فنڈ ہے۔ اس میں دو چیزیں سمجھ آ رہی ہیں کہ فیڈرل گورنمنٹ پاکستان پیپلز پارٹی کی ہے وہ پنجاب گورنمنٹ کو پیسے نہیں دینا چاہ رہی یا اس میں یہ بات سمجھ آ رہی ہے کہ زکوٰۃ فنڈ کو اگر انہوں نے دوسرے پروگراموں میں بدل دیا ہے جس میں فنڈ نہیں دیئے گئے اور منسٹر صاحب نے on the floor of the House یہ statement دی ہے تو پھر اس محکمہ کو بند کر دیں، ایک منسٹر کو ڈنڈا، جھنڈا گاڑی اور اتنی ساری administration اور ساری چیزیں ہیں تو پھر ان چیزوں کا وجود میں رکھنا مناسب نہیں۔ اب منسٹر صاحب کہہ رہے ہیں کہ ایک سال سے فنڈ نہیں ملے جبکہ 18۔ فروری سے گورنمنٹ وجود میں آ چکی ہے۔ عوامی نمائندے جنھوں نے اپنی الیکشن مہم میں بڑے بلند و بانگ دعوے کئے تھے، نعرے لگائے تھے۔ غریبوں کی فلاح و بہبود کا تو صرف ایک ہی فنڈ ہے۔ یہ ان کا محکمہ نہیں ہے لیکن میں پوری ذمہ داری کے ساتھ ایوان میں کہہ رہا ہوں کہ جس طرح پورے سال میں زکوٰۃ کے فنڈ سے غریبوں پر ایک روپیہ خرچ نہیں کیا گیا اسی طرح بیت المال کے فنڈ سے بھی ایک روپیہ تک غریب عوام پر خرچ نہیں کیا گیا۔ ہمیں یہاں نمائندگی کے لئے غریب عوام نے بھیجا ہے لیکن یہ المیہ ہے، آپ وفاقی اور صوبائی حکومت کی commitment کا اندازہ آج کی statement سے لگا سکتے ہیں۔

**جناب ڈپٹی سپیکر**: جی، بہت شکریہ۔ جی، محترمہ بشریٰ گردیزی صاحبہ!

**ملک غلام عباس راں**: جب آپ منسٹر تھے تو آپ کو بھی جھنڈا اور ڈنڈا دیا گیا تھا۔

**جناب ڈپٹی سپیکر**: Please no cross talk ہم نے اسمبلی کے اندر ایک decorum رکھنا ہے۔ جی، محترمہ!

**سیدہ بشریٰ نواز گردیزی**: شکریہ۔ جناب سپیکر! ابھی کچھ دیر پہلے سینئر وزیر راجہ ریاض صاحب اور کائرہ صاحب فرما رہے تھے کہ بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کے تحت اربوں روپے غریبوں میں تقسیم کئے گئے ہیں۔ میں پی ٹی وی کے آج صبح کے ٹاک شو کا حوالہ دینا چاہوں گی جس میں وفاقی وزیر ڈاکٹر

آیت اللہ درانی صاحب فرمارہے تھے کہ انھوں نے اس پروگرام کے تحت جو فارم ایم این ایز اور سینیٹرز حضرات کو دیئے ہیں وہ فارم fill ہو کر ابھی تک ان کے پاس واپس نہیں آئے- وفاقی سطح پر پیپلز پارٹی کی حکومت نے ایک بہت ہی اچھا initiative لیا لیکن ابھی تک اسے عملی جامہ نہیں پہنایا جا رہا یہ بہت ہی افسوسناک بات ہے-وہ خود فرمارہے تھے کہ اب تک اس سلسلے میں لوگوں میں پانچ فیصد رقم بھی تقسیم نہیں ہوئی-لہذا میں آپ کے توسط سے بزرگ وزراء سے یہ سوال پوچھنا چاہتی ہوں کہ اس احسن قدم کو کب تک عملی جامہ پہنایا جائے گا؟

جناب ڈپٹی سپیکر: بہت شکریہ- جی،آمنہ الفت صاحبہ!

محترمہ آمنہ الفت: شکریہ- جناب سپیکر!آج ایوان کی میز پر مہیا کردہ اس پیپر میں واضح طور پر لکھا ہوا ہے اور میں اسے اپنے سوال سے جوڑتی ہوں کہ انھوں نے خوردبرد کا جو الزام ہماری حکومت پر لگایا ہے یہ آپ ہی کا دیا ہوا جواب ہے جس میں لکھا ہے کہ چیئرمینوں اور ممبران کا چناؤ 2005 میں ہوا تھا اور اس میں درج ہے کہ 2004 میں 44 لاکھ سے زیادہ کرپشن ہوئی ہے-یہ کمیٹیاں ان کے دور کی بنی ہوئی ہیں اور اس میں 20 فیصد سے کئی گنا زیادہ تناسب سے کرپشن ہوئی ہے-یہ کس طرح کرپشن ہمارے کھاتے میں ڈال سکتے ہیں؟ یہ آپ کی طرف سے دی ہوئی رپورٹ ایوان میں رکھی گئی ہے پھر اسے جلادیں-

جناب والا!یہ ثبوت میرے ہاتھ میں موجود ہے اور وزیر موصوف سے میرا سوال تھا جس کا یہ ابھی تک جواب نہیں دے سکے کہ یہ کمیٹیاں کس کے دور کی بنائی ہوئی ہیں لیکن یہاں پر جواب موجود ہے جس میں انھوں نے خود لکھا ہے کہ یہ ان کے دور کی بنائی ہوئی کمیٹیاں ہیں اور یہ آج ثابت ہو رہا ہے- میرے بھائی نے اٹھ کر کہا تھا کہ یہ چور ہیں لیکن اپنے ہاتھ سے لکھ کر دے رہے ہیں کہ یہ کمیٹیاں ان کے دور کی بنائی ہوئی ہیں لہذا یہ خود فیصلہ کر لیں کہ چور یہ تھے یا ہم؟ 2006 میں جب ہمارا دور تھا اس میں کرپشن کا تناسب اتنا کم ہو گیا تھا جس کی یہ مثال موجود ہے اور یہ آپ ہی کے ہاتھ کا لکھا ہوا ہے-

جناب ڈپٹی سپیکر: آپ نے اپنا point بتا دیا، بہت اچھی بات ہے - میرے خیال میں آج منسٹر صاحب بڑے خوش ہوں گے چونکہ ممبران نے پورے کا پورا وقفہ سوالات استعمال کر لیا ہے اور انھوں نے موقع ہی نہیں دیا کہ منسٹر صاحب اس بات کا جواب دے سکیں-

جناب محمد ثناء اللہ خان مستی خیل: پوائنٹ آف آرڈر-

**میاں محمد رفیق:** ان کا حافظہ بڑا کمزور ہے۔

**پارلیمانی سیکرٹری برائے ترقی خواتین (محترمہ صغیرہ اسلام):** پوائنٹ آف آرڈر۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** صغیرہ اسلام صاحبہ! مستی خیل صاحب بات کر لیں پھر میں آپ کو بھی ٹائم دیتا ہوں۔ جی، مستی خیل صاحب!

**جناب محمد ثناء اللہ خان مستی خیل:** جناب سپیکر! میں سمجھتا ہوں کہ اس سوال کا یہ ضمنی سوال بنتا تھا کہ جو کرپشن کی گئی ہے اس میں کتنی recovery ہوئی ہے اور کتنے لوگوں کو convict کیا گیا ہے؟ میرے خیال میں سوال بھی یہی ہے اور ہمارے ادارے کا test بھی یہی ہے۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** جی، بہت شکریہ

**جناب محمد سعید مغل:** پوائنٹ آف آرڈر۔

**ڈاکٹر محمد اختر ملک:** پوائنٹ آف آرڈر۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** مغل صاحب کافی دیر سے کھڑے ہیں پہلے وہ بات کر لیں پھر آپ کو ٹائم دیتا ہوں۔ جی، مغل صاحب فرمائیے!

**جناب محمد سعید مغل:** جناب سپیکر! میں شعر عرض کرنا چاہتا ہوں۔

اس قدر لوٹا ہے ان لوٹوں نے ارض پاکستان کو
جانے اس بستی کی بربادی کہاں تک جائے گی
سبزہ پامال سے تو وجہ بربادی نہ پوچھ
بات چل نکلی تو پھر یہ باغباں تک جائے گی

(نعرہ ہائے تحسین)

**جناب ڈپٹی سپیکر:** جی، ڈاکٹر صاحب!

**ڈاکٹر محمد اختر ملک:** جناب سپیکر! ابھی میرے فاضل دوست غریبوں کی بات کر رہے تھے۔ شاید آپ کو یاد ہو گا کل اجلاس میں بات ہو رہی تھی کہ ایک انتہائی غریب آدمی مونس الٰہی کو 30 مربع زمین الاٹ کی گئی تھی۔ (شیم، شیم)

لہذا انھیں بات کرنے سے پہلے اپنے گریبان میں ضرور جھانکنا چاہئے۔ یہ عوامی حکومت ہے اس نے پہلے بھی ہمیشہ غریبوں کے لئے کام کیا ہے۔۔۔

**پارلیمانی سیکرٹری برائے انسانی حقوق واقلیتی امور(جناب خلیل طاہر سندھو)**:دوبارہ بتادیں کہ یہ زمین کس کوالاٹ کی گئی ہے؟

**ڈاکٹر محمد اختر ملک**:ایک غریب بندے مونس الٰہی کوزمین الاٹ ہوئی۔اس کا سارا ریکارڈ موجود ہے، دیکھ سکتے ہیں۔رحیم یار خان میں رابرٹ فارم ہے۔

**ڈاکٹر سامیہ امجد**:ثبوت دیں۔

**جناب ڈپٹی سپیکر**:Let him talk دیکھیں!جب آپ بولتے ہیں تو میں انھیں interrupt نہیں کرنے دیتا۔

**ڈاکٹر محمد اختر ملک**:تو میں سمجھتا ہوں کہ ان لوگوں کو اپنے گریبانوں میں جھانکنا چاہئے۔

**جناب ڈپٹی سپیکر**:بہت شکریہ۔آپ نے بات کرلی ہے۔جی،اعجاز شفیع صاحب!

**جناب محمد اعجاز شفیع**:جناب سپیکر!حکومتی بنچوں پر جتنے دوست بیٹھے ہیں انھیں پرویز الٰہی اور مونس الٰہی فوبیا ہو گیا ہے۔وہ ہر بات کے اندر یہ بات لاتے ہیں۔میرے خیال میں ان کو خوف آرہا ہے۔یہاں پر کل جو بات ہو رہی تھی یا جسے ابھی quote کیا گیا ہے۔کل انچارج وزیر نے ایوان میں جوابات دیتے ہوئے خود admit کیا ہے اور میں بھی ذمہ داری سے کہہ رہا ہوں کہ وہ ایک private treaty تھی۔ Private treaty میں ہر شخص کو حق حاصل ہے کہ اگر کوئی زمین بیچ رہا ہے تو وہ خرید سکتا ہے doesn't mean کہ آپ سپیکر ہیں تو کسی چیز کا لین دین نہیں کر سکتے۔

جناب سپیکر!میری گزارش سنیں!کل بھی قائد حزب اختلاف نے on the floor of the House یہ بات کہی تھی کہ سوال کے جواب میں جو facts بتائے جا رہے ہیں اور جو ریکارڈ پیش کیا جا رہا ہے وہ غلط ہے۔اگر یہ اس کو concede کرتے ہیں تو ہمارے پاس right ہے کہ ہم اس پر تحریک استحقاق لے کر آئیں۔

**جناب ڈپٹی سپیکر**:آپ کے پاس یہ right ہے،آپ لائیں۔

**جناب محمد اعجاز شفیع**:جناب سپیکر!میں سمجھتا ہوں کہ اس طرح کے فوبیے سے ان کے مسائل حل نہیں ہوں گے بلکہ مسائل اسی طریقے سے حل ہوں گے جیسے میں نے پہلے بات کی تھی اور ابھی تک منسٹر صاحب میرے اس سوال کا جواب نہیں دے سکے۔

**جناب ڈپٹی سپیکر**:آپ انھیں موقع ہی نہیں دے رہے۔

جناب محمد اعجاز شفیع: یہ وجہ بتادیں کہ 09-2008 میں یہ فنڈز کیوں نہیں رکھے گئے، کیا یہی وجہ ہے کہ پنجاب میں اور حکومت ہے اور وفاق میں اور حکومت ہے؟

جناب ڈپٹی سپیکر: میرے خیال میں وہ یہ چاہ رہے ہیں کہ ماضی میں جو کرپشن ہوتی رہی ہے پہلے اس کا سدباب کرلیں پھر فنڈز استعمال کریں۔

وزیر قانون و پارلیمانی امور (راناثناء اللہ خان): پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، لاء منسٹر صاحب!

وزیر قانون و پارلیمانی امور (راناثناء اللہ خان): جناب سپیکر! جس مسئلے سے related اعجاز شفیع صاحب نے بات کی ہے اسی سے متعلقہ ایک تحریک التوائے کار غالباً مخدوم احمد محمود صاحب نے جمع کرائی ہے لیکن اعجاز شفیع صاحب نے ایک بڑی غلط بات کی ہے کہ یہ private treaty تھی اور پھر کہتے ہیں کہ ہمیں فوبیا ہوگیا ہے۔(قطع کلامیاں)

جناب ڈپٹی سپیکر: .No cross talk اب ان کی بات مکمل ہونے دیں۔

وزیر قانون و پارلیمانی امور (راناثناء اللہ خان): آپ میری بات سن لیں پھر جواب دیں۔ پھر ہمیں کہتے ہیں کہ فوبیا ہوگیا ہے۔رابرٹ نامی شخص زرعی کالج فیصل آباد کا پرنسپل تھا۔ اس زمانے میں حکومت کا پروگرام تھا کہ ہم زرعی زمین الاٹ کرتے ہیں آپ اسے آباد کریں۔ آباد کرنے کے بعد آدھی زمین حکومت کو واپس کردیں اور آدھی آپ رکھ لیں۔ 1940 میں اسے تقریباً 100 مربع زمین الاٹ ہوئی تھی لیکن جب 1947 میں partition ہوئی اور انگریز کا دور ختم ہوا تو وہ واپس چلا گیا۔ اس کے بعد اس زمین پر مزارعے اس آس پر بیٹھے تھے کہ اس ملک میں کبھی نہ کبھی کوئی ایسا حکمران آئے گا جو ان غریبوں کے دکھوں کا مداوا کرے گا۔وہ اسی انتظار میں بیٹھے رہے کہ ہمیں اس زمین کے مالکانہ حقوق مل جائیں گے۔وہ اسے آباد کرتے رہے اس میں ہل چلاتے رہے۔دو مرتبہ سیلاب آیا اور وہ ساری زمین تباہی کا شکار بھی ہوئی لیکن اس کے باوجود ان مزارعوں نے اسے آباد کیا۔ اب اس میں اعجاز شفیع صاحب اور ان کے ساتھ دو تین مقامی لوگ بھی شامل ہیں۔ وہ رابرٹ جو 1940 میں تھا پتا نہیں وہ کہاں مر کھپ گیا لیکن انھوں نے فراڈ کرتے ہوئے انگلینڈ میں جا کر اس کی باقیات تلاش کیں۔اب دیکھیں یہ کرتے کیا رہے ہیں۔اس کی انھوں نے باقیات تلاش کیں اور ان سے Robert کا مختار نامہ حاصل کیا یعنی پہلے اس کی باقیات تلاش کیں پھر ان سے مختار نامہ حاصل

کیا۔ مختار نامہ حاصل کرنے کے بعد پھر دیکھیں انھوں نے کیا کیا ہے۔ مختار نامہ حاصل کرنے کے بعد پھر انھوں نے وہاں کے پٹواریوں کو کہا کہ بستے اٹھاؤ اور ادھر آ جاؤ۔ انھوں نے Robert کو 1940 سے شروع کیا اور کرتے کرتے ادھر لے آئے اور لا کر 22 مربعے چودھری مونس الہیٰ ولد چودھری پرویز الہیٰ کے نام allot کر دیئے جس کا یہ کہتے ہیں کہ ہمیں فوبیا ہوا ہے۔ تقریباً بائیس مربعے دو تین دوسرے لوگوں کو بھی الاٹ ہوئے ہیں جن میں وہاں کا ایک تحصیل ناظم بھی ہے۔ اس کے بعد انھوں نے پولیس بھیجی کہ ان مزارعین کو بے دخل کیا جائے۔ وہ مزارع اپنے بچوں کو لے کر سامنے آ گئے اور انھوں نے کہا کہ بے شک آپ ہمارے اوپر بلڈوزر چلا دیں لیکن ہم یہاں سے نہیں جائیں گے۔ یہ معاملہ پچھلے دو تین سالوں سے چل رہا ہے۔ میں نے اس کے اوپر 2006 میں ایک تحریک التوائے کار پیش کی تھی۔ جب میں نے تحریک التوائے کار پیش کی تو اس کے اوپر مجھے یاد پڑتا ہے کہ غالباً 22۔ جون کی تاریخ for discussion fix ہوئی۔ اس کے بعد ان کے دو وزراء میرے پاس آئے اور انھوں نے مجھے کہا کہ دیکھیں رانا صاحب! یہ ایک ذاتی سا مسئلہ ہے، اس کو جانے دیں۔ میں نے کہا کہ اس میں ذاتی مسئلہ کیا ہے؟ آپ ان غریب لوگوں کو جو وہاں پر 1940 سے بیٹھے ہیں، جو وہاں پر پچھلے ساٹھ سالوں سے بیٹھے ہیں ان کو اجاڑنا چاہتے ہیں، وہاں سے بے دخل کرنا چاہتے ہیں۔ یہ مونس الہیٰ وغیرہ جو آپ کے نزدیک انتہائی غریب لوگ ہیں اور آپ ان کی جائیداد میں اضافہ کرنا چاہتے ہیں کیونکہ ان کو تو رات کو کھانے کو نہیں ملتا۔ چونکہ ان مزارعین کے پاس بہت زیادہ دولت ہے اس لئے ان سے آپ یہ واپس لینا چاہتے ہیں تو میں نے کہا کہ یہ نہیں ہو سکتا۔ اس کے بعد انھوں نے یہ کیا کہ 21۔ جون کو مجھے آ کر کہا کہ ہم اس کو withdraw کر لیتے ہیں اور وہ اراضی واپس ان مزارعین کو چلی جائے گی تو اس پر میں نے کہا کہ ٹھیک ہے۔ انھوں نے مجھے ایک رجسٹری لا کر دکھائی جس کے اوپر چودھری مونس الہیٰ ولد چودھری پرویز الہیٰ نے وہ 22 مربعے واپس کر دیئے۔ غالباً وہ رجسٹری 3 کروڑ 78 لاکھ روپے کی تھی۔ جس مختار عام سے وہ لی گئی تھی اسی کے حق میں اسے withdraw کر دیا۔ انھوں نے کہا کہ ہم ان مزاعین کو بھی compensate کریں گے اور ہم وہاں پر بے دخلی یا کوئی ظلم وزیادتی نہیں کریں گے۔ اب آ کر یہ پتا چلا ہے کہ وہ رجسٹری جو انھوں نے مجھے دکھائی تھی وہ بھی دو نمبر تھی، جعلی تھی۔ (شیم، شیم)

اب یہ کہتے ہیں کہ ہمیں پرویز الہیٰ یا مونس الہیٰ کا فوبیا ہو گیا ہے۔ فوبیا نہیں بلکہ ہم ان مزارعین کے حقوق انھیں دلانے کے لئے یہ سب کچھ کر رہے ہیں۔ وہ مزارع جس حکمران کا انتظار کرتے

رہے کہ جو امانت دار ہو، جو دیانت دار ہو، جو غریبوں کے حقوق کو پہچانتا ہو وہ حکمران اب پنجاب میں بیٹھا ہے جس کا نام میاں محمد شہباز شریف ہے۔اب آپ کو غریبوں کا حق انھیں واپس کرنا پڑے گا۔(قطع کلامیاں)

جناب ڈپٹی سپیکر:.Order in the House اب وزیر قانون صاحب نے بات کی ہے توان کو بھی پہلے بات کر لینے دیں۔ جی، اعجاز شفیع صاحب!۔۔۔ خلیل طاہر سندھو صاحب پلیز، بیٹھ جائیں۔ میں نے اعجاز شفیع صاحب کو floor دیا ہوا ہے اس کے بعد میں آپ کو بھی موقع دوں گا۔

میاں محمد رفیق: پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: میاں صاحب! آپ مہربانی کر کے بیٹھ جائیں۔ میں نے آپ کو floor نہیں دیا، پہلے اعجاز شفیع صاحب کو بات کر لینے دیں کیونکہ میں نے ان کو floor دیا ہوا ہے۔

میاں محمد رفیق: کیا آپ ان کے بعد مجھے وقت دیں گے؟

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، بالکل۔جناب اعجاز شفیع صاحب!

جناب محمد اعجاز شفیع: جناب سپیکر! شکریہ۔ جیسا کہ میں نے پہلے بھی کہا ہے کہ راناثناءاللہ صاحب اچھی لفاظی کر لیتے ہیں۔اصل issue کو وہ پھر گول مول کر گئے ہیں۔لفاظی میں bracket کر کے وہ بات کر گئے ہیں۔ گزارش یہ ہے کہ اسی اسمبلی میں کل کا ریکارڈ گواہ ہے کہ وزیر موصوف نے خود یہ admit کیا ہے اور میں بھی پوری ذمہ داری سے کہہ رہا ہوں کہ یہ ایک private treaty تھی۔اس کے وارث کیسے بنے، کیا ہوا، یہ دوسری بات ہے۔ اگر یہ Robert کے رشتہ دار ہیں تو یہ کھڑے ہو کر بتادیں کہ میں ان کا رشتہ دار ہوں اور یہ میرا حق بنتا تھا۔یہ ان کا حق نہیں بنتا۔(قطع کلامیاں)

جناب ڈپٹی سپیکر:.Order in the House اعجاز شفیع صاحب! یہ آپ نے personal attack کیا ہے۔وہ توان مزارعین کے حقوق کی بات کر رہے تھے۔وہ اپنے کسی ذاتی حق کی بات نہیں کر رہے۔(قطع کلامی)

پلیز، میری بات سنیں۔ جب میں بات کر رہا ہوں تو پھر کسی اور کو بات کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ میرے لئے یہاں پر تمام ممبران کی ایک جیسی عزت ہے۔یہاں میں کسی ممبر کو کسی دوسرے ممبر پر ذاتی attack نہیں کرنے دوں گا۔ جو بات already ہوئی ہے اگر اس کے بارے میں آپ نے کوئی بات کرنی ہے تو وہ کریں۔

جناب محمد اعجاز شفیع: جناب سپیکر! میں اسی context میں بات کر رہا ہوں۔ میں یہ بات بھی اس لئے کر رہا ہوں کیونکہ رانا ثناء اللہ خان صاحب نے کہا ہے کہ اعجاز شفیع صاحب کو بھی زمین ملی ہے۔ میں اسی context میں بات کر رہا ہوں۔ رانا صاحب کی بات ریکارڈ پر موجود ہے۔

چودھری علی اصغر منڈا(ایڈووکیٹ): جناب سپیکر! اعجاز شفیع صاحب معذرت کریں۔

معزز ممبران حزب اقتدار: یہ معذرت کریں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: اعجاز شفیع صاحب! واقعی جو بات آپ نے کہی ہے یہ پارلیمانی روایات کے خلاف تھی۔ آپ نے Robert کے رشتہ دار والی جو بات کہی ہے وہ نامناسب ہے۔ تمام معزز ممبران تشریف رکھیں۔ وزیر قانون صاحب کھڑے ہیں ان کو بات کر لینے دیں۔ جی، وزیر قانون!

وزیر قانون و پارلیمانی امور(رانا ثناء اللہ خان): جناب سپیکر! میں اپنے حکومتی بنچوں کے معزز ممبران اور آپ سے یہ گزارش کروں گا کہ اعجاز شفیع صاحب نے میرے متعلق جو personal بات کی ہے کہ میری رشتہ داری دونوں فریقین Robert اور مزارعین میں سے کس کے ساتھ ہے، میں اس کا جواب دے دوں گا۔ آپ ان کو بالکل نہ روکیں، یہ جتنی بات کرنا چاہتے ہیں انھیں کرنے دیں۔ میں بعد میں جواب دے دوں گا۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، اعجاز شفیع صاحب!

جناب محمد اعجاز شفیع: جناب سپیکر! میں گزارش یہ کر رہا تھا کہ وہی فوبیا والی بات ہے۔ ایک چیز جو کہ admitted fact ہے۔ کل کے ریکارڈ کی بات ہے، وزیر موصوف نے خود admit کیا ہے اور میں بھی پوری ذمہ داری سے کہہ رہا ہوں کہ وہ ایک private treaty تھی۔ اب جس طرح اس کو ایک لمبی چوڑی داستان بنا کر ہاؤس کے اندر پیش کیا گیا ہے میں اسی context میں بات کر رہا ہوں کہ اگر کوئی Robert کے ساتھ اپنے آپ کو legally طور پر claim کرتا ہے وہ تو یہ بات کر سکتا ہے۔ یہ تو عدالت میں بھی نہیں جا سکتے کیونکہ یہ ایک treaty مکمل ہو گئی ہے۔ میں یہاں دوسری بات یہ کہنی چاہوں گا کہ کل ہاؤس میں جو بات زیر بحث آئی ہے اس کا چودھری مونس الٰہی کے ساتھ کوئی تعلق نہیں ہے، اس کو ہاؤس میں intentionally اسمبلی کے عملے نے پیش کیا ہے۔ اگر ریکارڈ غلط ہے تو ادارے سے پوچھنا چاہئے۔ اگر ادارے کے اندر ریکارڈ درست ہے اور یہاں آ کر اس کو tamper کیا گیا ہے اور چودھری مونس الٰہی کا نام لکھا گیا ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ اس پر ہماری تحریک

استحقاق بنتی ہے اور انشاء اللہ تعالیٰ ہم اس تحریک استحقاق کو ضرور move کریں گے۔اس کے ساتھ ساتھ میں یہ سمجھتا ہوں کہ منسٹر صاحب نے خود یہ فرمایا تھا کہ مخدوم سید احمد محمود صاحب کی ایک motion آچکی ہے تو اس کو اسی context میں لیا جانا چاہئے تھا۔آج زکوٰۃ کے issue پر بات ہو رہی تھی۔ میں یہاں پر آپ کی، پریس اور پورے پنجاب کے عوام کی توجہ دلانا چاہتا تھا کہ سال 2008-09 میں غریب اور نادار لوگوں کے لئے کچھ نہیں کیا گیا تو اس بات کو چھوڑ کر ایک نیا issue شروع کرا دیا گیا۔ جس دن یہ تحریک آئے گی اس دن بھی ہم انشاء اللہ تعالیٰ defend کریں گے کیونکہ یہ ایک private treaty ہے اور ہر شخص کو اس بات کا حق ہے۔

جناب خلیل طاہر سندھو: پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: میرا خیال ہے کہ پہلے وزیر قانون صاحب بات کر لیں پھر میں آپ کو موقع دوں گا۔

**وزیر قانون و پارلیمانی امور**(رانا ثناء اللہ خان):جناب سپیکر!میں نے جو بات facts & figures کے ساتھ کی ہے اس پر تو محترم اعجاز شفیع صاحب نہیں آئے بلکہ یہ کہہ دیا کہ انھوں نے ایسے بات کر دی، ویسے بات کر دی۔ جہاں تک انھوں نے رشتہ داری کی بات کی ہے تو بات یہ ہے کہ اب Robert بھی سامنے ہے۔چودھری مونس الٰہی اور وہ مزارعین بھی سامنے ہیں، جس کی جس کے ساتھ رشتہ داری ہے، جس دن motion آئے گی پتا چل جائے گا۔

جناب ڈپٹی سپیکر: میرا خیال ہے کہ خلیل طاہر سندھو صاحب کافی دیر سے پوائنٹ آف آرڈر پر بات کرنا چاہتے ہیں۔ جی، فرمائیں!

جناب خلیل طاہر سندھو: جناب سپیکر!بہت شکریہ۔ وزیر قانون صاحب نے Robert کے حوالے سے صرف حقائق بتائے ہیں۔ میں اپنے بھائیوں اور بہنوں سے صرف یہ کہنا چاہتا ہوں کہ آپ جو مرضی کریں، جو مرضی لوٹ لیں لیکن کم از کم ہمارے اس کرسچین بھائی Robert کا نام استعمال کر کے اراضی نہ خریدیں۔ ہمیں اس سے تکلیف پہنچتی ہے اور اس کی روح کو بھی تکلیف پہنچتی ہو گی۔ بہت شکریہ

جناب ڈپٹی سپیکر: میرا خیال ہے کہ اب ہم اس بات کو یہیں پر ختم کر دیں کیونکہ وقفہ سوالات کے لئے ایک گھنٹے کا وقت تھا۔

محترمہ آمنہ الفت: پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، پہلے آپ بات کر لیں۔

محترمہ آمنہ الفت: جناب والا! مجھے اس حوالے سے ایک دو سوال کرنے ہیں کہ اس سلسلے میں نہ تو کسی مزارع کو بے دخل کیا گیا ہے اور نہ ہی وہ زمین چودھری مونس الٰہی کے نام ہے۔ کسی قسم کا کوئی ریکارڈ، کسی قسم کی کوئی دستاویزات کہ آج کے دور میں وہ پراپرٹی کس کے پاس ہے اور اس میں مزارعین کے ساتھ کیا سلوک ہو رہا ہے؟ یہ اگر دستاویزات یہاں پر چودھری مونس الٰہی کے خلاف پیش کر دیں تو میں کھڑے کھڑے استعفیٰ دے دوں گی۔ میرا ان کو چیلنج ہے کہ یہ دستاویزات لے کر آئیں ریکارڈ لے کر آئیں کسی مزارع کو لے کر آئیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: آپ کی بات ہو گئی ہے، آپ تشریف رکھیں۔ وزیر قانون صاحب! محترمہ فرما رہی ہیں کہ کل جو کچھ یہاں پر کہا گیا ہے چودھری مونس الٰہی کا اس پراپرٹی کے ساتھ کوئی تعلق نہیں ہے۔

وزیر قانون و پارلیمانی امور (رانا ثناء اللہ خان): جناب سپیکر! 3 کروڑ 78 لاکھ روپے کی 22 مربع اراضی کی رجسٹری جو کہ چودھری مونس الٰہی ولد چودھری پرویز الٰہی کے نام ہے، سکنہ گلبرگ، شناختی کارڈ نمبر اور اس رجسٹری کی کاپی میرے پاس پڑی ہے اگر یہ کہیں تو میں کل ہی ان کو لا کر پیش کر دوں گا۔ (قطع کلامیاں)

جناب ڈپٹی سپیکر: میرا خیال ہے کہ یہ بہت بڑی بات ہے۔

وزیر قانون و پارلیمانی امور (رانا ثناء اللہ خان): جناب والا! اس رجسٹری کی فوٹو کاپی میرے پاس پڑی ہے۔ جو دو نمبر رجسٹری انہوں نے بعد میں پیش کی اس کی فوٹو کاپی بھی میرے پاس موجود ہے۔ یہ دونوں چیزیں میں ان کو پیش کر دوں گا۔

جناب ڈپٹی سپیکر: اب وقفہ سوالات ختم ہوتا ہے۔ محترمہ! آپ کافی دیر سے کھڑی ہیں، آپ فرمائیں!

محترمہ شگفتہ شیخ: جناب والا! کمیٹیوں کے بارے میں یہاں پر بات ہوئی ہے میں یہ گزارش کروں گی کہ وزیر اعلیٰ پنجاب میاں محمد شہباز شریف کے دور حکومت میں اربوں روپے کی رقم غریبوں کے لئے مختص کی گئی ہے اور لاکھوں خاندان اس سے مستفید ہو رہے ہیں۔ ہزار روپے مہینہ کے حساب سے ان کو پیسے مل رہے ہیں اور یہ سکیم چھ ماہ سے چل رہی ہے، لاکھوں لوگ ان کے لئے دعا گو ہیں۔ یہ سب بھول جاتے ہیں اور کہتے ہیں کہ غریبوں کو ہم کیا دے رہے ہیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ٹھیک ہے، بہت شکریہ۔ محترمہ سکینہ شاہین صاحبہ!

محترمہ سکینہ شاہین: جناب سپیکر! میں آپ کی بہت مشکور ہوں، آپ کی وساطت سے یہ گوش گزار کرنا چاہتی ہوں کہ گندم کے creative crisis کے باوجود دو روپے کی روٹی پورے پنجاب میں میاں صاحب کے توسط سے مل رہی ہے یا نہیں ؟

جناب ڈپٹی سپیکر: بہت شکریہ۔ جناب نوید انجم صاحب!

جناب محمد نوید انجم: جناب والا! میری یہ گزارش ہے کہ یا تو وقفہ سوالات کا وقت ایک گھنٹے کے لئے بڑھادیا جائے یا میرا سوال نمبر 1654 کل تک کے لئے pending کر دیا جائے۔ یہ سوال بڑی اہمیت کا حامل ہے کیونکہ میرے حلقہ میں ابھی تک زکوٰۃ کمیٹیاں نہیں بن سکیں جس کی وجہ سے غرباء تک ان کا حق نہیں پہنچ رہا اس لئے میری یہ گزارش ہے کہ میرے سوال کو کل تک کے لئے pending کر دیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: آئندہ جب اس محکمے کی باری آئے گی اس وقت تک اس سوال کو pending کیا جاتا ہے۔

جناب محمد یار ہراج: جناب والا! آپ ہر قسم کی باتیں اس House میں سن لیتے ہیں۔ میں یہ گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ Rules of Procedure میں پوائنٹ آف آرڈر کی گنجائش تو موجود ہے لیکن point of khushamad , point of irrelevance and point of history کے لئے بھی اگر آپ رولز میں کوئی provision create کر دیں تو اس ایوان کی کارروائی باضابطہ ہو جائے گی۔ یہاں پر دو تین جو point of khushamad پیش کئے گئے ان کا اس ایجنڈے کے ساتھ کیا تعلق ہے؟

جناب ڈپٹی سپیکر: بہت شکریہ

چودھری عبدالوحید: جناب والا! ہمارے معصوم چودھری مونس الٰہی صاحب اگر وہ یہ admit نہیں کرتے کہ یہ زمین ان کی نہیں ہے تو انہوں نے یہ زمین تین کروڑ روپے کی لی ہے، میں دس کروڑ دینے کے لئے تیار ہوں۔ اگر وہ انتہائی مسکین و مجبور ہیں تو پھر ان کا زکوٰۃ کمیٹی میں نام بھی لکھنا چاہئے۔ یہ زمین ان مزارعین کو دینی چاہئے جو اس کے صحیح حقدار ہیں جنہوں نے خون پسینے کی کمائی سے اس

زمین کو آباد کیا ہے، جن مزارعین کی نسلیں اس زمین پر ختم ہوئی ہیں، ان کو یہ زمین الاٹ کر دینی چاہئے۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** آپ کی بات سن لی گئی ہے۔ جی، وزیر مذہبی امور!

**وزیر مذہبی امور و اوقاف (حاجی احسان الدین قریشی):** جناب والا! میں بقیہ سوالات کے جوابات ایوان کی میز پر رکھتا ہوں۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** بقیہ سوالات کے جوابات ایوان کی میز پر رکھ دیئے گئے ہیں۔

## نشان زدہ سوالات اور ان کے جوابات

(جو ایوان کی میز پر رکھے گئے)

### مالی امداد کے لئے ماہانہ، سالانہ اور مستقل بحالی سکیم میں مزید بہتری لانے کا معاملہ

*625: **جناب وسیم قادر:** کیا وزیر زکوٰۃ و عشر از راہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) کیا یہ درست ہے کہ محکمہ زکوٰۃ اپنے فنڈ سے ماہانہ، سالانہ اور مستقل بحالی سکیم کے تحت مالی امداد کرتا ہے؟

(ب) کیا یہ درست ہے کہ فنڈ کے حصول میں کئی محکمانہ اور دفتری پیچیدگیاں موجود ہیں، جس کی وجہ سے زکوٰۃ کی رقم مستحق تک نہ پہنچ پاتی ہے؟

(ج) اگر جز ہائے بالا کا جواب اثبات میں ہے تو کیا حکومت مذکورہ مسائل حل کرنے کو تیار ہے اگر ہاں تو کب تک، نہیں تو وجوہات کیا ہیں؟

**وزیر زکوٰۃ و عشر (حاجی احسان الدین قریشی):**

(الف) جی ہاں، یہ درست ہے کہ محکمہ زکوٰۃ پنجاب، زکوٰۃ فنڈ سے ماہانہ، سالانہ اور مستقل بحالی سکیم کے تحت مالی امداد فراہم کرتا ہے۔

(ب) زکوٰۃ فنڈز کے حصول کے لئے مرکزی زکوٰۃ کونسل نے طریق کار وضع کر رکھا ہے اور اس میں محکمانہ یا دفتری پیچیدگی موجود نہیں تاہم رقوم کا اجراء قواعد و ضوابط کے پیش نظر ہی کیا جاتا ہے۔ زکوٰۃ کی مختلف مدات میں جون 2008 تک 2-ارب 84لاکھ 24ہزار 847روپے کی رقم مستحقین کو تقسیم کی گئی ہے۔ چونکہ یہ رقم سابق حکومت کے منتخب

کردہ چیئر مینوں نے تقسیم کی تھی لہذا، آڈٹ رپورٹس میں بے شمار بے ضابطگیوں کی نشاندہی کی گئی تھی جن سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ زکوٰۃ کی تقسیم شفاف اور منصفانہ طریقے سے نہیں کی گئی اور اصل مستحقین کی بجائے اپنے سیاسی کارکنوں کو نوازا گیا۔

(ج) جی ہاں، عنقریب نیک اور ایماندار لوگوں پر مشتمل کمیٹیاں بنائی جائیں گی جن کے توسط سے منصفانہ تقسیم زکوٰۃ کو قطعی بنایا جائے گا۔

## پی پی۔144 لاہور میں ممبران، چیئر مینوں کے انتخابات

*626: جناب وسیم قادر: کیا وزیر زکوٰۃ وعشر ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) پی پی۔144 میں زکوٰۃ وعشر کمیٹیوں کے چیئر مین اور ممبران کا چناؤ کب ہوا؟

(ب) چیئر مینوں اور ممبران کے چناؤ کے لئے کیا طریقہ اختیار کیا گیا؟

(ج) چیئر مینوں اور ممبران کے نام اور ایڈریس بتائے جائیں نیز انتخابات کن افسران کی نگرانی میں ہوئے؟

وزیر زکوٰۃ وعشر (حاجی احسان الدین قریشی):

(الف) پی پی۔144 میں مقامی زکوٰۃ کمیٹیوں کے چیئر مینوں اور ممبران کا چناؤ جنوری تا مارچ 2005 کے دوران ہوا۔

(ب) چیئر مینوں اور ممبران کے چناؤ کے لئے زکوٰۃ وعشر آرڈیننس 1980 کی دفعہ (4،5&6) 18 اور پنجاب، ضلعی، تحصیل/سب ڈویژنز اور مقامی کمیٹیوں (پروسیجر) رولز 1993 میں وضع کردہ طریق کار پر عمل کرتے ہوئے تین یا زیادہ افراد پر مشتمل چناؤ ٹیمیں تشکیل دی گئیں جن میں کم از کم ایک گزیٹڈ آفیسر ایک عالم دین اور ایک متعلقہ ضلع کمیٹی کا ممبر شامل تھا ان ٹیموں نے ہر مقامی کمیٹی کے رہائشی بالغ مسلمانوں کے اجتماع کا اہتمام کیا، جنہوں نے اکثریت رائے سے مقامی زکوٰۃ کمیٹی کے سات مرد اور دو خواتین ممبران کا چناؤ کیا۔ بعد ازاں ہر کمیٹی نے اکثریت رائے سے چیئر مین مقامی زکوٰۃ کمیٹی کا انتخاب کیا۔

(ج) مقامی زکوٰۃ کمیٹیوں کی مدت 30۔جون 2008 کو ختم ہو گئی تھی جب کہ نئی کمیٹیوں کی تشکیل کا عمل ابھی زیر غور ہے 30۔جون سے قبل فعال کمیٹیوں کے چیئر مینوں اور ممبران

کے نام اور ایڈریس تتمہ (الف) پر اور جن افسران کی نگرانی میں انتخاب کروائے گئے ان کی تفصیل تتمہ (ب) ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

## مستحق افراد میں بے نظیر شہید کارڈ کی تقسیم

*1006: سیدہ بشریٰ نواز گردیزی: کیا وزیر زکوٰۃ و عشر از راہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) حکومت نے اب تک صوبہ بھر میں کتنے مستحق افراد میں بے نظیر شہید کارڈ تقسیم کئے ہیں؟

(ب) ان افراد کی فہرست مع پتاجات فراہم کئے جائیں؟

(ج) کیا حکومت زکوٰۃ فنڈ میں سے بھی محترمہ بے نظیر کارڈ کے تحت خرچ کرے گی؟

وزیر زکوٰۃ و عشر (حاجی احسان الدین قریشی):

(الف) مستحق افراد میں بے نظیر شہید کارڈ تقسیم کرنے کی سکیم محکمہ زکوٰۃ کے ذریعے جاری نہیں کی گئی۔ کیونکہ یہ پروگرام وفاقی حکومت کا ہے۔

(ب) جیسا کہ جز (الف) میں وضاحت کی گئی ہے چونکہ یہ سکیم محکمہ زکوٰۃ نے جاری نہیں کی اس لئے ان افراد کے پتاجات محکمہ زکوٰۃ کے پاس موجود نہیں۔

(ج) تقسیم زکوٰۃ میں سے نئی سکیموں کے اجراء کا اختیار مرکزی زکوٰۃ کونسل کے پاس ہے اگر کونسل نے ایسی کوئی سکیم کی منظوری دی اور اس کے لئے بجٹ موصول ہوا تو صوبائی حکومت اس رقم کو خرچ کرے گی۔

## مرکزی حکومت کی جانب سے صوبائی زکوٰۃ انتظامیہ کو زکوٰۃ کی فراہمی و دیگر تفصیلات

*1143: جناب محمد محسن خان لغاری: کیا وزیر زکوٰۃ و عشر از راہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) اس وقت پنجاب میں ضلعی سطح پر کتنی زکوٰۃ کمیٹیاں اور محلہ وارڈ اور دیہات کی سطح پر کتنی کمیٹیاں کام کر رہی ہیں؟

(ب) مرکزی زکوٰۃ انتظامیہ صوبائی زکوٰۃ انتظامیہ کو سال میں کتنی مرتبہ زکوٰۃ کی مدات میں رقوم فراہم کرتی ہے؟

(ج) سال2007 میں مرکز سے کتنی رقم کب وصول ہوئی، کیا یہ رقم مستحقین میں تقسیم کی جاچکی ہے؟

(د) کیا یہ درست ہے کہ زکوٰۃ کی تقسیم کا کام سر دست بند پڑا ہے؟

(ہ) کیا یہ بھی درست ہے کہ علاقائی اور مقامی زکوٰۃ کمیٹیوں کے چیئرمینوں کے پاس بے شمار درخواستیں آچکی ہیں لیکن ضلعی زکوٰۃ کمیٹیوں کے دفاتر فنڈز نہ ہونے کی وجہ سے درخواستیں وصول نہیں کر رہے؟

(و) کیا یہ بھی درست ہے کہ بچیوں کی شادی گرانٹ کے لئے چھ ماہ سے ایک سال کے عرصہ کی درخواستوں پر کوئی کارروائی نہیں ہوئی جس سے مستحقین سخت پریشان ہیں؟

(ز) اگر جزہائے بالا کا جواب اثبات میں ہے تو کیا حکومت جلد از جلد فنڈز کی فراہمی کو یقینی بنا کر اس مسئلہ کو حل کرنے کا ارادہ رکھتی ہے، اگر نہیں تو اس کی وجوہات کیا ہیں؟

وزیر زکوٰۃ و عشر (حاجی احسان الدین قریشی):

(الف) پنجاب میں اس وقت ضلعی کی سطح پر 35 زکوٰۃ کمیٹیاں موجود ہیں جبکہ محلہ وارڈ اور دیہات کی سطح پر 25019 مقامی زکوٰۃ کمیٹیاں کام کر رہی تھیں جن کی میعاد 30۔جون 2008 کو ختم ہو چکی ہے۔

(ب) مرکزی زکوٰۃ انتظامیہ، صوبائی زکوٰۃ انتظامیہ کو زکوٰۃ کی مستقل مدات اور فنی تعلیمی وظائف کی رقم دو مساوی اقساط میں جاری کرتی ہے جبکہ دیگر مدات میں رقم بالعموم مالی سال میں ایک بار فراہم کی جاتی ہے۔

(ج) مالی سال 08-2007 میں مرکز سے زکوٰۃ کی تقسیم کی مختلف مدات اور انتظامی اخراجات کے لئے کل۔3 ارب 7 کروڑ 33 لاکھ 19 ہزار 250 روپے کی رقم موصول ہوئی اس رقم کی وصولی کی تفصیل تتمہ (الف) ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔ زکوٰۃ کی مختلف مدات میں جون 2008 تک 2۔ارب 84 لاکھ 24 ہزار 847 روپے کی رقم مستحقین کو تقسیم کی گئی ہے چونکہ یہ رقم سابق حکومت کے منتخب کردہ چیئرمینوں نے تقسیم کی تھی لہذا، آڈٹ رپورٹس میں بے شمار بے ضابطگیوں کی نشاندہی کی گئی تھی جن سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ زکوٰۃ کی تقسیم شفاف اور منصفانہ طریقے سے نہیں کی گئی اور اصل مستحقین کی بجائے اپنے سیاسی کارکنوں کو نوازا گیا۔

(د) یہ درست ہے کہ زکوٰۃ کی تقسیم کا کام مقامی زکوٰۃ کمیٹیوں کی عدم تشکیل کی بناء پر بند ہے- چونکہ سابق دور میں یہ کمیٹیاں سیاسی بنیادوں پر بنائی گئیں اور انہوں نے زکوٰۃ کی تقسیم بھی منصفانہ طرز سے نہ کی لہذا اس دفعہ یہ کوشش کی جارہی ہے کہ انتہائی نیک اور غیر سیاسی افراد کو ان میں شامل کیا جائے-

(ہ) علاقائی و مقامی زکوٰۃ کمیٹیوں کی میعاد کار 30-6-2008 کو ختم ہو چکی ہے-چونکہ سابق حکومت کے منتخب کردہ چیئرمینوں کی بے ضابطگیاں آڈٹ رپورٹس کے ذریعے منظر عام پر آ چکی ہیں، لہذا ان چیئرمینوں کے خلاف کارروائی کرنے کے بعد نئی مقامی زکوٰۃ کمیٹیاں تشکیل دی جائیں گی اور اس کے بعد مستحقین سے درخواستیں طلب کی جائیں گی-

(و) یہ درست ہے کہ گزارہ الاؤنس، شادی و بحالی کی مدات میں زکوٰۃ کی تقسیم مقامی زکوٰۃ کمیٹیوں کی عدم تشکیل کی بناء پر بند ہے-

(ز) جیسا کہ اوپر تحریر کیا گیا ہے کہ سابق حکومت کے منتخب کردہ چیئرمینوں کی بے ضابطگیاں آڈٹ رپورٹس میں شائع ہو چکی ہیں اور ان کے خلاف کارروائی کرنے کے بعد نئی کمیٹیاں تشکیل دی جائیں گی اور وفاقی حکومت کو فنڈز کے اجراء کی درخواست کی جائے گی جس کے بعد زکوٰۃ کی تقسیم کا کام شروع کیا جائے گا-

## پی پی-60 فیصل آباد میں زکوٰۃ کمیٹیوں کی تعداد و دیگر تفصیلات

*1412: راؤ کاشف رحیم خان: کیا وزیر زکوٰۃ و عشر از راہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) حلقہ پی پی-60 سمندری ضلع فیصل آباد میں کتنی زکوٰۃ کمیٹیاں کام کر رہی ہیں، ان کی تفصیل بتائی جائے؟

(ب) حلقہ پی پی-60 سمندری ضلع فیصل آباد میں زکوٰۃ کی مد میں پچھلے پانچ سالوں میں کتنی زکوٰۃ دی گئی ہے، آگاہ فرمائیں؟

(ج) حلقہ پی پی-60 سمندری ضلع فیصل آباد میں زکوٰۃ کی خُورد برد کرنے پر کتنے اشخاص کے خلاف کارروائی کی گئی ہے؟

(د) حلقہ پی پی-60 سمندری ضلع فیصل آباد میں موجودہ زکوٰۃ کمیٹیوں کے عہدیداران کی مدت کتنی ہے؟

(ہ) حلقہ پی پی-60 سمندری ضلع فیصل آباد میں پچھلے پانچ سالوں میں کتنے لوگوں کو زکوٰۃ دی گئی ہے؟

وزیر زکوٰۃ وعشر (حاجی احسان الدین قریشی):

(الف) حلقہ پی پی-60 سمندری ضلع فیصل آباد میں 126 مقامی زکوٰۃ کمیٹیاں کام کر رہی تھیں۔ جن کی تفصیل تتمہ (الف) ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔چونکہ سابق دور میں یہ کمیٹیاں سیاسی بنیادوں پر بنائی گئیں اور انہوں نے زکوٰۃ کی تقسیم بھی منصفانہ طرز سے نہ کی لہذا اس دفعہ یہ کوشش کی جارہی ہے کہ انتہائی نیک اور غیر سیاسی افراد کو ان میں شامل کیا جائے۔

(ب) حلقہ پی پی-60 سمندری ضلع فیصل آباد میں پچھلے پانچ سالوں میں زکوٰۃ کی مد میں مبلغ 70748417 روپے جاری کئے گئے اس رقم کی مدوار تفصیل درج ذیل ہے:-

| مد | 2003-04 | 2004-05 | 2005-06 | 2006-07 | 2007-08 | میزان |
|---|---|---|---|---|---|---|
| گزارہ لاؤنس عید الاؤنس | 88520114 | 8820000 | 8820000 | 8836000 | 8860000 | 44186114 |
| جہیز | 680000 | 150000 | 180000 | 460000 | 240000 | 1710000 |
| چھوٹی بحالی | 665000 | 10000 | 400000 | 455000 | 95000 | 1625000 |
| مستقل بحالی | 9515000 | 7025000 | NIL | Nil | Nil | 16541000 |
| تعلیمی وظائف | 1912124 | 221400 | 236688 | 50400 | 446364 | 2866976 |
| طبی ادارہ جات | Nil | NIL | NIL | Nil | 680250 | 680250 |
| دینی مدارس | Nil | 982350 | 370610 | 652117 | Nil | 2005077 |
| انتظامی اخراجات | | | | | | |
| چیئرمین الاؤنس | Nil | 378000 | 378000 | 378000 | Nil | 1134000 |
| میزان | 21622238 | 17587750 | 10385298 | 10831517 | 10321614 | 70748417 |

چونکہ یہ رقم سابق حکومت کے منتخب کردہ چیئرمینوں نے تقسیم کی تھی لہذا آڈٹ رپورٹس میں بے شمار بے ضابطگیوں کی نشاندہی کی گئی تھی جن سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ زکوٰۃ میں تقسیم شفاف اور منصفانہ طریقے سے نہیں کی گئی اور اصل مستحقین کی بجائے اپنے سیاسی کارکنوں کو نوازا گیا۔

(ج) حلقہ پی پی-60 سمندری ضلع فیصل آباد میں خورد برد کرنے پر مقامی زکوٰۃ کمیٹی وارڈ نمبر 2 تحصیل سمندری کے چیئرمین امیر خان ولد غریب محمد خان کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے اسے برطرف کیا گیا اور اس کے خلاف ایف آئی آر بھی درج کروادی گئی تھی کیس زیر سماعت ہے۔

(د) حلقہ پی پی-60 سمندری ضلع فیصل آباد میں مقامی زکوٰۃ کمیٹیوں کے عہدیداران کی مدت کار مورخہ 30-جون 2008 کو ختم ہو چکی ہے۔

(ہ) حلقہ پی پی۔60 سمندری ضلع فیصل آباد میں پچھلے پانچ سالوں میں کل 13100 افراد کو زکوٰۃ دی گئی ہے جس کی مدوار تفصیل درج ذیل ہے:۔

| مد | 2003-04 | 2004-05 | 2005-06 | 2006-07 | 2007-08 | میزان |
|---|---|---|---|---|---|---|
| گزارہ الاؤنس، عیدالاؤنس | 1386 | 1386 | 1386 | 1392 | 1400 | 6950 |
| جہیز | 68 | 15 | 18 | 46 | 24 | 171 |
| چھوٹی بحالی | 133 | 2 | 18 | 91 | 19 | 325 |
| مستقل بحالی | 761 | 453 | - | - | - | 1214 |
| تعلیمی وظائف | 2030 | 212 | 262 | 12 | 344 | 2860 |
| طبی ادارہ جات | 248 | 323 | 195 | 302 | 106 | 1228 |
| دینی مدارس | - | 170 | 76 | 106 | - | 352 |
| میزان | 4626 | 2561 | 2017 | 1949 | 1947 | 13100 |

## پی پی۔125 میں زکوٰۃ کمیٹیوں کی تعداد و دیگر تفصیلات

*1438: چودھری طاہر محمود ہندلی (ایڈووکیٹ): کیا وزیر زکوٰۃ و عشر از راہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:۔

(الف) حلقہ پی پی۔125 سیالکوٹ میں کتنی زکوٰۃ کمیٹیاں ہیں، کتنی فعال اور کتنی غیر فعال ہیں؟

(ب) کیا حلقہ پی پی۔125 میں یونین کونسل پراگ پور کے گاؤں محال مٹاں والا میں زکوٰۃ کمیٹی ہے تو کیا اس کی باڈی موجود ہے؟

وزیر زکوٰۃ و عشر (حاجی احسان الدین قریشی):

(الف) حلقہ پی پی۔125 سیالکوٹ میں مقامی زکوٰۃ کمیٹیوں کی تعداد 82 ہے مقامی زکوٰۃ کمیٹیوں کی مدت 30۔جون 2008 کو مکمل ہونے کی بنا پر اس وقت تمام مقامی زکوٰۃ کمیٹیاں غیر فعال ہیں۔

(ب) یونین کونسل پراگ پور کے گاؤں مٹاں والا کے نام سے کوئی مقامی زکوٰۃ کمیٹی نہ ہے تاہم یہ گاؤں دھیرا سندھا کی مقامی زکوٰۃ کمیٹی کے ساتھ منسلک ہے۔

## ضلع قصور میں زکوٰۃ فنڈز سے پیداواری اداروں کا قیام

*1500: محترمہ ثمینہ خاور حیات: کیا وزیر زکوٰۃ و عشر از راہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:۔

(الف) کیا حکومت زکوٰۃ فنڈ سے ضلع قصور میں کوئی ایسے ادارے یا فیکٹری قائم کرنے کا ارادہ رکھتی ہے جہاں پر مستحق اور غرباء کے بچوں کو باعزت روزگار مل سکے؟

(ب) کیا حکومت ضلع قصور میں گداگری کی لعنت کو دور کرنے اور پیشہ ور بھکاریوں کے لئے ایسے ادارے قائم کرنے کا ارادہ رکھتی ہے جو زکوٰۃ سے قائم ہوں اور جہاں بھکاریوں کو ضروریات زندگی کی تمام سہولتیں میسر ہوں؟

(ج) اگر جواب اثبات میں ہے تو حکومت کب تک فیکٹری یا ادارے قائم کرنے کا ارادہ رکھتی ہے تو کب تک، اگر نہیں تو اس کی وجوہات بیان کی جائیں؟

وزیر زکوٰۃ و عشر (حاجی احسان الدین قریشی):

(الف) حکومت کی طرف سے ضلع قصور میں تین فنی تربیتی ادارہ جات کام کر رہے ہیں جہاں مستحق اور غرباء کے بچوں کو فنی تربیت کے مختلف شعبوں میں تعلیم دی جا رہی ہے۔ دوران تعلیم (ٹریننگ) طلباء کو زکوٰۃ فنڈ سے -/500روپے ماہوار وظیفہ اور تعلیم (ٹریننگ) کی کامیاب تکمیل کے بعد -/5000روپے اوزار (ٹول) کی خرید کے لئے دیئے جاتے ہیں تاکہ وہ اپنا روزگار شروع کر کے معاشرے میں باعزت زندگی بسر کر سکیں۔

(ب) بنیادی طور پر یہ سوال محکمہ سوشل ویلفیئر سے تعلق رکھتا ہے لیکن جہاں تک گداگری کی لعنت اور پیشہ ور بھکاریوں کا تعلق ہے حکومت واقعی ان سے نجات حاصل کرنا چاہتی ہے۔ سردست تقسیم زکوٰۃ کے موجودہ قواعد و ضوابط کے تحت بھکاریوں کے لئے ادارے قائم نہ کئے جا سکتے ہیں۔ ہاں البتہ ایسے بھکاری جو فنی تربیت کے مجوزہ تعلیم (ٹریننگ) کے معیار پر پورا اترتے ہیں ان کو فنی تربیت کے اداروں میں زکوٰۃ سے فنی تربیت فراہم کی جا سکتی ہے۔ اس صورت میں زکوٰۃ سے ماہانہ وظیفہ و دیگر مراعات حاصل کر سکیں گے جبکہ دیگر افراد اپنے علاقوں کی مقامی زکوٰۃ کمیٹیوں سے استحقاق کے تعین کے بعد ماہانہ /500روپے بطور گزارہ الاؤنس حاصل کر سکتے ہیں۔

(ج) جز(ب) میں اس بارے میں وضاحت کر دی گئی ہے۔

## ضلع لاہور 2004تا2005، میں زکوٰۃ کی مد میں موصول ہونے والی رقم و دیگر تفصیلات

*1502: محترمہ ثمینہ خاور حیات: کیا وزیر زکوٰۃ و عشر از راہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:۔

(الف) سال 2004 سے 2005 ضلع لاہور میں کتنی رقم زکوٰۃ کی مد میں موصول ہوئی، تفصیل سال وار فراہم کی جائے؟

(ب) اس فنڈ سے کتنی رقم بطور زکوٰۃ غرباء میں تقسیم کی گئی؟

(ج) مذکورہ سالوں میں اس مد میں ملنے والی رقم میں کتنی رقم خورد برد ہوئی، تفصیل فراہم کی جائے؟

(د) مذکورہ عرصہ میں زکوٰۃ کی رقم میں خورد برد کرنے والے جن سرکاری ملازمین کے خلاف محکمانہ کارروائی کی گئی، ان کے نام، عہدہ، گریڈ کی تفصیل فراہم کی جائے؟

وزیر زکوٰۃ و عشر (حاجی احسان الدین قریشی):

(الف) ضلع لاہور کو مالی سال 04-2003 اور 05-2004 میں کل 719210497 روپے زکوٰۃ کی مد میں موصول ہوئے جس کی سال وار تفصیل درج ذیل ہے:۔

| مد | 2003-04 | 2004-05 | میزان |
|---|---|---|---|
| گزارہ الاؤنس بشمول عید گرانٹ | 112565404 | 111061062 | 223626466 |
| تعلیمی وظائف | 31914906 | 31463568 | 63378474 |
| دینی مدارس | 14184480 | 13983866 | 28168346 |
| طبی ادارہ جات | 10638186 | 10487856 | 21126042 |
| بحالی | 7092066 | 6991848 | 14083914 |
| مستقل بحالی | 121378000 | 116412000 | 237790000 |
| تعلیمی وظائف (فنی) | 48900000 | 48593000 | 97493000 |
| جہیز فنڈ | 7092066 | 6991848 | 14083914 |
| میزان | 353765108 | 345985048 | 699750156 |
| تنخواہ زکوٰۃ پیڈ سٹاف | 4959243 | 4796784 | 9756027 |
| چیئرمین الاؤنس | 3768000 | 3846000 | 7614000 |
| سٹیشنری | 628000 | 641500 | 1269500 |
| پرنٹنگ | 219054 | 384600 | 603654 |
| دیگر اخراجات | 89660 | 127500 | 217160 |
| کل میزان | 363429065 | 355781432 | 719210497 |

(ب) اس فنڈ سے مبلغ 589486618 روپے تقسیم کئے گئے جس کی سال و مد وار تفصیل درج ذیل ہے:۔

| مدات | 2003-04 | 2004-05 | میزان |
|---|---|---|---|
| گزارہ الاؤنس | 108709260 | 108120000 | 216829260 |
| تعلیمی وظائف | 7675539 | 7578522 | 15254061 |
| دینی مدارس | 14184480 | 13982267 | 28166747 |
| طبی ادارہ جات | 3054100 | 3058650 | 6112750 |
| بحالی | 7080000 | 6990000 | 14070000 |
| مستقل بحالی | 119300000 | 115408000 | 234708000 |

| | | | |
|---|---|---|---|
| تعلیمی وظائف (فنی) | 17226100 | 44229700 | 61455800 |
| جہیز فنڈ | 5920000 | 6970000 | 12890000 |
| میزان | 283149479 | 306337139 | 589486618 |

چونکہ یہ رقم سابق حکومت کے منتخب کردہ چیئرمینوں نے تقسیم کی تھی لہذا آڈٹ رپورٹس میں بے شمار بے ضابطگیوں کی نشاندہی کی گئی تھی جن سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ زکوٰۃ کی تقسیم شفاف اور منصفانہ طریقے سے نہیں کی گئی اور اصل مستحقین کی بجائے اپنے سیاسی کارکنوں کو نوازا گیا۔

(ج) آڈٹ رپورٹس کے مطابق زکوٰۃ کی تقسیم میں بے شمار بے ضابطگیاں پائی گئیں، حکومت ان رپورٹس کا بغور جائزہ لے رہی ہے اور ذمہ داران کے خلاف حسب ضابطہ کارروائی کی جائے گی۔

(د) آڈٹ رپورٹس کا جائزہ لیا جارہا ہے اور ذمہ داران کے خلاف حسب ضابطہ کارروائی کی جائے گی۔

## ضلع لاہور کو زکوٰۃ کی مد میں رقم کی وصولی و دیگر تفصیلات

*1524: محترمہ راحیلہ خادم حسین: کیا وزیر زکوٰۃ و عشر ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ :-

(الف) سال 2002 تا سال 2005 ضلع لاہور میں کتنی رقم زکوٰۃ کی مد میں موصول ہوئی تفصیل سال وار فراہم کی جائے؟

(ب) اس فنڈ سے کتنی رقم غرباء میں تقسیم کی گئی اور کتنی رقم دفتری اور اخراجات سرکاری ملازمین کی تنخواہوں، ٹی اے/ڈی اے گاڑیوں کی مرمت اور پٹرول وغیرہ پر خرچ ہوئی؟

(ج) مذکورہ سالوں میں ضلع لاہور میں زکوٰۃ کی کتنی رقم کی خُورد بُرد کا انکشاف ہوا؟

(د) زکوٰۃ کی اس رقم کی خُورد بُرد کے سلسلے میں جن سرکاری ملازمین کے خلاف محکمانہ کارروائی کی گئی ان ملازمین کے نام، عہدہ اور گریڈ وغیرہ کی تفصیل فراہم کی جائے؟

وزیر زکوٰۃ و عشر (حاجی احسان الدین قریشی):

(الف) ضلع لاہور کو سال 2002 تا 2005 میں زکوٰۃ کی مد میں مبلغ 167999031 روپے کی رقم موصول ہوئی جس کی سال وار تفصیل درج ذیل ہے:-

| نمبر شمار | مالی سال | رقم |
|---|---|---|
| 1 | 2002-03 | 448788534 |
| 2 | 2003-04 | 363429065 |

| | | |
|---|---|---|
| 3 | 2004-05 | 355781432 |
| | میزان: | 1167999031 |

(ب) مذکورہ عرصہ کے دوران ضلع لاہور کے غرباء میں مبلغ 944174207 روپے کی رقم تقسیم کی گئی جس کی سال وار تفصیل درج ذیل ہے۔چونکہ یہ رقم سابق حکومت کے منتخب کردہ چیئر مینوں نے تقسیم کی تھی لہذا آڈٹ رپورٹس میں بے شمار بے ضابطگیوں کی نشاندہی کی گئی تھی جن سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ زکوٰۃ کی تقسیم شفاف اور منصفانہ طریقے سے نہیں کی گئی اور اصل مستحقین کی بجائے اپنے سیاسی کارکنوں کو نوازا گیا۔

| نمبر شمار | مالی سال | رقم |
|---|---|---|
| 1 | 2002-03 | 354687589 |
| 2 | 2003-04 | 283149479 |
| 3 | 2004-05 | 308337139 |
| | میزان | 944174207 |

اس فنڈ سے انتظامی اخراجات کی مد میں خرچ کردہ رقم کی تفصیل بھی درج ذیل ہے:-

| مد | 2002-03 | 2003-04 | 2004-05 | میزان |
|---|---|---|---|---|
| دیگر اخراجات | 1886 | 5092 | 51327 | 58305 |
| تنخواہ زکوٰۃ پیڈ سٹاف | 2328003 | 4207243 | 4795075 | 12330321 |
| گاڑیوں کی مرمت | 5072 | 11900 | 20000 | 36972 |
| پٹرول | 4704 | 20300 | 17156 | 42160 |
| میزان | 2339665 | 4244535 | 4883558 | 17351316 |

یہاں اس امر کی وضاحت کرنا ضروری ہے کہ زکوٰۃ فنڈ سے سرکاری ملازمین کو تنخواہیں، ٹی اے / ڈی اے وغیرہ نہیں دیا جاتا۔

(ج) چونکہ آڈٹ رپورٹس میں بے شمار بے ضابطگیوں کی نشاندہی کی گئی تھی لہذا حکومت ذمہ داران کے خلاف کارروائی کرنے کا ارادہ رکھتی ہے۔

(د) چونکہ زکوٰۃ کی رقم سابق حکومت کے منتخب کردہ چیئر مینوں نے تقسیم کی تھی اور آڈٹ رپورٹس کے مطابق وہی اس کے ذمہ دار ہیں۔لہذا حکومت سرکاری ملازمین کے خلاف نہیں بلکہ بے قاعدگیوں میں ملوث زکوٰۃ چیئر مینوں اور ممبران کے خلاف کارروائی کا ارادہ رکھتی ہے۔

## پنجاب میں ووکیشنل ٹریننگ انسٹیٹیوٹ کی تعداد و دیگر تفصیلات

*1525: محترمہ راحیلہ خادم حسین: کیا وزیر زکوٰۃ و عشر از راہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) پنجاب میں ووکیشنل ٹریننگ انسٹیٹیوٹ کے کتنے ادارے ہیں؟

(ب) پنجاب میں قائم انسٹیٹیوٹ کے یہ ادارے کن کن اضلاع میں ہیں۔ ضلع وار تفصیل مع سٹاف تفصیل فراہم کی جائے؟

(ج) پنجاب میں قائم انسٹیٹیوٹ اداروں کو سال2002تا2005 کتنی رقم فراہم کی گئی تھی؟

(د) کتنی رقم سرکاری گاڑیوں کی مرمت اور تیل پر خرچ ہوئی؟

(ہ) اگر جزہائے بالا کا جواب اثبات میں ہے تو حکومت ان اداروں میں استعمال ہونے والی رقم کو بہتر استعمال میں لانے کے کیا اقدامات اٹھا رہی ہے؟

وزیر زکوٰۃ و عشر (حاجی احسان الدین قریشی):

(الف) پنجاب ووکیشنل ٹریننگ کونسل کے زیر انتظام 145 ووکیشنل ٹریننگ انسٹیٹیوٹ بشمول13 Satellite VTIs کام کر رہے ہیں۔ تفصیل تتمہ (الف) ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ب) ان اداروں کی ضلع وار تفصیل مع سٹاف تتمہ (الف) ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ج) مالی سال 02-2001 تا 05-2004 حکومت پنجاب نے کل110854900 روپے آپریشنل Expenditure اور Upgradation of VTIs کی مد میں پنجاب ووکیشنل ٹریننگ کونسل کو اس کے زیر انتظام ووکیشنل ٹریننگ انسٹیٹیوٹس کے لئے فراہم کئے جن کی سال وار تفصیل درج ذیل ہے:-

| سال | مد/ مقصد | رقم |
|---|---|---|
| 2001-02 | Operational Exp. | 21,999,900 |
| 2002-03 | Operational Exp. | 30,555,000 |
| 2003-04 | Nil | Nil |
| 2004-05 | Up gradation of VTIs | 58,300,000 |
| میزان | | 110854900 |

(د) سال2002 سے سال2005 تک ووکیشنل ٹریننگ انسٹیٹیوٹس میں انتظام و انصرام کے لئے استعمال ہونے والی گاڑیوں کی دیکھ بھال، مرمت اور تیل پر بالترتیب880743 اور2049162 روپے خرچ ہوئے جن کی تفصیل درج ذیل ہے:-

| سال | دیکھ بھال و مرمت | تیل | میزان |
|---|---|---|---|
| 2001-02 | 101995 | 317710 | 419705 |
| 2002-03 | 138193 | 440061 | 578254 |
| 2003-04 | 304930 | 538467 | 843397 |
| میزان | 880743 | 2049162 | 2929905 |

(ہ) جزہائے بالا میں بیان کردہ اخراجات تقریباً 18349 روپے ماہانہ تمام VTIs کی گاڑیوں کی دیکھ بھال و مرمت اور 42691 روپے ماہانہ برائے تیل پر خرچ ہوئے جو کہ انتہائی مناسب ہیں اس لئے مزید کسی اقدام کی ضرورت نہ ہے۔

## ملتان، 08-2007 میں زکوٰۃ کی مد میں رقم کی وصولی و دیگر تفصیلات

*1574: محترمہ نرگس پروین اعوان: کیا وزیر زکوٰۃ و عشر ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:۔

(الف) یکم جنوری 2007 تا 31۔جنوری 2008 ضلع ملتان میں کتنی رقم زکوٰۃ کی مد میں صوبائی حکومت کی طرف سے موصول ہوئی؟

(ب) اس عرصہ کے دوران کتنی رقم غرباء میں تقسیم کی گئی؟

(ج) کتنی رقم سرکاری ملازمین کی تنخواہوں اور ٹی اے / ڈی اے پر خرچ ہوئی؟

(د) کتنی رقم سرکاری گاڑیوں کے تیل اور مرمت وغیرہ پر خرچ ہوئی؟

(ہ) اس عرصہ کے دوران کتنی رقم خورد برد ہوئی اور اس کے ذمہ داران کون کون ہیں؟

وزیر زکوٰۃ و عشر (حاجی احسان الدین قریشی):

(الف) ضلع زکوٰۃ کمیٹی ملتان کو یکم جنوری 2007 تا 31۔جنوری 2008 صوبائی زکوٰۃ انتظامیہ کی جانب سے زکوٰۃ فنڈ کی مد میں کل مبلغ 116430126 روپے موصول ہوئے جس کی مد وار تفصیل درج ذیل ہے:۔

| نمبر شمار | مستقل مدات | رقم |
|---|---|---|
| 1 | گزارہ الاؤنس | 51877174 |
| 2 | عید الاؤنس | 2790000 |
| 3 | تعلیمی وظائف (ریگولر) | 15563152 |
| 4 | دینی مدارس | 6916984 |
| 5 | طبی ادارہ جات | 5187718 |
| 6 | سوشل ویلفیئر / بحالی | 3458450 |
| 7 | جہیز فنڈ | 3520900 |

### دیگر مدات

| | |
|---|---|
| تعلیمی وظائف (ٹیکنیکل) | 19927903 |

انتظامی اخراجات

| | | |
|---|---|---|
| 9 | سٹیشنری | 558000 |
| 10 | پرنٹنگ | 334800 |
| 11 | چیئرمین الاؤنس | 3348000 |
| 12 | تنخواہ زکوٰۃ پیڈ سٹاف | 2916845 |
| 13 | پٹرول | 15000 |
| 14 | متفرق اخراجات | 15200 |
| | میزان | 116430126 |

(ب) ضلع ملتان میں اس عرصہ کے دوران کل 38870 غرباء زکوٰۃ فنڈ سے مستفید ہوئے جس کی تفصیل درج ذیل ہے:۔

مستقل مدات

| مد | تقسیم شدہ رقم | تعداد مستحقین |
|---|---|---|
| 1 گزارہ الاؤنس | 50512900 | 8370 |
| 2 عید الاؤنس | 2760000 | 8370 |
| 3 تعلیمی وظائف (ریگولر) | 12795818 | 13055 |
| 4 دینی مدارس | 6894150 | 1967 |
| 5 طبی ادارہ جات | 1753825 | 2273 |
| 6 سوشل ویلفیئر/بحالی | 2630000 | 526 |
| 7 جہیز فنڈ | 2670000 | 267 |

دیگر مدات

| | | |
|---|---|---|
| تعلیمی وظائف (ٹیکنیکل) | 19811000 | 3963 |
| میزان | 99827693 | 38791 |

چونکہ یہ رقم سابق حکومت کے منتخب کردہ چیئرمینوں نے تقسیم کی تھی لہذا آڈٹ رپورٹس میں بے شمار، بے ضابطگیوں کی نشاندہی کی گئی تھی جن سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ زکوٰۃ کی تقسیم شفاف اور منصفانہ طریقے سے نہیں کی گئی اور اصل مستحقین کی بجائے اپنے سیاسی کارکنوں کو نوازا گیا۔

(ج) زکوٰۃ فنڈ سے سرکاری ملازمین کی تنخواہوں اور ٹی اے/ڈی اے پر کوئی رقم خرچ نہ کی جاتی ہے۔

(د) سرکاری گاڑیوں کی مرمت اور پٹرول پر درج ذیل رقم خرچ کی گئی ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| 1 | گاڑیوں کی مرمت | 58000روپے |
| 2 | پٹرول | 67399روپے |
| | میزان | 125399روپے |

(ہ) حکومت آڈٹ رپورٹس میں پائی جانے والی بے ضابطگیوں کا بغور جائزہ لے رہی ہے اور ذمہ داران کے خلاف تادیبی کارروائی کی جائے گی۔

## ضلع سرگودھا میں زکوٰۃ کی مد میں فراہم کی گئی گرانٹ ودیگر تفصیلات

*1688: **محترمہ زوبیہ رباب ملک:** کیا وزیر زکوٰۃ وعشر ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:۔

(الف) یکم دسمبر 2007 سے آج تک کتنی رقم زکوٰۃ کی مد میں ضلع سرگودھا کو فراہم کی گئی ہے؟

(ب) اس عرصہ کے دوران کتنی رقم تحصیل بھلوال کو دی گئی ہے؟

(ج) کتنی رقم غرباء میں تقسیم کی گئی؟

(د) کیا حکومت اس تحصیل کو زکوٰۃ کی مد میں مزید فنڈز فراہم کرنے کو تیار ہے، اگر نہیں تو اس کی وجوہات کیا ہیں؟

**وزیر زکوٰۃ وعشر (حاجی احسان الدین قریشی):**

(الف) ضلع سرگودھا کو یکم دسمبر 2007 سے 31۔اکتوبر 2008 تک مبلغ۔/92564841 روپے کی رقم فراہم کی گئی ہے جس کی مدوار تفصیل درج ذیل ہے۔

### مستقل مدات

| | |
|---|---|
| گزارہ الاؤنس | 22186408روپے |
| دینی مدارس | 09089900روپے |
| تعلیمی وظائف (ریگولر) | 06655923روپے |
| طبی ادارہ جات | 02218641روپے |
| جہیز فنڈ | 01479082روپے |
| عارضی بحالی | 01479082روپے |

### دیگر مدات

| | |
|---|---|
| تعلیمی وظائف (ٹیکنیکل) | 38065714روپے |

### انتظامی اخراجات

| | |
|---|---|
| عاملین زکوٰۃ کی تنخواہ ودیگر اخراجات | 11390091روپے |

(ب) تحصیل بھلوال کو یکم دسمبر 2007 تا 23-اکتوبر 2008 تک 17546777 روپے کی رقم فراہم کی گئی ہے جس کی مدوار تفصیل درج ذیل ہے

| مد | رقم ملین میں |
|---|---|
| گزارہ الاؤنس | 6861000 |
| دینی مدارس | 301668 |
| تعلیمی وظائف (ریگولر) | 673068 |
| تکنیکی ادارہ جات | 311441 |
| جہیز فنڈ | 520000 |
| عارضی بحالی | 350000 |
| تعلیمی وظائف (ٹیکنیکل) | 8529600 |

(ج) زکوٰۃ کی مختلف مدات میں مبلغ 17546777 روپے کی رقم مستحقین کو تقسیم کی گئی چونکہ یہ رقم سابق حکومت کے چیئرمینوں نے تقسیم کی تھی لہذا آڈٹ رپورٹس میں بے شمار بے ضابطگیوں کی نشاندہی کی گئی تھی جن سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ زکوٰۃ کی تقسیم شفاف اور منصفانہ طریقے سے نہیں کی گئی اور اصل مستحقین کی بجائے اپنے سیاسی کارکنوں کو نوازا گیا۔

(د) حکومت اس تحصیل کو فنڈز فراہم کر رہی ہے اور آئندہ بھی فنڈز کی ترسیل قواعد و ضوابط کے تحت جاری رہے گی۔

## لاہور میں ووکیشنل ٹریننگ انسٹیٹیوٹس کی تعداد و دیگر تفصیلات

*1767: محترمہ نگہت ناصر شیخ: کیا وزیر زکوٰۃ و عشر ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) لاہور میں کہاں اور کتنے ووکیشنل ٹریننگ انسٹیٹیوٹ ہیں، ان کی تفصیل فراہم کی جائے؟

(ب) لاہور میں موجود ووکیشنل ٹریننگ انسٹیٹیوٹس کو سال 2008 میں کتنا فنڈ مہیا کیا گیا، تفصیل فراہم کی جائے؟

وزیر زکوٰۃ و عشر (حاجی احسان الدین قریشی):

(الف) لاہور میں اس وقت 9 ووکیشنل ٹریننگ انسٹیٹیوٹس کام کر رہے ہیں جن کی تفصیل درج ذیل ہے:-

| نمبر شمار | نام ادارہ جات |
|---|---|
| 1 | ووکیشنل ٹریننگ انسٹیٹیوٹ گورنرہاؤس لاہور |
| 2 | ووکیشنل ٹریننگ انسٹیٹیوٹ سپیشل ہاؤس(گنج محل) 40ٹی گلبرگ11 |
| 3 | ووکیشنل ٹریننگ انسٹیٹیوٹ فیروزپورروڈ،سوئے آصل سٹاپ بلیاں والا کھوہ(31کلومیٹر) لاہور |
| 4 | ووکیشنل ٹریننگ انسٹیٹیوٹ انجمن سلیمانیہ ویلفیئر اینڈایجوکیشنل کمپلیکس نزدخضری مسجد، سمن آباد، لاہور |
| 5 | ووکیشنل ٹریننگ انسٹیٹیوٹ(ملک برکت علی کیمپس) گگے زئی ویلفیئر کمپلیکس لنک شادمان روڈ،لاہور |
| 6 | ووکیشنل ٹریننگ انسٹیٹیوٹ نین سکھ نزدسگیاں پل شیخوپورہ، جڑانوالہ روڈلاہور |
| 7 | ووکیشنل ٹریننگ انسٹیٹیوٹ134انڈسٹریل ایریا،کوٹ لکھپت گرین ٹاؤن لاہور |
| 8 | ووکیشنل ٹریننگ انسٹیٹیوٹ سی۔1/ٹونزدقادری چوک ٹاؤن شپ لاہور |
| 9 | ووکیشنل ٹریننگ انسٹیٹیوٹ یونین کونسل روڈمانگالاہور |

(ب) لاہور میں موجود ووکیشنل ٹریننگ انسٹیٹیوٹس کو سال2008 کے دوران پنجاب ووکیشنل ٹریننگ کونسل کی جانب سے انتظامی اخراجات اور ضلعی زکوٰۃ فنڈز لاہور سے فراہم کردہ رقم برائے وظائف طلباء وکورس اخراجات کی تفصیل درج ذیل ہے:-

| نام ادارہ جات | رقم برائے انتظامی اخراجات منجانب PVTC | زکوٰۃ فنڈ سے وظائف اور کورس اخراجات کے لئے مہیا کردہ رقم |
|---|---|---|
| 1- VTI گرین ٹاؤن لاہور | 5684500 | 10408000 |
| 2- VTI ٹاؤن شپ لاہور | 2088480 | 4930000 |
| 3- VTI سپیشل ہاؤس(گنج محل) 40۔ٹی گلبرگ۔ 11 | 1056000 | 3525000 |
| 4- VTI شادمان لاہور | Nil | 4066800 |
| 5- VTI سمن آباد لاہور | 1147200 | 3324200 |
| 6- VTI گورنرہاؤس لاہور | Nil | 7651600 |
| 7- VTI مانگالاہور | 1219100 | 2225400 |
| 8- VTI بلیانوالہ کھوہ لاہور | 480500 | 2761600 |
| 9- VTI نین سکھ لاہور | Nil | 1713800 |
| میزان | 11675780 | 40606400 |

## ووکیشنل ٹریننگ کونسل کا قیام و دیگر تفصیلات

*1768: محترمہ نگہت ناصر شیخ: کیاوزیر زکوٰۃ وعشر ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) لاہور میں ووکیشنل ٹریننگ کونسل کا قیام کب وجود میں آیا؟

(ب) مذکورہ کونسل کو سال2008 میں کتنی گاڑیاں فراہم کی گئی ہیں، تفصیل فراہم کی جائے؟

(ج) کیا سال 2008میں لاہور میں ووکیشنل ٹریننگ کا کوئی نیاادارہ کھولا گیا ہے؟

وزیر زکوٰۃ و عشر (حاجی احسان الدین قریشی):

(الف) پنجاب ووکیشنل ٹریننگ کونسل، پنجاب ووکیشنل ٹریننگ کونسل ایکٹ 1998 کے تحت معرض وجود میں آئی۔

(ب) ووکیشنل ٹریننگ کونسل کو سال 2008میں کوئی گاڑی فراہم نہیں کی گئی۔

(ج) لاہور میں سال 2008میں ووکیشنل ٹریننگ کا کوئی ادارہ قائم نہیں کیا گیا۔

## لاہور کے ہسپتالوں میں غریب مریضوں کے علاج کے لئے مختص کی گئی رقم ودیگر تفصیلات

*1997: محترمہ آمنہ الفت: کیا وزیر زکوٰۃ و عشر ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:۔

(الف) گنگارام ہسپتال، جنرل ہسپتال، سروسز ہسپتال اور میو ہسپتال لاہور میں زکوٰۃ فنڈز سے کتنی رقم غریب مریضوں کے علاج کے لئے مختص کی جاتی ہے، 2006تا2008 کی علیٰحدہ علیٰحدہ تفصیل سے ایوان کو آگاہ کیا جائے؟

(ب) مذکورہ ہسپتالوں میں زکوٰۃ کی مد سے غریب مریضوں کے علاج کا طریق کار کیا ہے؟

(ج) کیا مذکورہ ہسپتالوں میں ہر ڈیپارٹمنٹ کے لئے زکوٰۃ سے علیٰحدہ علیٰحدہ رقم مختص کی جاتی ہے؟

(د) کیا کسی مستحق غریب مریض کے لئے زکوٰۃ کی رقم مختص کی جاتی ہے کہ اس سے زیادہ رقم کسی بھی مریض کو نہیں مل سکتی یا بیماری کے مطابق رقم دی جاتی ہے؟

وزیر زکوٰۃ و عشر (حاجی احسان الدین قریشی):

(الف) گنگارام، جنرل، سروسز اور میو ہسپتال لاہور میں زکوٰۃ فنڈز سے مستحق مریضوں کے علاج کے لئے سال 2006تا2008 جو رقم مرکزی زکوٰۃ فنڈ سے مہیا کی گئی اس کی سال وار تفصیل درج ذیل ہے:۔

| | 2006-07 | 2007-08 |
|---|---|---|
| گنگارام | 3500000 | 3500000 |
| جنرل | 7500000 | 7500000 |
| سروسز | 6600000 | 6600000 |
| میو | 23000000 | 2300000 |

یہ امر قابل ذکر ہے کہ میو ہسپتال لاہور کو ملنے والی مذکورہ دونوں سالوں کی رقم میں مبلغ 10000000روپے سالانہ گردوں کے مریضوں کے لئے مہیا کئے گئے تھے۔

(ب) مرکزی زکوٰۃ کونسل کے منظور شدہ قواعد کے تحت زکوٰۃ کے مستحق مریض اپنے رہائشی علاقہ کے چیئرمین مقامی زکوٰۃ کمیٹی سے استحقاق سرٹیفکیٹ حاصل کر کے اپنے قومی شناختی کارڈ کی کاپی کے ساتھ ہسپتال کی ہیلتھ ویلفیئر کمیٹی کو پیش کرتے ہیں۔ہیلتھ ویلفیئر کمیٹی مریض کے کوائف کے اندراج کے بعد اس کو علاج کے لئے ڈاکٹر کو بھیجتی ہے۔ڈاکٹر نسخہ لکھتا ہے اور کنسلٹنٹ / فارماسسٹ کی تصدیق کے بعد مریض کو ادویات جاری کر دی جاتی ہے چیئرمین مقامی زکوٰۃ کمیٹی کی عدم موجودگی یا ایمرجنسی کی صورت میں مستحق کو فوری طور پر علاج کی سہولت میسر ہے اور اس کے استحقاق کی تصدیق متعلقہ ہسپتال کی ہیلتھ ویلفیئر کمیٹی کا کوئی بھی ممبر، صوبائی و مرکزی زکوٰۃ کونسل کے ممبر کر سکتے ہیں۔آوٹ ڈور مریض کے علاج کے لئے فی مستحق 1000روپے اور ہسپتال میں داخل مریض کے لئے مبلغ 2000روپے کی رقم یکمشت خرچ کی جاسکتی ہے جس کو مرکزی زکوٰۃ کونسل نے اب بڑھا کر بالترتیب 2000تا3000روپے کر دی ہے لیکن مریض کے مرض کے مطابق ہیلتھ ویلفیئر کمیٹی وجوہات کے تعین کے بعد مقرر کردہ شرح سے زیادہ رقم خرچ کرنے کی بھی مجاز ہے۔چونکہ پچھلے دور میں سابق حکومت کے منتخب چیئرمینوں نے مستحقین کے استحقاق سرٹیفکیٹ تصدیق کئے تھے لہذا آڈٹ رپورٹس میں بے شمار بے ضابطگیوں کی نشاندہی کی گئی تھی جن سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ زکوٰۃ کی تقسیم شفاف اور منصفانہ طریقے سے مستحق مریضوں کو نہیں کی گئی اور اصل مستحقین کی بجائے اپنے سیاسی کارکنوں کو نوازا گیا۔موجودہ حکومت دیانتدار اور صاحب کردار چیئرمینوں کی نامزدگی کے لئے کوشاں ہے تاکہ آئندہ کسی مستحق مریض کی حق تلفی نہ ہو۔

(ج) مرکزی زکوٰۃ انتظامیہ تمام ہسپتالوں کو مالی سال میں دو اقساط میں رقم کا اجرا کرتی ہے یہ رقم تمام شعبہ جات کے مریضوں کے لئے اکٹھی جاری کی جاتی ہے۔ میو ہسپتال میں پہلے یورالوجی اور دیگر بیماریوں کے لئے علیحدہ علیحدہ فنڈز کا اجرا کیا جاتا تھا۔یورالوجی کی گرانٹ گردہ کے مریضوں اور جنرل گرانٹ تمام دیگر شعبہ جات کے مختلف مریضوں پر خرچ کی جاتی تھی۔

(د) مریض کی بیماری ونسخےاور مرکزی زکوٰۃ کونسل کے وضع کردہ قواعد وضوابط کے تحت ان ڈور اور آوٹ ڈور مریض کے لئے متعین کردہ رقوم کی حد کے اندر رہتے ہوئے مستحق مریض کا علاج کیا جاتا ہے۔البتہ ہسپتال کی ہیلتھ ویلفیئر کمیٹی کو مرض کی نوعیت کے پیش نظر مریض پر زائد رقم خرچ کرنے کا اختیار حاصل ہے۔

## گنگارام ہسپتال کے لئے زکوٰۃ کی مد سے مختص رقم کی تفصیلات

*1998: محترمہ آمنہ الفت: کیاوزیر زکوٰۃ وعشر ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:۔

(الف) کیا یہ درست ہے کہ محکمہ زکوٰۃ و عشر گنگارام ہسپتال کے لئے سالانہ 35لاکھ روپے مریضوں کے علاج معالجہ کے لئے فراہم کرتا ہے؟

(ب) کیا یہ بھی درست ہے کہ پہلے بریسٹ کینسر کی مریض خواتین کے لئے ایک کورس 15ہزار روپے میں لگتا تھا جس کی قیمت موجودہ دور میں بڑھ کر 50ہزار روپے تک ہو گئی ہے؟

(ج) اگر جزہائے بالا کے جوابات اثبات میں ہیں تو کیا محکمہ مریضوں کے علاج کے لئے بالعموم اور بریسٹ کینسر میں مبتلا خواتین کے لئے بالخصوص امداد میں دو سے تین گنا اضافہ کرنے کا ارادہ رکھتا ہے اگر ہاں تو یہ اضافہ کب تک ممکن ہے، نہیں تو اضافہ نہ کرنے کی وجوہات سے ایوان کو آگاہ فرمایا جائے؟

وزیر زکوٰۃ وعشر (حاجی احسان الدین قریشی):

(الف) جی ہاں، یہ درست ہے کہ گنگارام ہسپتال کی ہیلتھ ویلفیئر کمیٹی کو مستحق مریضوں کے علاج و معالجہ کے لئے مرکزی زکوٰۃ فنڈ سے سالانہ 35لاکھ روپے فراہم کئے جاتے ہیں۔

(ب) درحقیقت مرض کی نوعیت کو پیش نظر رکھ کر کورس تجویز کیا جاتا ہے جس پر کم شدت کی بیماری کی صورت میں پانچ ہزار سے دس ہزار ماہانہ اور زیادہ شدت کی صورت میں 40سے 50ہزار روپے تک ماہانہ اخراجات ہو جاتے ہیں۔

(ج) گنگارام ہسپتال تدریسی ہسپتال کا درجہ رکھتا ہے اور اس سطح کے تمام ہسپتال براہ راست مرکزی زکوٰۃ کونسل سے امداد حاصل کر رہے ہیں البتہ گنگارام ہسپتال کی انتظامیہ /ہیلتھ ویلفیئر کمیٹی اگر امداد میں اضافہ چاہتی ہے تو وہ ہسپتال کا کیس تیار کر کے برائے منظوری صوبائی زکوٰۃ انتظامیہ کو ارسال کرے صوبائی زکوٰۃ انتظامیہ ہسپتال کی سالانہ گرانٹ میں

اضافہ کی درخواست صوبائی زکوٰۃ کونسل کی منظوری کی سفارشات کے ساتھ مرکزی زکوٰۃ کونسل کو سالانہ گرانٹ میں اضافہ کے لئے ارسال کرے گی۔

## قرارداد پیش کرنے کے لئے قواعد کی معطلی کی تحریک

**جناب ڈپٹی سپیکر:** وزیر قانون راناثناءاللہ خان، سینئر وزیر راجہ ریاض صاحب۔ قائد حزب اختلاف، علی نور نیازی صاحب اور مخدوم سید احمد محمود صاحب نے قواعد انضباط کار صوبائی اسمبلی پنجاب بابت 1997 کے قاعدہ 234 کے تحت قاعدہ 115,27 اور دیگر متعلقہ قواعد کو معطل کر کے غزہ کے متاثرین سے اظہار یک جہتی کے لئے قرارداد پیش کرنے کی اجازت طلب کی ہے۔ محرک اپنی تحریک پیش کریں۔

**وزیر قانون و پارلیمانی امور (راناثناءاللہ خان):** جناب سپیکر! میں یہ تحریک پیش کرتا ہوں کہ:

"قواعد انضباط کار صوبائی اسمبلی پنجاب بابت 1997 کے قاعدہ 234 کے تحت قاعدہ 115,27 اور دیگر متعلقہ قواعد کو معطل کر کے غزہ کے متاثرین سے اظہار یک جہتی کے لئے قرارداد پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔"

**جناب ڈپٹی سپیکر:** یہ تحریک پیش کی گئی ہے کہ:

"قواعد انضباط کار صوبائی اسمبلی پنجاب بابت 1997 کے قاعدہ 234 کے تحت قاعدہ 115,27 اور دیگر متعلقہ قواعد کو معطل کر کے غزہ کے متاثرین سے اظہار یک جہتی کے لئے قرارداد پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔"

یہ تحریک پیش کی گئی ہے اور اب سوال یہ ہے کہ:

"قواعد انضباط کار صوبائی اسمبلی پنجاب بابت 1997 کے قاعدہ 234 کے تحت قاعدہ 115,27 اور دیگر متعلقہ قواعد کو معطل کر کے غزہ کے متاثرین سے اظہار یک جہتی کے لئے قرارداد پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔"

(تحریک متفقہ طور پر منظور ہوئی)

محرک اپنی قرارداد پیش کریں۔

# قرارداد

## غزہ پر اسرائیل کی حالیہ جارحیت میں فلسطینیوں کے ہونے والے قتل عام کی بھرپور مذمت

**وزیر قانون و پارلیمانی امور (راناثناءاللہ خان):**

"پنجاب اسمبلی کا یہ معزز ایوان غزہ پر حالیہ اسرائیلی جارحیت کی بھرپور مذمت کرتا ہے اور اسے علاقے میں گزشتہ ساٹھ سال سے جاری اسرائیلی بربریت اور ظلم کا تسلسل قرار دیتا ہے۔ یہ معزز ایوان بے گناہ اور نہتے فلسطینی عوام کے بہیمانہ قتل عام کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کرتا ہے۔ یہ ایوان اسرائیلی جارحیت کے نتیجے میں شہید ہونے والے بے گناہ فلسطینیوں خصوصاً خواتین اور معصوم بچوں کے قتل عام کو ایسا بدترین المیہ قرار دیتا ہے جس کی پوری انسانی تاریخ میں مثال نہیں ملتی۔ یہ ایوان وفاقی حکومت سے سفارش کرتا ہے کہ اس معاملے پر پاکستان عوام کے جذبات اور احساسات کو اقوام متحدہ اور اسلامی ممالک کی عالمی تنظیم O.I.C تک پہنچائے اور عالمی سطح پر اسرائیل کی بھرپور مذمت کی جائے۔

یہ ایوان وفاقی حکومت سے اس امر کی بھی سفارش کرتا ہے کہ عالمی سطح پر فلسطین کی سیاسی اور اخلاقی حمایت کا اعادہ کیا جائے تاکہ فلسطینی عوام تک یہ پیغام پہنچے کہ مصیبت کی اس گھڑی میں وہ تنہا نہیں ہیں۔ اس ایوان کے تمام اراکین فلسطینی عوام کے ہونے والے افسوسناک جانی و مالی نقصان کی تلافی کے لئے اپنی ایک دن کی تنخواہ دینے کا اعلان بھی کرتے ہیں۔"

**جناب ڈپٹی سپیکر:** یہ قرارداد پیش کی گئی ہے کہ:

"پنجاب اسمبلی کا یہ معزز ایوان غزہ پر حالیہ اسرائیلی جارحیت کی بھرپور مذمت کرتا ہے اور اسے علاقے میں گزشتہ ساٹھ سال سے جاری اسرائیلی بربریت اور ظلم کا تسلسل قرار دیتا ہے۔ یہ معزز ایوان بے گناہ اور نہتے فلسطینی عوام کے بہیمانہ قتل عام کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کرتا ہے۔ یہ ایوان اسرئیلی

جارحیت کے نتیجے میں شہید ہونے والے بے گناہ فلسطینیوں خصوصاً خواتین اور معصوم بچوں کے قتل عام کو ایسا بد ترین المیہ قرار دیتا ہے جس کی پوری انسانی تاریخ میں مثال نہیں ملتی۔ یہ ایوان وفاقی حکومت سے سفارش کرتا ہے کہ اس معاملے پر پاکستان عوام کے جذبات اور احساسات کو اقوام متحدہ اور اسلامی ممالک کی عالمی تنظیم O.I.C تک پہنچائے اور عالمی سطح پر اسرائیل کی بھرپور مذمت کی جائے۔

یہ ایوان وفاقی حکومت سے اس امر کی بھی سفارش کرتا ہے کہ عالمی سطح پر فلسطین کی سیاسی اور اخلاقی حمایت کا اعادہ کیا جائے تاکہ فلسطینی عوام تک یہ پیغام پہنچے کہ مصیبت کی اس گھڑی میں وہ تنہا نہیں ہیں۔ اس ایوان کے تمام اراکین فلسطینی عوام کے ہونے والے افسوسناک جانی و مالی نقصان کی تلافی کے لئے اپنی ایک دن کی تنخواہ دینے کا اعلان بھی کرتے ہیں۔"

یہ قرارداد چونکہ متفقہ طور پر پیش کی گئی ہے اس کی کوئی مخالفت نہیں کی گئی لیکن اگر کوئی معزز رکن اس سلسلے میں بات کرنا چاہتا ہے تو کر سکتا ہے۔ جی، قائد حزب اختلاف!

قائد حزب اختلاف (چودھری ظہیر الدین خان): جناب سپیکر! اس وقت تمام پارٹیوں کی طرف سے یہ بہت ہی اہم قرارداد آئی ہے اور اس کے نہایت ہی مناسب الفاظ بھی ہیں اور سب سے بڑی بات یہ ہے کہ اس میں ایک مدت یعنی 60 سال کا ذکر کیا گیا ہے۔ انسانیت کی تاریخ میں بہیمانہ ظلم کا تسلسل نہ Roman Age میں، نہ یہودیوں کے اوپر ہٹلر کے مظالم کا تسلط 60 سال تک رہا، یہودیوں کا امریکہ اور اپنے alliance کے ساتھ مل کر 60 سال پر محیط ظالمانہ تسلط کی مذمت جتنی بھی کی جائے وہ کم ہے اور آج اس ایوان نے مشترکہ طور پر اس کی مذمت کی ہے۔ میں اس کے لئے اس ایوان کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں اور میں یہاں ایک بات گزارش کرنا چاہتا ہوں، جو کوئی بھی ہمارے اسلاف کی پیروی کرتے ہوئے، ہمارے آباء کے اقدار کی پیروی کرتے ہوئے ہمارے بھائی اسلامی ممالک میں سے جس نے ایک اعلیٰ اور ارفع قدم اٹھایا ہے اس کے لئے بھی خراج تحسین پیش کیا جانا چاہئے۔ ہمارے برادر ملک ترکی کے وزیر اعظم جب Davos میں گئے تھے تو وہاں پر جب اسرائیلی وزیر اعظم نے ظلم اور انصاف کے درمیان ایک واضح لکیر کھینچنے کے لئے اپنے remarks دیئے تو ہمارا برادر ملک ترکی جو R.C.D میں ہمارے ساتھ رہا اور ہمیشہ پاکستان کا ساتھ دیا، جنگوں میں بھی ہمارا ساتھ

دیا،آج مسلم امہ کی تکلیف کو محسوس کرتے ہوئے وزیراعظم ترکی نے فوری طور پر وہاں پراحتجاج کیااور احتجاج کے طور پر وہاں پرwalkoutبھی کیااوراس وقت ان کارویہ یہ تھاکہ میں آئندہ ایسےforum پر نہیں آؤں گا جہاں پر اسرائیلی وزیراعظم بیٹھے گا تو بعد میں اسرائیلی وزیراعظم نے اس پر معذرت بھی کی اور معافی بھی مانگی۔ میں وزیراعظم ترکی کی دلیری، دانشمندی اور مسلم امہ کے ساتھ یک جہتی پراس ایوان کے ذریعے اسے خراج تحسین پیش کرتاہوں اور میں آپ کا شکریہ اداکرتاہوں کہ آپ نے ایک بہت ہی مناسب وقت پراس قرارداد کو پیش کر کے فلسطینیوں کے ساتھ یک جہتی کااظہار کیاہے۔ شکریہ

جناب ڈپٹی سپیکر:جناب علی حیدر نور نیازی صاحب!

جناب علی حیدر نور خان نیازی: شکریہ۔ جناب سپیکر!اس سے پہلے Leader of the Opposition بہت اچھی باتیں فرمارہے تھے اور میں یہ کہوں گا کہ ہم لوگ یہاں پر تقریریں کر دیتے ہیں یعنی جب ان کی بھی گورنمنٹ تھی تو اسرائیل کے ساتھ سفارتی تعلقات بنانے کی کوشش بھی کی گئی اور ابھی بھی ہم وزیراعظم ترکی کی یہ مثالیں تو دے دیتے ہیں لیکن جب ہم لوگ خود گورنمنٹ میں جاتے ہیں تو ہماری طرف سے اس طرح کا کوئی عملی قدم نہیں اٹھایاجاتا لیکن کیاہم اپنے آپ سے یہ سوال نہیں کر سکتے کہ اگر وزیراعظم ترکی اس طرح کر سکتاہے تو کیاہم لوگ اس طرح نہیں کر سکتے اور میں تھوڑا سا ایک شکوہ یہ بھی کروں گا کہ ہم نے کل جو قرارداد جمع کروائی تھی اس میں فلسطینی عوام کے ساتھ اظہار یک جہتی کے ساتھ ساتھ امریکہ کے ڈراؤن حملے پاکستان کے اوپر ہو رہے ہیں اس کی بھی مذمت کی گئی تھی، سوات کے اندر اس وقت جو کچھ ہو رہاہے اس کی بھی مذمت کی گئی تھی، ان الفاظ کو بھی اس قرارداد میں شامل کیا جاتا تو وہ ایک کافی اچھی بات ہوتی۔ بہر حال میں ایک دفعہ پھر اپنی طرف سے اور اپنی جماعت کی طرف سے فلسطینی عوام کے ساتھ مکمل یک جہتی کااظہار کرتاہوں اور ہم حکومت سے مطالبہ کرتے ہیں کہ ہمیں فلسطینی بھائیوں کی ہر سطح پر مدد کرنی چاہئے۔ان کے ساتھ صرف قرارداد کی حد تک مدد نہیں ہونی چاہئے، ہمیں وفاقی حکومت کوpressurizeکرنا چاہئے کہ اقوام متحدہ میں آنے والی قرارداد کو امریکہ نے veto کیا لہذاامریکہ کے ساتھ یہ مطالبہ کیا جائے کہ اگر اسی طرح آپ مسلمانوں کو مارتے رہیں گے تو war interior پر جو ہم آپ کے اتحادی بنے ہوئے ہیں اور اپنے لوگ مروارہے ہیں تو ہم اس اتحاد سے الگ ہو جائیں گے، اس چیز کو بھی اس قرارداد کے اندر شامل کیاجائے۔ شکریہ

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، وارث کلو صاحب!

**ملک محمد وارث کلو:** بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب سپیکر! اس قرارداد کو پورے House نے endorse کیا ہے اور ہمارے لئے یہ انتہائی لمحہ فکریہ ہے کہ ہم اسلام کے پیروکار ہیں۔ اسلام میں یہ ہے کہ ہم ایک رسی کی مانند ہیں، ہم ایک جسم کی مانند ہیں اور ہمارے جسم کے کسی حصے کو بھی اگر کانٹا بھی چبھتا ہے تو پورے جسم کو درد ہوتا ہے۔ جہاں کہیں بھی مسلمانوں پر کوئی تکلیف آئے تو تمام مسلمانوں کو feel کرنا چاہئے یعنی بے حسی نہیں ہونی چاہئے لیکن ہم نے یہ جو قرارداد مذمت دی ہے اس قسم کی قراردادیں پہلے بھی آتی رہی ہیں، ہماری حکومت بھی دے رہی ہے لیکن اب ہمیں root cause کی طرف جانا ہوگا کہ دوسری جنگ عظیم کے بعد امریکہ نے یہودیوں کو فلسطین میں ایک سازش کے تحت آباد کیا اور جب سے یہ یہاں آباد ہوئے ہیں اس وقت سے امریکہ ان کی پیٹھ ٹھونک رہا ہے اور انہوں نے crusade جاری کی ہوئی ہے اور امریکہ اور Zionist اسلام کے خلاف پوری تگ ودو کر رہے ہیں۔ کبھی وہاں ٹیسیں اٹھتی ہیں تو کبھی بیروت سے چیخیں آتی ہیں اور کبھی غزہ میں بچوں اور عورتوں کی چیخنیں آتی ہیں لیکن ہم صرف یہی کر سکتے ہیں کہ ہم ادھر قرارداد دے دیتے ہیں۔

جناب سپیکر! میں اس forum پر یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ آج آپ لوگ سمجھیں گے نہیں:

نہ سمجھو گے تو مٹ جاؤ گے اے ہندوستاں والو!
تمہاری داستاں تک بھی نہ ہوگی داستانوں میں

یہ ایک غزہ کی بات نہیں ہے، یہ ایک بیروت کی بات نہیں ہے، یہ امریکہ نے پورے عالم اسلام کے خلاف جنگ چھیڑی ہوئی ہے لیکن آج ہم اپنے اپنے خول سے، اپنے اپنے مفادات سے اوپر اٹھ کر دیکھ نہیں سکتے۔ کبھی ہم ان کے ڈراؤن سے ڈرتے ہیں، کبھی ہم ان کے طیاروں سے ڈرتے ہیں۔ ابھی ڈراؤن طیارے ہمارے ملک میں ہمارے بھائیوں کو مار رہے ہیں، ہم غزہ کی بات کیا کریں گے؟ ابھی انہوں نے اِدھر 10 ہزار فوجی اتار دیئے ہیں اور ہم امریکہ کی خوشامدیں کر رہے ہیں۔ آج میں اس forum پر احتجاج کروں گا کہ جن لوگوں نے ہمیں تباہ کرنے کی کوئی کسر نہیں چھوڑی آج ہم اپنے سب سے بڑے اعزازات ان لوگوں کو بصد خوشی اور احترام عطا کر رہے ہیں۔ کبھی ہندوستان کو ہمارے اوپر چڑھا دیا جاتا ہے۔ میں آج یہاں آپ کے توسط سے وفاقی حکومت اور پوری قوم کو یہ آواز دیتا ہوں کہ خدارا! مفادات سے ہٹ کر اور نظریہ اسلام پر آ کر امریکہ کو اپنا دشمن سمجھیں، یہودیوں کو

اپنا دشمن سمجھیں اور اس کے لئے اپنے پورے وسائل جھونک دیں۔ آپ دیکھ رہے ہیں کہ پورے غزہ میں بچے چیخ رہے ہیں، مر رہے ہیں اور پرسوں آپ کی باری ہے اور آپ بے خبر سوئے ہوئے ہیں۔ میری یہ استدعا ہے کہ خدارا! حکومت پاکستان اب صرف ان نعروں اور ان مذمتی قرار دادوں سے ہٹ کر امریکہ کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر اپنی ایک پالیسی بنائے اور اسرائیل کوئی چیز نہیں ہے۔ اسرائیل کے خلاف ہماری فوج اور ہماری نیوکلئیر ٹیکنالوجی سارا کچھ کر سکتی ہے لیکن اس کے پیچھے امریکہ کھڑا ہے، وہ ہر جگہ پر veto کرتا ہے تو آج میرا مطالبہ یہ ہے کہ امریکہ کے ساتھ آپ کی جو پالیسی چل رہی ہے اسے بدلا جائے اور اگر آپ اس پالیسی کو نہیں بدلیں گے تو آپ، پوری قوم اور عالم اسلام خسارے میں ہو گا۔ شکریہ

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، رانا ارشد صاحب!

رانا محمد ارشد: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب سپیکر! آج بڑی خوشی ہوئی ہے کہ نیازی صاحب نے ایک قرارداد پیش کی، مسلم لیگ (ن)، ایم ایم اے اور پی پی کے سب دوستوں نے اسے پاس کیا ہے لیکن اب ہمیں تھوڑا سا پاکستان کا moral بلند کرنا ہو گا۔ ہمیں یہ سوچنا ہو گا کہ یہ پاکستان اسلام کے نام پر بنا تھا اور پاکستان کا مطلب کیا تھا، لا الہ الا اللہ۔ آج پوری دنیا کے اندر مسلمانوں کے ساتھ جو ہو رہا ہے یہ ایک بہت بڑی سازش ہے، لمحہ فکریہ ہے آج ہمارے قائد میاں محمد نواز شریف صاحب یہ چاہتے ہیں کہ پاکستان ہی نہیں بلکہ پوری دنیا کے اندر مسلمانوں کا کھویا ہوا مقام حاصل ہونا چاہئے۔ آج امریکہ کا مقابلہ کرنے کے لئے پنجاب اسمبلی کے ممبران کو یہ پیغام دینا ہو گا کہ پاکستان کے اندر امریکہ جو غنڈہ گردی کر رہا ہے وہ فلسطین کے اندر منہ بولتا ثبوت ہے۔ اس سے پہلے عراق کے اندر یہی کچھ ہوا، افغانستان کے اندر یہی کچھ ہوا تو اگر ہم نے stand نہ لیا اور اپنے مؤقف کو امریکہ کے ایوانوں تک نہ پہنچایا تو ہم پاکستان کے عوام کے مجرم ہوں گے کیونکہ ہم سب ممبران کو پاکستان کے عوام نے اپنا قیمتی ووٹ دیا ہے۔ اگر ہم نے پاکستان کی حفاظت نہیں کرنی اور مسلمانوں کا تشخص قائم رکھنے کے لئے اپنا تاریخی کردار ادا نہیں کرنا تو پھر ہم پاکستان کے عوام کو جوابدہ ہوں گے۔ لہذا آج ممبران صوبائی اسمبلی کا پیغام مرکز کے ایوانوں تک جانا چاہئے اور مرکزی حکومت کو اپنی پالیسی پر نظر ثانی کرنا ہو گی کیونکہ جمہوری دور اور آمریت کے دور میں فرق ہوتا ہے۔ ہم نہیں چاہتے کہ پچھلے آمریت کے دور میں جو کچھ ہوا وہی آج کل بھی ہو، ان پالیسیوں پر ہمیں نظر ثانی کرنا ہو گی اور ہمیں امریکہ کا مقابلہ کرنا ہو گا۔ فلسطینی بھائیوں کے ساتھ جو ظلم و تشدد ہو رہا ہے وہی ظلم آج سوات میں بھی ہو رہا ہے اور شمالی علاقہ جات

میں بھی ہو رہا ہے۔اس ظلم کو روکنا ہو گا اور یہ ہماری ذمہ داری ہے اس لئے ہمیں اپنا تاریخی کردار ادا کرنا ہو گا۔اللہ حافظ

جناب ڈپٹی سپیکر: شکریہ۔جی، عبدالوحید چودھری صاحب!

جناب عبدالوحید چودھری:آپ کی مہربانی کہ آپ نے مجھے موقع دیا ہے۔بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ انماالمومنون اخوہ۔ جناب سپیکر! میں آپ کو، وزیر قانون اور تمام اراکین کو مبارکباد پیش کرتا ہوں کہ انھوں نے صحیح معنوں میں صحیح وقت پر یہ قرارداد پیش کی۔اس وقت عالم اسلام میں بے چینی کی لہر ہے کہ پچھلے 60 سالوں سے فلسطینیوں کے ساتھ ظلم و ستم ہو رہا ہے۔ تمام دنیا میں کتنے ہی مسلم ممالک ہیں جو بہت طاقتور بھی ہیں لیکن ہم 60 سالوں میں ان فلسطینی بہنوں اور بھائیوں کی چیخ و پکار پر کچھ بھی نہیں کر سکے۔

جناب سپیکر!آج تو ہم ایمان کے کمزور ترین حصے کو ادا کر رہے ہیں۔ ہم صرف یہاں بیٹھ کر ان کی باتیں کرتے ہیں، زبانی جمع خرچ کرتے ہیں، تمام اسلامی ممالک کو چاہئے کہ وہ اسرائیل کا بائیکاٹ کریں۔ امریکہ نے جو کتا یا ریچھ اسرائیل پالا ہوا ہے، ہم سب امریکہ کے آگے جھکے ہوئے ہیں۔ ہم مسلمان ہونے کے ناتے اس کو یہ باور نہیں کرا سکتے کہ ہمارے بھائیوں، ہماری بیٹیوں اور ہماری ماؤں پر ظلم و ستم ہو رہے ہیں۔ کیا امت مسلمہ اتنی کمزور ہو چکی ہے؟ میں اس کے ساتھ ساتھ یہ بھی کہوں گا کہ جو کچھ آج پاکستان میں ہماری ماؤں، بہنوں اور بیٹیوں کے ساتھ ہو رہا ہے ہمیں وہ دن نہیں بھولنا چاہئے کہ جب قیامت کے دن ہماری بچیوں کے ہاتھ ہمارے حکمرانوں کے گریبانوں پر ہوں گے اور وہ اللہ سے سوال کریں گی کہ:

> اے اللہ ان سے پوچھ تو سہی کہ ہم اس ملک میں جو ملک اسلام کے نام پر بنا تھا جو اللہ اور اس کے رسول کے نام پر بنا تھا جو اسلام کے نظام کے لئے بنا تھا اس ملک میں جب ہم نے اللہ اور اس کے رسول کی بات کی اور جب ہم نے اللہ کے قانون کی بات کی، اللہ اور اللہ کے رسول کے نظام کی بات کی۔

ہم ان حکمرانوں سے پوچھیں تو سہی کہ ہمیں سجدے کی حالت میں کیوں قتل کیا گیا؟ کیا ہم نے ان حکمرانوں اور اس ملک کی بربادی کے لئے تو کوئی قدم نہیں اٹھایا؟ ہماری وفاقی حکومت کو بھی سوچنا چاہئے کہ آج ہماری فوج اور ہم خود اپنی مسلمان بچیوں پر ظلم و ستم کر رہے ہیں، ان بچیوں کا کیا قصور ہے، کیا یہ امریکہ کے کہنے پر ایسا کیا جا رہا ہے؟ امریکہ تو یہ چاہتا ہے کہ پاکستان رہے، کوئی مسلمان ملک رہے اور نہ کوئی اسلام کا نام لینے والا رہے۔

جناب سپیکر! آج ہمیں ہوش کے ناخن لینے ہیں۔ آج ہمیں ہمت، جرأت، استقامت، قومی اہمیت اور قوم کو بحیثیت قوم ہونے کا ثبوت دینا ہے۔ آج ہمیں پاکستان کو ایک آزاد اور خود مختار ملک ہونے کا ثبوت دینا ہے۔ میں وفاقی حکومت سے بھی گزارش کروں گا کہ براہ مہربانی وہ کم از کم اپنے اقتدار، اپنی حکومت اور اپنی طاقت جتنی اللہ تعالیٰ نے دی ہے وہ اپنے عوام کے لئے استعمال کریں اور عوام کی عزت، مال اور جان کے تحفظ کے لئے استعمال کریں نہ کہ امریکہ کے اشاروں پر ہم اپنے ہی بندوں کو مارتے چلے جائیں۔

جناب والا! آخر میں، میں بس یہی کہوں گا کہ قیامت کے دن ہم نے بھی اللہ کے ہاں پیش ہونا ہے اور ہم نے بھی جواب دینا ہے۔ ہم تو صرف آواز اٹھانے کی حد تک ہیں لیکن حکومتوں کے ہاتھوں میں تو سب کچھ ہے۔ ہم تو صرف کوشش کر رہے ہیں جیسے شاکر شجاع آبادی نے کہا ہے کہ:

توں محنت کر تے محنت دا صلہ جانے خدا جانے
توں دیوا بال کے رکھ چا ہوا جانے خدا جانے
ایہہ پوری تھیوے نہ تھیوے مگر بیکار نئیں ویندی
دعا شاکر تو منگی رکھ دعا جانے خدا جانے

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، میاں رفیق صاحب!

**میاں محمد رفیق:** جناب سپیکر! میں آپ کا مشکور ہوں کہ آپ نے مجھے موقع دیا ہے۔ میں یہ عرض کروں گا کہ اسرائیل امریکہ کا ناجائز بچہ ہے جو ظلم اور انسانیت دشمنی کی تاریخ لکھ رہا ہے۔ میں وزیر قانون صاحب کو مبارکباد پیش کرتا ہوں کہ انھوں نے اسرائیل کے انسانیت، اسلام، مسلمانوں کے خلاف جو ظالمانہ اقدامات کئے ہیں اور غزہ کی پٹی پر جو اس نے حملے کئے ہیں اس کے خلاف جو قرارداد پیش کی گئی ہے میں اس قرارداد کی بھرپور حمایت کرتا ہوں اور اس معزز ایوان کی تحسین کرتا ہوں کہ

اس معزز ایوان نے اس قرارداد کو متفقہ طور پر منظور کیا ہے۔ اس کے علاوہ میں اپوزیشن لیڈر کی معلومات میں یہ اضافہ کرنا چاہتا ہوں کہ انھوں نے جو ترکی کے وزیر اعظم کی تحسین کی ہے اس پر میں معزز ایوان کے توسط سے یہ بات انھیں بتاتا ہوں کہ ترکی جو امریکہ کی ریاست سمجھی جاتی ہے جب امریکہ نے ایران کے خلاف حملہ کرنے کے لئے ایک اڈے کے لئے 28۔ارب ڈالر کی پیشکش کی تھی کہ ہمیں ایران پر حملہ کرنے کے لئے ترکی کو ایک اڈا دے دو تو ترکی کا وزیر اعظم ہی تھا جس نے 28۔ارب ڈالر کی پیشکش پر پیشاب کی دھار مار دی تھی۔ آپ اب بھی دیکھ لیں کہ جو وردی اور بوٹوں کی باقیات جو ایک ہی ٹیلیفون پر ڈھیر ہو گئے تھے انھوں نے پاکستان کے تمام اڈے logistic cell بھی ان کے حوالے کر کے انھیں support دی تھی جس کے ذریعے سے افغانستان کی اینٹ سے اینٹ بجادی گئی۔ وانا اور وزیرستان اور شمالی علاقہ جات میں لاشوں کے ڈھیر لگا دیئے گئے اور انھوں نے قیدی بنا کر بھی ڈالر وصول کئے اور جیبیں بھریں۔ انھوں نے لاشوں کے عوض بھی ڈالر وصول کئے۔

جناب سپیکر! میں یہ فرق بھی واضح کرنا چاہتا تھا کہ ہمارے رویے کیا تھے اور ترکی کے وزیر اعظم اور ترکی کی پارلیمنٹ کے رویے کیا تھے کہ جنھوں نے اسلام، مسلمانوں کی یکجہتی اور غزہ کی پٹی کے حوالے سے جو اسرائیل کے خلاف بیان دیا ہے وہ قابل تحسین ہے۔ ایران کے خلاف ایک اڈہ دینے پر انکار کر دیا تھا، 28۔ارب ڈالر کی پیشکش کو بھی نامنظور کر دیا تھا اور پیشاب کی دھار مار دی تھی۔ اسرائیل جو امریکہ کا ایک ناجائز بچہ تھا اس کے تمام اقدامات کی مذمت کرتے ہوئے ترکی کے وزیر اعظم کے یہ سارے اقدامات قابل تحسین ہیں۔ اس کی سوچ اور فکر کا یہ vision ہے جو ترکی کے وزیر اعظم نے اظہار کیا ہے۔ بہت شکریہ

جناب ڈپٹی سپیکر: شکریہ۔ اب میں ثناء اللہ خان مستی خیل صاحب کو دعوت دیتا ہوں۔

جناب محمد ثناء اللہ خان مستی خیل: جناب سپیکر! میں آپ کا مشکور ہوں کہ آپ نے مجھے وقت عنایت فرمایا۔ آج متفقہ طور پر اس ایوان کے اندر جو قرارداد پیش کی گئی ہے کل میں اور علی نیازی صاحب نے بھی پیش کرنے کی کوشش کی تھی لیکن سپیکر صاحب نے کہا تھا کہ متفقہ طور پر پورا ایوان اور لاء منسٹر صاحب اسے پیش کریں گے۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ اسرائیل نے غزہ کے اندر بربریت، ناانصافی اور جو ظلم روا رکھا اس کی تاریخ میں مثال نہیں ملتی۔ اس کی پشت پناہی امریکہ اور سکیورٹی کونسل جو کر رہا ہے مجھے افسوس کے ساتھ کہنا پڑ رہا ہے کہ ستاون اسلامی ممالک کے حکمران اس پر

خاموش ہیں، انہوں نے کوئی آواز بلند نہیں کی۔ اگر یہ ستاون اسلامی ممالک جس میں ہمارا سب سے بڑا ہتھیار آئل ہے اگر ہم ان کو threat کرتے کہ ہم ان کا آئل بند کر دیں گے تو میں سمجھتا ہوں کہ پوری دنیا کو ایک واضح پیغام جاتا۔ قرآن مجید میں بھی آیا ہے کہ اللہ تعالیٰ واضح طور پر فرماتا ہے کہ یہود و نصاریٰ آپ کے دوست نہیں ہو سکتے لیکن کتنے افسوس کے ساتھ مجھے یہ کہنا پڑ رہا ہے کہ اسرائیل کی بربریت، ناانصافی اور ان کے طیاروں نے وہاں پر جو کیا اس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ میں اب بھی آپ کے توسط سے اپنے مسلمان حکمرانوں سے مؤدبانہ التماس کرتا ہوں کہ وفاقی حکومت foreign ministry ان سے یہ contact کرے کہ کم از کم مسلمانوں کا ایک فورم ہونا چاہئے۔ فورم موجود ہے لیکن سکیورٹی کونسل کے اندر بھی ہم مسلمانوں کی ایک سیٹ ہونی چاہئے۔ اس کے لئے عالم اسلام کو میں سمجھتا ہوں کہ لابنگ کرنی چاہئے کیونکہ پاکستان عالم اسلام کی واحد ایک atomic power ہے۔ ہمیں ہی initiative لینا چاہئے اور صدر پاکستان اور وزیر اعظم صاحب کو ایک سیمینار یا summit یہاں بلانی چاہئے جس میں لابنگ کر کے پوری دنیا کے اندر سکیورٹی کونسل میں ہماری مسلمانوں کی سیٹ بھی ہونی چاہئے تاکہ جو مظالم چاہے وہ کشمیر کے اندر ہوں، فلسطین کے اندر ہوں یا افغانستان کے اندر ہوں ان کی بربریت روکنی چاہئے۔ میں یہ کہوں گا کہ آخر مسلمانوں پر یہ زیادتی کیوں ہو رہی ہے؟ امریکہ جو اپنا new world order مسلط کرنا چاہ رہا ہے یہ ان کی کڑیاں ہیں۔ کیا خوب امریکہ کی عوام ایک change لائے ہیں اور انہوں نے باراک حسین اوباما کو امریکہ کا صدر منتخب کیا ہے۔ امریکہ کے پہلے جو step تھے وہاں پر گوانتاناموبے جو عقوبت خانہ تھا اس کو بند کرنے کے احکامات دیئے ہیں۔ چلو وہ عیسائی ہیں لیکن ہمارے بھائی ہیں اور وہ حسین کے نام کی لاج رکھ لیں۔ پوری دنیا کے اندر جب تک یہ انصاف عدل جہانگیری نہیں ہو گا تب تک میں سمجھتا ہوں کہ یہ دہشت گردی بھی ختم نہیں ہو سکتی اور اس کی جتنی بھی مذمت کی جائے بہت کم ہے۔ شکریہ

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، منڈا صاحب!

چودھری علی اصغر منڈا (ایڈووکیٹ): شکریہ۔ جناب سپیکر! فلسطینی عوام کے ساتھ اظہار یکجہتی اور ان کے دکھوں میں شریک ہونے کی بابت پنجاب کے عوام کی ترجمانی کرتے ہوئے آج پنجاب اسمبلی نے جو ایک متفقہ قرارداد پیش کی ہے اور پنجاب کے غیور عوام کا پیغام وفاقی حکومت اور مظلوم فلسطینی عوام کو دیا ہے یہ قابل صد ستائش ہے لیکن اس موقع پر میں ایک دو گزارشات کرنا ضروری سمجھتا ہوں کہ اب یہ مسائل صرف قرارداد اور اس طرح کی اظہار یکجہتی سے حل نہیں ہوں گے بلکہ اب وقت آ گیا

ہے کہ امریکہ اور اس کی بی ٹیم یہودی لابی کی غلامی سے ہمیں آزاد ہونا ہوگا۔آج ہمیں یزید کی پالیسیوں سے انحراف کرنا ہوگا۔آج ہمیں مشرف اور اس کی ٹیم جو یہودی اور امریکہ کی غلامی کی پالیسیوں پر چل رہی ہے اس سے ہمیں بغاوت کرنا ہوگی۔ آج ہمیں حضرت امام حسینؓ اور اس عراقی صحافی المنتظر الزیدی کا پیروکار بننا پڑے گا۔ میں اس موقع پر اس عظیم صحافی جس نے دنیا کے number one terroristامریکی صدر کے منہ پر جوتا رسید کیا میں اس کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔آج اس صحافی کی زندگی ہماری مسلمان قوم کے لئے مشعلِ راہ ہے۔آج ہمیں سینہ سپر ہو کر اس بات کا اعادہ کرنا ہوگا کہ مسلمان ایک جسم ہیں۔اگر جسم کے ایک حصے کو تکلیف ہوتی ہے تو ہم ہر لحاظ سے غزہ کی مسلمان برادری جو ہمارے فلسطینی بھائی ہیں ان کے ساتھ ہمیں اخلاقی، جانی، مالی، خونی اور ہر طرح کا رشتہ جوڑنا ہوگا اور امریکہ کو غلامی سے بغاوت کا پیغام دینا ہوگا۔اس طرح قرار دادوں سے بات نہیں بڑھے گی۔ہمیں فخر ہے کہ ہم حسینیت کے پیروکار ہیں، ہمیں اس بات پر بھی فخر ہے کہ ہم مشرف کے باغی ہیں جو یزیدیت کا پیروکار ہے اس لئے ہم اس بات کا اعادہ کرتے ہیں کہ ہم عالم اسلام کے لیڈر میاں محمد نواز شریف کے ساتھی ہیں جو ایک ساتویں عالمی ایٹمی قوت کا سربراہ اور قائد ہے۔ ہم امریکہ کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر یہ پیغام دیں گے کہ اب یہ آپ کو ظلم بند کرنا ہوگا وگرنہ آپ کی داستان نہ ہوگی داستانوں میں۔بہت شکریہ

جناب ڈپٹی سپیکر: شکریہ۔جی، شوکت عزیز بھٹی صاحب!

راجہ شوکت عزیز بھٹی: جناب سپیکر! آج اس ایوان میں متفقہ طور پر جو قرارداد پیش ہوئی ہے یہ ایک ایسا مسئلہ ہے جو نہ صرف پاکستان کا بلکہ ساری مسلم امہ کا مسئلہ ہے اور اس کے بہت سارے محرکات ہمارے سامنے وقتاً فوقتاً پہلے آتے رہے ہیں۔بیروت پر حملہ ہوا، عراق پر قبضہ ہوا اور افغانستان میں جو کچھ ہوا ان ساری سازشوں کا جو دائرہ کار تھا وہ آج پاکستان کے گرد جمع کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔میں سمجھتا ہوں کہ ممبئی میں حملہ ہوا اور اس کے ساتھ غزہ پر جو حملہ ہوا یہ ملتی جلتی کڑیاں تھیں۔ان کو پتا تھا کہ جب دنیا میں کسی مسلمان ملک پر کوئی کڑا وقت آتا ہے تو پاکستان کے مسلمان ان کے لئے آواز اٹھاتے ہیں۔انہی حالات میں انڈیا میں ایک ڈرامہ رچا کر ہمیں الجھا یا گیا اور ساتھ ہی غزہ میں افسوسناک واقعہ نے جنم لیا۔اسرائیل نے غیر قانونی طور پر قبضہ کر کے ملک کو آباد کیا جس کی پشت پناہی امریکہ نے کی۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس ملک میں دہشت گردی کی جو ابتداء ہوئی وہ ہیروشیما، ناگاساکی پر پہلی ایٹمی قوت کے استعمال سے ہوئی تھی، اس کے بعد اسرائیل کی ناجائز قبضے

کی حمایت کرنے پر ہوئی۔اس کے بعد ساری دنیا پر بالخصوص عراق میں biological weapons کا ایک ڈرامہ کیا گیا جہاں سے آج تک نہیں نکلے۔انہوں نے ہر موڑ پر اپنے اندر کا چھپا ہوا چہرہ دنیا کے سامنے لانے کی کوشش کی جسے ہم بیان نہیں کر سکتے۔جس کے اصل روپ کی طرف مسلمان دنیا نے توجہ نہیں دی۔یہ بہت بڑی سازش ہے اور جس گمان میں ہم پاکستانی بیٹھے ہوئے ہیں کہ ہمارے پاس ایٹم بم ہے اور ہم دفاع کر لیں گے تو روس کے پاس تین ہزار ایٹم بم تھے لیکن اپنی عوام کے کھانے کے لئے روٹی نہ تھی وہ collapse کر گیا۔ہمیں ان حالات پر غور کرنا ہو گا اور بحیثیت قوم اس صورتحال کی طرف توجہ دینی ہو گی کہ ہمیں اس ملک اور اس زمین کے ٹکڑے کے لئے ایسے فیصلے کرنے ہوں گے جس پر ہماری آنے والی نسلوں کو ہماری لیڈر شپ کے اوپر فخر ہونا چاہئے۔ہمارے سیاسی اختلافات اپنی جگہ بجا ہیں، نظریات کے اختلافات اپنی جگہ بجا ہیں، ہم ایک دوسرے سے اختلافات تو ضرور کر سکتے ہیں لیکن جب اس وطن کی مٹی کی بات ہو، جب دین اسلام کی بات ہو، جب قوم کی بات ہو، جب پاکستان کی بات ہو، جب مسلم دنیا کی عزت اور وقار کی بات ہو تو ہمیں ایک جھنڈے تلے جمع ہونا چاہئے۔اس اتحاد اور اتفاق کا مظاہرہ کرنا چاہئے تاکہ کسی کو اپنے ناپاک عزائم کو معرض وجود میں لانے کے لئے قطعاً کوئی جرأت نہ ہو سکے۔

جناب سپیکر!اس بات کے لئے میں چاہوں گا کہ اس متفقہ قرارداد کے ساتھ وفاقی حکومت کو اس بات کی سفارش کی جائے کہ آج پھر وفاقی حکومت پاکستان پیپلز پارٹی کی ہے اور یہ اسی جماعت کی حکومت ہے کہ جس جماعت کے لیڈر نے ملک کو ایٹمی قوت بنانے کے لئے ابتدا کی تھی۔آج پنجاب میں اس جماعت کی حکومت ہے جس نے امریکہ کی آنکھ میں آنکھ ڈال کر ایٹمی دھماکہ کر کے اس کو پایہ تکمیل تک پہنچایا تھا۔آئیں اپنے ان اوصاف کو برقرار رکھیں اور اسی جرأت کے ساتھ کام لیں اور اس پاکستان کو بچانے کے لئے اور مسلم امہ کو دنیا میں اپنا نام پیدا کرنے کے لئے وہ خطوط استوار کریں کہ دنیا ہم پر ناز کرے۔ہمیں اس نقش قدم پر چلنا چاہئے جو ہماری قیادتوں نے اس سے پہلے اس ملک پر قائم کئے اور میں سمجھتا ہوں کہ اس میں کچھ حصہ میرے گھرانے کا بھی ہے کہ 18۔اپریل 1974 کو اس پاکستان کو ایٹمی قوت بنانے کا Privilege Motion جو اسمبلی میں move ہوئی تھی وہ میرے والد محترم نے move کی تھی کہ پاکستان کو ایٹمی قوت ہونا چاہئے۔آئیں آج اس بات کا تہیہ کریں اس قرارداد کے ساتھ کہ ان چیزوں کی بنیاد رکھیں جو ہمیں ان طاقتوں کی آنکھوں میں آنکھ ڈالنے کی جرأت عطا کریں۔

جناب سپیکر! ہمارے ساتھ ایران نے اپنا فیصلہ کیا۔ اپنے پاؤں پر کھڑے ہو گئے اور کوئی کچھ نہیں بگاڑ سکا کیونکہ بحیثیت قوم انہوں نے اپنے ملک کو بچانے کے لئے اپنی بقا اور سلامتی کے لئے فیصلہ کیا تھا۔ کوئی کچھ نہیں بگاڑ سکا۔ جب ہمارے اندر کے سیاسی اور نظریاتی اختلافات ہمارے ملکی مفاد کے سامنے حائل ہوتے ہیں تو ہمیں اس طرح کی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ میں یوں کہوں گا کہ:

ابھی حیات کو تاریکیوں نے گھیرا ہے
جدھر بھی آنکھ اٹھاؤ بڑا اندھیرا ہے
شب سیاہ سے اہل سفر نہ گھبرائیں
شب سیاہ کی آغوش میں سویرا ہے

بہت شکریہ، مہربانی

**جناب ڈپٹی سپیکر:** جی، اعجاز خان صاحب!

**ملک محمد وارث کلو:** پوائنٹ آف آرڈر۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** جی، فرمائیں!

**ملک محمد وارث کلو:** جناب سپیکر! سابق اسمبلی میں آپ کو یاد ہو گا کہ دستی صاحب کو سپیکر صاحب out of the way کہتے تھے کہ جس وقت آپ کا دل کرے آپ بول لیں اور پھر انہیں out of turn وقت ملتا تھا۔ اب اس اسمبلی کے دستی صاحب ڈھکو صاحب ہیں اور مہربانی کر کے انہیں out of turn accommodate کیا کریں۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** کلو صاحب! ابھی ڈھکو صاحب کو وقت دیا تو وہ باہر چلے جائیں گے، میں انہیں اس کے بعد ٹائم دیتا ہوں۔ جی، اعجاز صاحب!

**جناب اعجاز احمد خان:** شکریہ۔ جناب سپیکر! پارلیمانی لیڈروں نے عالمی اہمیت کی حامل متفقہ تحریک پیش کی ہے جو بلاشبہ پاکستان اور پنجاب کے عوام کے جذبات کی ترجمانی ہے لیکن دیکھنا یہ ہے کہ غزہ کے اندر جو تین ہفتے تک اسرائیل نے ظلم وزیادتی اور وحشیانہ تشدد کی ایک تاریخ رقم کی ہے تو اس کے دوران U.N.O اور بنیادی حقوق کے علمبردار اور O.I.C نے اپنا بنیادی کردار ادا کیا ہے یا نہیں؟ U.N.O نے اس دوران ایک قرارداد پاس کی کہ اسرائیل غزہ پر اپنے مظالم بند کرے لیکن اس کے باوجود اس قرارداد پر عمل نہیں کیا گیا لیکن اگر ایسی کوئی تحریک کسی اسلامی ملک چاہے وہ عراق یا

افغانستان ہو، کے خلاف پاس کی جائے تو فوری طور پر سکیورٹی کونسل اس کے اوپر مسلح یلغار کر دیتا ہے جبکہ غزہ کے معاملے میں قرارداد پاس ہونے پر خاموشی اختیار کی گئی۔ یہ double standard ہے اور U.N.O کی formation اور اس کے بنیادی طور پر تخلیق اور وجود کے ایجنڈا کے برعکس ہے۔ آج پوری امت مسلمہ کو سوچنا ہے کہ کیا U.N.O امریکہ کے مفادات کا تحفظ کر رہی ہے یا پوری دنیا کے اندر جو ممالک کے ساتھ مظالم پر آواز اٹھاتی ہے تو جواب بہت واضح ہے کہ U.N.O اپنے ایجنڈے سے ہٹ گئی ہے۔ آج پوری امت مسلمہ کو یہ سوچنا ہے کہ O.I.C کو اس موقع پر activate کریں۔ آپ دیکھیں کہ O.I.C کا کوئی اجلاس اس سارے دورانیے میں نہیں بلایا گیا اور اسلامی امہ کو divide کر دیا گیا ہے۔ امریکہ ایک ایک ملک کو پکڑ کر اس کے خلاف ایک مذموم سازش بنا کر terrorism کے نام نہاد ایجنڈے پر ان کے خلاف کارروائیاں کر رہا ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ اس قرارداد کے اندر U.N.O کے کردار کو condemn کیا جائے، اس کے دہرے معیار کو expose کیا جائے اور اسلامی امہ کی O.I.C جیسی مردہ تحریک کو دوبارہ سے بحال کرنے کی بات کی جائے اور حکومت پاکستان سے بھی اس بات کا مطالبہ کیا جائے کہ تین ہفتوں تک یہ خاموشی کیوں اختیار کی گئی، کیا ہم O.I.C کے ممبر نہیں ہیں، ہم نے O.I.C کا اجلاس بلانے کا مطالبہ کیوں نہیں کیا؟ ہم صرف اور صرف ایسے مواقع پر جب فلسطین میں ظلم ہو رہا ہو، جب غزہ میں ظلم ہو رہا ہو، جب کشمیر میں ظلم ہو رہا ہو تو ہم مساجد کے اندر دعائیں کرنے تک محدود ہو جاتے ہیں۔ اللہ اس قوم کی تقدیر نہیں بدلتا جو substantially کام کرنے کے لئے باہر نہ نکلے۔ ہمیں بدلتے ہوئے عالمی معاملات پر جوش کی بجائے ہوش کے ساتھ کام لینا چاہئے۔ ہمیں اس ساری صورتحال کا ادراک کرنا چاہئے اور اس پر اس قوم کے مسلم امہ کے اور خصوصی طور پر پاکستان کی تمام سیاسی پارٹیوں کے قائدین کو سر جوڑ کر بیٹھنا ہو گا اور پوری دنیا کے اندر مسلمانوں کے مفادات کے تحفظ کے لئے ایک uniform policy بنانی ہو گی اور U.N.O کا کردار اور اس ادارے کے استعمال کو امریکہ کی لونڈی نہیں بننے دیں گے۔ ہم آواز بلند کریں گے کہ یا تو اس U.N.O کو ختم کر دیا جائے یا اس۔۔۔

(اذان ظہر)

**جناب اعجاز احمد خان:** جناب سپیکر! میں یہ عرض کر رہا تھا کہ U.N.O اسلامی امہ کے مفادات اور آزادی کا تحفظ کرنے میں ناکام رہا ہے لہذا U.N.O کی موجودہ formation ہمیں قبول نہیں ہے۔ Security Council میں اسلامی ممالک کی مستقل سیٹ کے حوالے سے جو بات ابھی ایک دوست

نے کی تھی یہ بہت قابل عمل مطالبہ ہے۔اس کے علاوہ U.N.O کے ایجنڈے پر عمل کرنے کا مطالبہ حکومت پاکستان کو فوری طور پر کرنا چاہئے،آپ کا بہت شکریہ

جناب ڈپٹی سپیکر: بہت شکریہ۔اس پر بات کرنے کے لئے جن معزز ممبران نے نام دیئے تھے ان میں کرنل(ر) نوید، جلال الدین ڈھکو، شیخ علاؤالدین، محترمہ آمنہ الفت، محترمہ بشریٰ نواز گردیزی، محترمہ شمیلہ اسلم، ڈاکٹر اشرف چوہان اور خلیل طاہر سندھو ہیں۔ اس کے علاوہ بھی بہت سارے ممبران بات کرنا چاہتے تھے جن میں ڈاکٹر سامیہ امجد،جناب نوید انجم۔۔۔

شیخ علاؤالدین: پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شیخ صاحب! میں اس کے بعد آپ کو وقت دے دوں گا کیونکہ ہم نے وقفہ نماز کرنا ہے۔

شیخ علاؤالدین: جناب سپیکر! میں نے اس پر تقریر نہیں کرنی، میں صرف ایک منٹ لوں گا۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، فرمائیں!

شیخ علاؤالدین: جناب سپیکر! میں چاہ رہا تھا کہ صرف ریکارڈ کو سیدھا کر لیا جائے کیونکہ ہمارے کچھ بھائیوں نے یہ بات بار بار اس ایوان میں کہی ہے کہ اسرائیل امریکہ کا ناجائز بچہ ہے۔ میں صرف یہ بات ریکارڈ کو صحیح کرنے کے لئے کہنا چاہ رہا ہوں کہ Belford Declaration کا main signatory انگلینڈ تھا، آپ خود بھی اس بات کو بہت سمجھتے ہیں اور اس کا creator بھی Great Britain تھا۔ میں یہ کہنا چاہ رہا ہوں کہ اگر ہم امریکہ کی مذمت کرتے ہیں no doubt کہ اس وقت امریکہ کا کردار بالکل ویسا ہی ہے جیسا کہ ہمارے بھائیوں نے کہا ہے لیکن ہمیں یہ بات تاریخی طور پر یاد رکھنی چاہئے کہ Belford Declaration کس نے create کیا تھا وہ Great Britain نے کیا تھا اور اس وقت امریکہ اتنا زیادہ politics میں active نہیں تھا۔ دوسری بات میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ پاکستان کے لئے اب تک جو عظیم مسئلہ کشمیر کا بنا ہوا ہے اس میں بھی جب سری نگر پر قبضہ ہونے لگا تھا تو Royal Air Force پاکستان کے خلاف اور قبائلیوں کے خلاف انگلینڈ نے ہی استعمال کی تھی ورنہ سری نگر پر قبضہ ہو جاتا۔ تیسری اور آخری بات میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ جب ہم یہ ساری باتیں کرتے ہیں تو ہمیں فلسطینی صدر کا کردار بھی یہاں condemn کرنا چاہئے جس نے یہ کہا کہ یہ حملے اس لئے ہو رہے ہیں کہ حماس نے ان پر راکٹ attack کئے ہیں۔ ہم غیروں کو تو برا کہتے ہیں اس فلسطینی

صدر کو اس اسمبلی میں بُرا کیوں نہیں کہتے جس نے وہاں کھڑے ہو کر بیان دیا کہ یہ attack اس لئے ہوئے ہیں اور یہ retaliation ہے against that attack of missile from the Hammas شکریہ

**ملک محمد وارث کلو:** پوائنٹ آف آرڈر۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** کلو صاحب! آپ تو بات کر چکے ہیں، جی، فرمائیں!

**ملک محمد وارث کلو:** جناب سپیکر! میرے بھائی نے جس طرح فرمایا ہے، یہ امریکہ کی بات نہیں ہے، دیکھیں کہ امریکہ کن لوگوں پر محیط ہے۔ امریکہ itself جو جگہ ہے وہ تو آج بھی بیچارے Red Indians کسمپرسی کی زندگی گزار رہے ہیں اور انگریزوں نے ان کو اس طرح مارا ہے کہ یہ لوگ تو بدمعاش ہیں۔انگریزوں نے یہ سارا اور Jews, Zens اور Christians وہاں کے جو انگریز Christians ہیں انہوں نے مل کر ایک جنگ عالم اسلام کے خلاف چھیڑی ہوئی ہے۔ شیخ صاحب جو فلسطینی صدر کی بات کر رہے تھے تو اس سلسلے میں پورے عالم اسلام نے ایسے ایسے لوگ بٹھائے ہوئے ہیں، آپ ایک فلسطینی صدر کی کیا مذمت کریں گے، آپ کو تو پھر تمام صدور کی مذمت کرنی پڑے گی۔ جگہ جگہ جتنے صدور بیٹھے ہوئے ہیں وہ انہی انگریزوں کے ہیں، امریکہ ہو یا Britain ہو ہمارے لئے وہ ایک ہی ہیں۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** بہت شکریہ

**جناب محمد نوید انجم:** پوائنٹ آف آرڈر۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** جی، نوید انجم صاحب!

**جناب محمد نوید انجم:** جناب سپیکر! اس ایوان نے متفقہ طور پر یہ قرارداد پیش کی ہے اور میں اس ایوان کا بہت مشکور ہوں۔ بات یہ ہے کہ تمام دوستوں نے اس پر بہت تفصیل سے روشنی ڈالی ہے۔ یہ امریکہ اور اسرائیل رکیں گے نہیں جب تک ہمارے پاس طاقت نہیں آئے گی۔ ہم نے اس ایوان میں متفقہ طور پر یہ فیصلہ کرنا ہے کہ یہ طاقت کے بغیر نہیں رکیں گے اور طاقت علم کے بغیر نہیں آسکتی۔ جب تک ہم آنے والی نسلوں کو پڑھائیں گے نہیں یہ مظالم بند نہیں ہوں گے۔ ہم نے یہ فیصلہ کرنا ہے کہ ہم نے اگلے پانچ سالوں میں سائنس اور ٹیکنالوجی کو اپنے مدارس سے لے کر ٹاٹ سکول تک پڑھانا ہے پھر یہ مظالم بند ہونے ہیں۔ ان بچوں نے زیر زمین لیبارٹریوں سے نئی invention کر کے ان کتوں کے

منہ پر وہ invention داغتی ہے پھر انہوں نے رکنا ہے۔ ہماری ان قراردادوں سے انہوں نے قطعی طور پر نہیں رکنا۔ ہم یہ فیصلہ کریں کہ ہم اپنے بچوں کو پڑھائیں گے اور وہ بچے نت نئی invention کر کے ہمارے وطن عزیز کو serve کرنے کے لئے میدان عمل میں اتریں گے تو پھر یہ رکیں گے otherwise یہ رکیں گے نہیں۔ ہماری قرارداد مذمت سے انہیں کوئی فرق نہیں پڑتا۔ اگر انہیں کسی چیز سے فرق پڑتا ہے تو وہ ہماری education ہے۔ ہم سارے متفقہ طور پر تہیہ کریں کہ ہم ساری developments کو روک کر اپنی ساری کی ساری توانائیاں اپنے بچوں کو پڑھانے پر لگانی ہیں تو انشاء اللہ یہ سارے ہی رکیں گے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: بہت شکریہ۔ یہ قرارداد پیش کی گئی ہے اور سوال یہ ہے کہ:

"پنجاب اسمبلی کا یہ معزز ایوان غزہ پر حالیہ اسرائیلی جارحیت کی بھرپور مذمت کرتا ہے اور اسے علاقے میں گزشتہ 60 سال سے جاری اسرائیلی بربریت اور ظلم کا تسلسل قرار دیتا ہے۔ یہ معزز ایوان بے گناہ اور نہتے فلسطینی عوام کے بیہمانہ قتل عام کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کرتا ہے۔ یہ ایوان اسرائیلی جارحیت کے نتیجے میں شہید ہونے والے بے گناہ فلسطینیوں خصوصاً خواتین اور معصوم بچوں کے قتل عام کو ایسا بدترین المیہ قرار دیتا ہے جس کی پوری انسانی تاریخ میں مثال نہیں ملتی۔ یہ ایوان وفاقی حکومت سے سفارش کرتا ہے کہ اس معاملے پر پاکستانی عوام کے جذبات اور احساسات کو اقوام متحدہ اور اسلامی ممالک کی عالمی تنظیم O.I.C تک پہنچائے اور عالمی سطح پر اسرائیل کی بھرپور مذمت کی جائے۔

یہ ایوان وفاقی حکومت سے اس امر کی بھی سفارش کرتا ہے کہ عالمی سطح پر فلسطین کی سیاسی اور اخلاقی حمایت کا اعادہ کیا جائے تاکہ فلسطینی عوام تک یہ پیغام پہنچے کہ مصیبت کی اس گھڑی میں وہ تنہا نہیں ہیں۔ اس ایوان کے تمام ارکان فلسطینی عوام کے ہونے والے افسوسناک جانی اور مالی نقصان کی تلافی کے لئے اپنی ایک دن کی تنخواہ دینے کا اعلان بھی کرتے ہیں۔"

(قرارداد متفقہ طور پر منظور ہوئی)

ڈاکٹر سامیہ امجد: پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، فرمائیں!

ڈاکٹر سامیہ امجد: جناب سپیکر! مجھے صرف یہ کہنا ہے ویسے تو اب تک یہی ہوتا رہا ہے کہ یہاں پر خواتین کے ساتھ شدید discrimination ہو رہی ہے۔ چاہے وہ food stamp تھا یا اسی اسی لاکھ روپے تھے یا پارلیمانی سیکرٹری اور وزیر بنانے کا معاملہ تھا لیکن آج جب ایک عالمی بات جس میں عورتوں اور بچوں کا ذکر تھا آپ کی کسی ایک بھی خاتون کی طرف نظر نہیں اٹھی باوجود اس کے کہ میں نے آپ سے تیسرے نمبر پر باری مانگی تھی اور تقریر بہت ہی اہم تھی۔ میں اس بات پر آپ کو اپیل کروں گی کہ خواتین کو اس دور میں جب ایک representation دی گئی ہے تو Chair کو اس طرف ضرور توجہ فرمانی چاہئے تھی۔ یہ انصاف نہیں ہے کہ آپ خواتین کو بالکل اتنا پیچھے لے جائیں کہ اس دور کا جو سب سے بڑا قدم اور آدھی دنیا جس کے بغیر کچھ ہو ہی نہیں سکتا تھا کہ جب مرد نے جنم لینا ہو تو وہ عورت کی کوکھ سے جنم لیتا ہے، جب اسے بھوک لگتی ہے تو وہ عورت کے شیر پر پلتا ہے، جب اسے پرورش پانی ہوتی ہے تو وہ عورت کی گود میں پرورش پاتا ہے، جب وہ چلنا سیکھتا ہے تو عورت کی انگلی پکڑتا ہے، جب اسے ماں کی ضرورت ہوتی ہے تو ایک بہن اس کا ماں ہوتی ہے، جب وہ چاہتا ہے کہ اس پر کوئی واری صدقے جائے تو وہ بھی یہ عورتیں مامی، چاچی اور پھوپھیاں ہوتی ہیں، جب اسے شریک حیات چاہئے تو وہ بھی ایک عورت ہے، جب اس نے ایک کنبہ بڑھانا ہے تو تب بھی ایک عورت ہے، جب وہ رسول بنتا ہے تو اس پر ایمان بھی ایک عورت لاتی ہے اور جس دن قیامت آئے گی تو بدبختوں کا نام بھی ایک عورت سے ہوگا۔ لہذا آپ یہ بات یاد رکھیں کہ میں اس حکومت کی اس پالیسی پر احتجاج کرتی ہوں کہ اتنی بڑی قرارداد پر اس بھرے ایوان میں 70 عورتوں میں سے ایک خاتون کو بھی اجازت نہ دی گئی۔ میں آپ سے درخواست کرتی ہوں کہ آئندہ اس چیز کا خیال رکھیں اور خواتین کو پورا اور بھرپور موقع دیں ورنہ آج کا وقت آپ کو کبھی معاف نہ کرے گا۔

جناب ڈپٹی سپیکر: میرا خیال ہے کہ جتنی اچھی بات آپ نے یہاں کی ہے اس سے اچھی تقریر آپ نے اس موضوع پر کرنی تھی اور دوسری بات یہ ہے کہ جہاں تک خواتین کی طرف نظر اٹھا کر دیکھنے کی بات ہے تو جو نظر اٹھا کر نہ دیکھے میرے خیال میں اس کو شریف آدمی کہا جاتا ہے۔

**وزیر قانون و پارلیمانی امور**(رانا ثناء اللہ خان):پوائنٹ آف آرڈر۔

**جناب ڈپٹی سپیکر**:رانا صاحب پوائنٹ آف آرڈر پر ہیں۔

**وزیر قانون و پارلیمانی امور**(رانا ثناء اللہ خان):جناب سپیکر! آپ نے نظر اٹھانے اور نہ اٹھانے کی خود ہی تعریف کر لی ہے۔ بہر حال ہمیں بھی اس بات کا احساس ہوا ہے اور ویسے آپ کو یہ بات کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ ہمارا تو ایمان ہے کہ آپ شریف آدمی ہیں۔(قہقہ)

میرا یہ خیال ہے کہ قرار داد پاس ہو چکی ہے اور انہوں نے ایک valid point raise کیا ہے۔اس میں تو کوئی دوسری بات ہو ہی نہیں سکتی اور ماں ایک عورت ہوتی ہے اور عورت کا جو مقام ہے اس سے تو کوئی انکار کر نہیں سکتا تو میں سمجھتا ہوں کہ جب انہوں نے یہ point raise کر ہی دیا ہے تو آپ اپنی discretion کو استعمال کرتے ہوئے انہیں ٹائم دے دیں۔ وہ بھی دو لفظ اس بارے میں کہہ دیں تو یہ مناسب ہو گا۔

**کرنل (ریٹائرڈ) نوید اقبال ساجد**: جناب سپیکر! گزارش یہ ہے کہ تحریک متفقہ طور پر پیش ہوئی ہے اور پاس بھی ہو گئی ہے اس پر میں سب کو مبارکباد بھی پیش کرتا ہوں۔ پنجاب کا بچہ بچہ اس پر فخر محسوس کرے گا کہ ایک متفقہ قرار داد پاس ہوئی ہے۔ میری بہن نے عورتوں کے سر تسلیم خم کی بات کی لیکن ایک گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ جب اتنی بڑی بات ہو رہی ہوتی ہے، ہم امت مسلمہ کی بات کرتے ہیں تو ہم اس وقت یہ نہیں سوچتے ہیں کہ ہمارے سے اگلی benches کتنے خالی ہیں، قائد ایوان تو آج باہر جا رہے ہیں وہ اگر پنجاب میں ہوتے تو میں یقین سے کہتا ہوں کہ وہ یہاں پر ہوتے لیکن چونکہ وہ ایک سفر پر جا رہے ہیں ان کا نہ ہونا تو ٹھیک بنتا ہے لیکن ان کے بعد ہمارے وزراء اور خاص طور پر سینئر وزیر کو یہاں پر ہونا چاہئے تھا کہ ان کی موجودگی میں ایک ایسی قرار داد پاس ہوتی، ایسی تحریک پاس ہوتی جب وہ دوسری جگہ پر جاتی تو لوگوں کی آواز آتی۔ یہ میڈیا جو اوپر بیٹھا ہوا ہے اور ہمارے پاکستان کا، پنجاب کا بچہ بچہ اس چیز کا گواہ رہے گا کہ ہمارے وزراء اس میں شریک نہیں تھے۔یہاں پر اس تحریک کی seriousness ختم ہو جاتی ہے اور اس کا impact کم ہو جاتا ہے۔ اگر ہم نے یہ قرار دادیں پاس کرنی ہوتی ہیں تو میں بڑے ادب سے اپنے بھائیوں سے یہ گزارش کروں گا کہ وہ یہاں پر تشریف لایا کریں تاکہ اس ایوان میں جو بھی بات ہو اس کا وزن بڑھ جائے اور جب یہ صاحبان

میڈیا کے سامنے ہوں تو کم از کم میڈیا یہ کہہ سکے کہ اس میں اربابِ اختیار بھی شامل تھے۔صرف ممبران نہیں اربابِ اختیار کو بھی اس میں شامل ہونا چاہئے۔بہت شکریہ

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، میں یہ کہنا چاہوں گا کہ آپ اس تحریک کے محرک ہیں اگر آپ دیکھیں تو یہ قرارداد متفقہ طور پر اسمبلی میں پیش کی گئی اسمبلی میں جتنی بھی جماعتیں موجود ہیں ان سب کے لیڈران نے، پارلیمانی لیڈران نے، سب نے اس پر sign کئے ہیں اور پھر پیش کی ہے اور دوسری بات یہاں پر یہ بھی کرنا چاہوں گا کہ جو بات آپ نے یہاں پر کی ہے یہ بالکل فرضی ہے کہ وہ موجود ہوں لیکن اگر ہم باہر کے ملکوں کی parliaments کو دیکھیں تو وہاں پر اگر ایک ممبر بھی بیٹھا ہوتا ہے تو session کی seriousness ہوتی ہے اور یہ بات بھی ٹھیک ہے کہ ایوان میں کورم پورا ہونا چاہئے، یہ حکومت کی ذمہ داری ہے۔یہاں پر وزراء کو بھی ہونا چاہئے لیکن اس کو ہمیں point of no return نہیں بنالینا چاہئے کیونکہ جب ہم ایک مہذب معاشرے کی بات کرتے ہیں اور اسمبلی جب in session ہوتی ہے تو قاعدے اور قوانین کی بات تو ایک طرف، اس کے ساتھ ساتھ یہاں پر جتنے ممبر بیٹھے ہیں یہ سارے معزز ہیں۔ کئی دفعہ جب کورم کی نشاندہی ہوتی ہے اتنے اتنے important issues یہاں پر رہ جاتے ہیں۔جہاں پر ہم یہ کہتے ہیں کہ ہمیں صحت مندانہ روایات کو جنم دینا چاہئے تو ہمیں اس طرف بھی خیال ہونا چاہئے کہ وہ points اور اپنے علاقے کے مسائل جو ممبر یہاں پر لے کر آتے ہیں ان کو پورا ٹائم ملنا چاہئے اور اس پر پوری بات ہونی چاہئے۔ جی، منسٹر صاحب! آپ بات کر لیں پھر ڈاکٹر سامیہ امجد صاحبہ، بلوچ صاحب میں آپ کو بعد میں ٹائم دوں گا۔

وزیر خوراک و صحت (ملک ندیم کامران): جناب سپیکر! میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ معزز ممبر نے ابھی جو بات کی ہے وہ بڑی relevant بات تھی کہ یہاں پر ممبران کو موجود ہونا چاہئے۔ میں صرف یہ وضاحت پیش کرنا چاہتا ہوں کہ آج صبح C.M صاحب نے ایک میٹنگ بلائی ہوئی تھی وہ بڑا اہم issue تھا اور چونکہ وہ باہر جا رہے تھے تو ٹائم کی shortage کی وجہ سے وہ خود اس کو finalize نہیں کر سکے چونکہ آج ہی اس issue کو finalize ہونا تھا تو کھوسہ صاحب کی سربراہی میں پانچ منسٹرز کی ایک کمیٹی بنائی گئی تھی، ہم یہاں سے ابھی گئے نہیں تھے، ابھی یہاں کمیٹی روم میں ہماری میٹنگ چل رہی تھی اور اس کا decision ابھی convey کرنا تھا۔ وہاں پر راجہ ریاض صاحب بھی موجود تھے، اولکھ صاحب تھے، میں تھا، کائرہ صاحب تھے، گھرکی صاحب تھے اور کھوسہ صاحب موجود تھے۔ ہم ابھی اس میٹنگ سے فارغ ہو کر سیدھا یہاں پر آ گئے ہیں۔ ہم اس ساری کارروائی میں شامل ہیں تو میں

ان کو وضاحت دینا چاہتا ہوں کہ یہاں سے کوئی گیا نہیں ہے، ایک ضروری کام تھا جس کی وجہ سے اس کو نمٹانا ضروری تھا۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی ڈاکٹر سامیہ امجد صاحبہ!

ڈاکٹر سامیہ امجد: جناب سپیکر! شکریہ۔

لفظوں کے اس کھیل میں ہر لفظ تمہارا لگتا ہے
میں اچھا لگتا ہے اور تم پیارا لگتا ہے
جو ہر دم پیارا لگتا ہے وہ ہم تم پیارا لگتا ہے

جناب سپیکر! آج غزہ میں جو کچھ ہو رہا ہے وہ خاموشی کی نذر نہیں ہونا چاہئے۔ کیا آپ کی کبھی خاموشی سے ملاقات ہوئی ہے؟ خاموشی ایسی ہی ہے جیسے ہزاروں لاکھوں سروں والی کوئی ناگن کہ جس میں یہ صلاحیت ہوتی ہے کہ پہلے وہ لفظوں کا گلا گھونٹ کر ان کو ایک سرگوشی میں تبدیل کرتی ہے اور پھر اس لفظ کو سالم ہی نگل جاتی ہے۔ خاموشی وہ ناگن ہے جو انتہائی بزدل ہے کیونکہ وہ ایک چھوٹی سی چھن سے بھی ٹوٹ جاتی ہے لہذا اتنے عظیم ایوان سے یہ آواز اٹھنی انتہائی ضروری ہے، یہ آواز، یہ بات کہنی بہت ضروری ہے کہ یہ سب غلط ہو رہا ہے، غلط ہو رہا ہے، غلط ہو رہا ہے۔ میں یہ بات کہنا چاہتی ہوں کہ خاموشی، جس کے لئے آج میں آواز یا پیغام دینا چاہتی ہوں وہ اسلامی ممالک کی خاموشی ہے۔ میں ان اسلامی ممالک کو یہاں سے کہنا چاہتی ہوں کہ کسی دشمن کی جرأت نہ تھی کہ اگر ہمیں یہ یاد رہتا کہ ہماری ماؤں کے خون کی گردش نے ہمیں کونسا کلمہ سکھایا تھا "لاالہ الااللہ محمد الرسول اللہ" اور انشاء اللہ اس کلمے کو کوئی بھی مٹا نہ سکے گا۔ ہمیں صرف اپنے اسی کلمے کو یاد کر لینے کی ضرورت ہے۔ ہمیں اس سے جڑی قسموں کو یاد کر لینے کی ضرورت ہے۔ ہمیں اس کلمے کی سچائی کو بلند اور بالا کرنے کی ضرورت ہے۔ ہم تمام اسلامی ملکوں کو پنجاب اسمبلی سے call دیتے ہیں کہ کب وہ وقت آئے گا کہ آپ سب اکٹھے ہو جائیں گے۔ آپ کا confidence کدھر چلا گیا؟ اسلام کی طاقت سے ہمیں اپنے تمام دشمنوں کو نیچا دکھانا ہے، ان کو ختم کرنا ہے، ان کی طاقت سے مرعوب ہونے میں ایک بھی جملہ نہیں کہوں گی بلکہ ان کی طاقت کو طاقتور کہنے والوں کے ہر لفظ کو اس اسمبلی کی کارروائی سے رد کرتی ہوں۔ میں یہ کہنا چاہتی ہوں کہ ہمارے اندر کے جذبے، ولولے اور ہمارے اندر کی جو آگ ہے اگر وہ خاموش اور ٹھنڈی نہیں ہو گی تو ہم باطل کی دھجیاں اُڑا دیں گے۔ مجھے قسم ہے اور مجھے یاد ہے کہ ہمیں صرف اتنا کرنا ہے کہ ایک ایک لفظ، حرف اور قرآن کی آیت ایک تسبیح میں پرونی ہے تاکہ ایک تسبیح

بن جائے۔ ہمیں اپنے پیارے رسول ﷺ کے ان آنسوؤں کو یاد کرنا ہے کہ جس سے وہ رو رو کر رات بھر رب العزت سے دعا کرتے تھے کہ اسلامی ملک اور اسلام کا نام کبھی ختم نہ ہو گا اور چونکہ کافی وقت گزر گیا ہے آخر میں، میں صرف یہ کہنا چاہتی ہوں کہ اس ایوان میں ہر شخص ایک پھول کی مانند ہے۔ اپنی ذات میں مکمل، اپنی بات میں مکمل، اپنی سوچ میں مکمل اور آج میں جھولی پھیلا کر اللہ کے سامنے یہ دعا کرتی ہوں کہ خدا کرے کہ یہاں اور کچھ نہیں تو ہر اس ایک پھول کا قطرہ قطرہ رس اسلام کے پیالے میں گر گر کر چاش ہو جائے یہی ہماری جیت ہے، یہی ہماری آواز ہے اور یہی ہماری قرارداد ہے۔ شکریہ

جناب ڈپٹی سپیکر: بہت شکریہ۔ جی، آمنہ الفت صاحبہ!

محترمہ آمنہ الفت: جناب سپیکر! شکریہ۔ تاریخ گواہ ہے کہ مسلمان کے جذبہ، جوش، بہادری، دلیری، قابلیت، حریت، حرمت میں کوئی کمی تھی اور نہ ہے۔ علامہ اقبال نے کیا خوب کہا ہے:

دشت تو دشت دریا بھی نہ چھوڑے ہم نے
بحر ظلمات میں دوڑا دیئے گھوڑے ہم نے

جناب والا! مسلمانوں کی تاریخ ایسے ایسے واقعات سے بھری پڑی ہے اور ہم اپنی آنکھوں سے دیکھ رہے ہیں کہ فلسطین کی گلیوں میں ایک ننھا معصوم بچہ اسرائیلی ٹینک کے سامنے پتھر لے کر کھڑا ہوا ہے۔ یہ ہے جذبہ، یہ ہے بہادری اور دوسری طرف ہم اپنے گریبانوں میں جھانک کر دیکھیں کہ اب ایسا کیا ہو گیا ہے کہ آج ہمارے رویوں میں اتنی بڑی کمزوری پیدا ہو گئی ہے کہ جب امریکن صدر کا انتخاب آتا ہے تو ہم ایک عجیب و غریب فیصلے کرنے پر مجبور نظر آتے ہیں اور ہم یہ دیکھ رہے ہیں کہ بش نے اگر دس تھپڑ مارے تھے تو اوباما ہمیں کتنے تھپڑ مارے گا۔ مار نا دونوں نے ہے لیکن جو کم مارے گا اس کو support کیا جائے۔ میں یہ سمجھتی ہوں کہ عالم اسلام آج اگر کسی بحران سے دوچار ہے تو وہ رویوں کا بحران ہے۔ میرے بھائی نے بڑی خوبصورت بات کی تھی کہ ہم اس بحران کا اسی وقت مقابلہ کر سکتے ہیں جب ہم اپنی ذمہ داریوں کو پہچانیں اور ہم اپنے بچوں کو پڑھائیں اور لکھائیں اور ترقی کی ان منازل پر پہنچ جائیں کہ جہاں دنیا کی کوئی طاقت ہمیں نہ بٹھا سکے۔ اسلام سرحدوں اور حدوں کا پابند نہیں ہے۔ علامہ اقبال نے کہا تھا کہ:

ایک ہوں مسلم حرم کی پاسبانی کے لئے
نیل کے ساحل سے لے کر تاب خاک کاشغر

جناب والا! مسلمانوں میں کسی چیز کی کوئی کمی نہیں ہے۔ ہمارے پاس اللہ کا دیا سب کچھ ہے اگر کہیں کوئی کمزوری یا کمی ہے تو وہ رویوں میں کوئی بحران کی کیفیت ہے۔ ہمارے اندر وہ برداشت اور اتفاق ہے اور نہ ہی وہ قابلیت ہے۔ ہم شاید ڈرنا شروع ہو گئے ہیں اور میں یہ یقین سے کہہ سکتی ہوں کہ اگر ہم اس بنیادی مسئلہ کو لے کر کھڑے ہو جائیں اور اس کو major issue بنالیں کہ ہم نے ان رویوں کی بحرانی کیفیت سے اسلام کو نکالنا ہے، اگر ایسا نہ ہوا تو کوئی وجہ نہیں کہ یہ عالم اسلام پر ایک وقت ایساآئے گا جیساکہ سپین میں جو دور آیا تھااس دور کی طرح لوگ اسلام سے ڈرنا شروع ہو جائیں گے۔ اگر ضرورت ہے تو رویوں کو سدھارنے کی ضرورت ہے۔ شکریہ

جناب احمد خان بلوچ: جناب سپیکر!۔۔۔

## تحاریک استحقاق

جناب ڈپٹی سپیکر: بہت شکریہ! اب ہم تحریک استحقاق لیتے ہیں۔ چودھری شفیق احمد گجر صاحب موجود ہیں؟ بلوچ صاحب اس کے بعد میں آپ کو ٹائم دیتا ہوں۔ جی، چودھری صاحب!

## ایس پی مدینہ ٹاؤن (فیصل آباد) کا معزز رکن اسمبلی کے ساتھ تضحیک آمیز رویہ

چودھری شفیق احمد گجر: جناب سپیکر! میں حال ہی میں وقوع پذیر ہونے والے ایک اہم اور فوری مسئلہ کو زیر بحث لانے کے لئے تحریک استحقاق پیش کرتا ہوں جو اسمبلی کی فوری دخل اندازی کا متقاضی ہے۔ معاملہ یہ ہے کہ مورخہ 5۔جنوری 2009 کو میں اپنے حلقہ کے رہائشی ساتھیوں کے ہمراہ ڈیڑھ، سے دو بجے کے درمیان ایس۔پی مدینہ ٹاؤن فیصل آباد روحیل اکبر کے دفتر میں ایک اکٹھ کے سلسلہ میں گیا۔ ان کے P.A کے ذریعے ان سے ملنے کے لئے ٹائم لیا تو انہوں نے مجھے اپنے ویٹنگ روم میں بٹھا دیا کہ میں ضروری میٹنگ لے رہا ہوں۔ میٹنگ کے بعد ملتا ہوں۔ میں دو گھنٹے تک وہاں بیٹھا رہا۔ دو گھنٹے کے بعد پتا چلا کہ ایس۔پی موصوف جو اپنے کسی رشتہ دار / فین کے ساتھ

دفتر میں مصروف تھے مجھ سے ملے بغیر دفتر سے چلے گئے ہیں تو میں نے ان کے موبائل پر ان سے رابطہ کیا تو انہوں نے کہا کہ میں جلد آپ سے رابطہ کروں گا مگر انہوں نے آج تک مجھ سے رابطہ نہ کیا۔ مورخہ 15۔جنوری 2009 کو میں نے اپنے حلقہ کے رہائشی امجد نامی نوجوان کے کام کے سلسلہ میں ان سے فون پر رابطہ کیا تو انہوں نے مجھے کہا کہ آپ اس کی سفارش نہ کریں ورنہ میں آپ کو حوالات میں بند کروادوں گا۔ میں نے ان سے اپنے حوالات میں بند کرنے کے بارے میں پوچھا تو انہوں نے مجھ سے ٹیلی فون پر تلخ اور ترش لہجے میں بات شروع کر دی کہ میں فیصل آباد کے کسی ایم۔پی اے سے ملنا اور بات کرنا اپنی شان کے خلاف سمجھتا ہوں۔اس کے علاوہ انہوں نے مجھ سے غصہ میں ایسی باتیں کیں جو میں اس ایوان کے سامنے بیان نہیں کر سکتا۔ ان کا یہ رویہ تمام معزز اراکین صوبائی اسمبلی پنجاب کے ساتھ ہے۔ مذکورہ S.P کے اس رویہ سے نہ صرف میرا بلکہ پورے ایوان کا استحقاق مجروح ہوا ہے۔ لہذا میری اس تحریک کو ایوان میں پیش کرنے کی اجازت دی جائے اور اسے باضابطہ قرار دیتے ہوئے مجلس استحقاقات کے سپرد کیا جائے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: لاء منسٹر صاحب! فیصل آباد کے ایم پی ایز کیا کرتے ہیں کہ S.P ان کو نہیں ملنا چاہتا۔

وزیر قانون و پارلیمانی امور (راناثناء اللہ خان): جناب سپیکر! یہ معاملہ اس تحریک کے ذریعے سے ہی میرے نوٹس میں آیا ہے۔ موجودہ حکومت کی قطعی طور پر ایسی کوئی پالیسی نہیں بلکہ یہ افسران کو direction ہے کہ نہ صرف معزز اراکین اسمبلی بلکہ عام شہریوں سے بھی عزت و احترام کے ساتھ پیش آئیں تو میں آپ سے گزارش کروں گا کہ جمعہ تک آپ اس کو pending فرمادیں۔اس کا جواب آ جائے تو اس کے بعد جس طرح mover کی خواہش ہو گی تو اس کے مطابق اس کو dispose of کر دیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: چودھری صاحب! میرے خیال میں بہتر بات یہ ہے لیکن تھوڑا سا یہ بتادیں کہ اس تحریک استحقاق میں رشتہ دار / فین کا کیا مطلب ہے ؟

چودھری شفیق احمد گجر: جناب سپیکر! اس کے ساتھ فیملی اور لیڈیز تھیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: اچھا چلیں! بس ٹھیک ہے۔ فین اور رشتہ دار میں فرق ہوتا ہے ۔یہ جمعہ تک pending کی جاتی ہے۔ جی، sorry بلوچ صاحب! آپ پہلے بات کر لیں۔

**جناب احمد خان بلوچ:** جناب سپیکر! میں نے ایک point اٹھایا تھا یہ میرا ذاتی نہیں ہے یہ پورے پنجاب کا معاملہ ہے اور محکمہ تعلیم میں ایجوکیٹرز کی بھرتی ہو رہی ہے اور اس میں پہلے ایک پالیسی تھی جو تحصیل level تک میرٹ بنتا تھا۔ جب وزیراعلیٰ صاحب کو عوام کی طرف سے یہ شکایت پہنچی اور انہیں بتایا گیا کہ جناب! rural area کے سکول جو ہیں وہ بند رہتے ہیں۔ 20 تا 25 کلومیٹر کے فاصلے پر بچے یا بچیاں وہ سکول پڑھنے کے لئے نہیں آتے اور وہ سکول نہیں کھل سکتے تو وزیراعلیٰ صاحب نے مہربانی فرمائی اور انہوں نے پالیسی میں تبدیلی کر دی۔ انہوں نے کہا کہ مقامی دیہات کی جو بچیاں یا استاد ہیں ان کو دس نمبر دے کر میرٹ پر لایا جائے اور مقامی دیہات کے استاد کو اس سکول میں تعینات کیا جائے۔ انہوں نے یہ مہربانی کی اور پالیسی میں تبدیلی کر دی اور جب یہ چٹھی انہوں نے روانہ کی تو بیوروکریسی جو اس میں رکاوٹ بن رہی ہے۔ انہوں نے پنجاب کو دو حصوں میں تقسیم کر دیا ہے۔ بعض ڈسٹرکٹ میں یہ پالیسی اپنا رہے ہیں اور بعض میں انہوں نے یہ کہا ہے کہ جو پہلے درخواستیں دے چکے ہیں وہ in process ہیں ان کو یہ نمبر نہ دیں، جو نئی درخواستیں دیں ان کو یہ نمبر دیں۔ یہ ہر ایک کا حق ہے، ہزاروں بچیوں کا مسئلہ ہے اور دیہاتوں میں سکول بند پڑے ہیں اور وہ بچیاں شہروں کے میرٹ پر نہیں آ سکتیں اور دوسری بات یہ کہ اگر کوئی شہر کی ٹیچر تعینات ہوتی ہے تو وہ پڑھانے نہیں جاتی۔ میں نے تحریک التوائے کار جمع کروائی ہوئی ہے۔ کل سپیکر صاحب نے یہ وعدہ کیا تھا اور یہاں تین چار منسٹر صاحب تھے انہوں نے بھی وعدہ کیا تھا کہ آج private day ہے out of turn آپ کی تحریک کو لیا جائے گا اور اس کا حل ضرور نکالا جائے گا۔

**ملک محمد وارث کلو:** جناب سپیکر!۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی۔

**ملک محمد وارث کلو:** جناب سپیکر! ہمارے جو دور دراز کے علاقہ جات ہیں وہاں problem یہ آتا تھا کہ وہاں کے بچے اور خصوصاً بچیاں جو ہیں وہاں میسر نہیں ہوتی تھیں اور شہروں سے تحصیل ہیڈکوارٹر یا ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر کے جو بچے یا بچیاں ہوتی تھیں وہ job لے جاتی تھیں کیونکہ ان کے marks زیادہ ہوتے تھے اور اس پر نقصان یہ ہوتا تھا کہ وہ جو ہمارے دور دراز کے علاقہ جات ہیں وہاں کبھی بھی بچے یا بچیاں جاتے ہی نہیں تھے، سکول خالی پڑے رہتے ہیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: کلو صاحب! میری request یہ ہے کہ اس تحریک التوائے کار کو out of turn لے لیا جائے گا تو اب ہم وقفہ نماز کر کے جب تحریک التوائے کار شروع کریں گے تو ہم اس کو out of turn لیں گے۔ اس میں پھر آپ پوری بات بھی کر لیجئیے گا اور ساری بات ہو جائے گی۔ اب آپ تشریف رکھیں، پندرہ منٹ کے لئے وقفہ نماز کیا جاتا ہے پونے دو بجے دوبارہ اجلاس کی کارروائی شروع کی جائے گی۔

(اس مرحلہ پر نماز ظہر کے لئے اجلاس کی کارروائی پندرہ منٹ کے لئے ملتوی کی گئی)

( نماز ظہر کے وقفہ کے بعد جناب ڈپٹی سپیکر 1.55 پر
کرسی صدارت پر متمکن ہوئے)

## تحاریک التوائے کار

جناب ڈپٹی سپیکر: پونے دو بجے تک وقفہ نماز تھا۔ میرے خیال میں ٹائم تھوڑا اوپر ہو گیا ہے۔ اب ہم تحاریک التوائے کار شروع کرتے ہیں۔

محترمہ آمنہ الفت: جناب والا! میری ایک زیر التواء قرار داد تھی اگر مناسب سمجھیں تو اس کو take up کر لیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: سیکرٹری صاحب آ جائیں تو دیکھ لیتے ہیں۔ اگر یہ موجود ہے تو پھر اس کو ابھی take up کر لیں گے کیونکہ ابھی تک تحاریک التوائے کار کا وقت ہے۔ قرار دادوں کے اندر ہم اس کو دیکھ لیں گے۔

محترمہ آمنہ الفت: ٹھیک ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: تحریک التوائے کار نمبر 999/08 شیخ علاؤالدین صاحب!۔۔۔ ابھی تو موجود تھے لیکن اس وقت تشریف نہیں رکھتے۔ اس تحریک کو pending کیا جاتا ہے۔ اس کے بعد تحریک التوائے کار نمبر 1000/08 یہ بھی شیخ علاؤالدین صاحب کی ہے۔ اس کو بھی pending کیا جاتا ہے۔ اس کے بعد تحریک التوائے کار نمبر 1001/08 یہ بھی شیخ صاحب کی ہے اس کو بھی pending کیا جاتا ہے۔ اس کے بعد تحریک التوائے کار نمبر 1002/08 بھی شیخ علاؤالدین صاحب کی ہے اسے بھی pending کیا جاتا ہے۔ اس کے بعد 1003/08 ہے یہ بھی شیخ صاحب کی ہے اس کو بھی pending کیا جاتا ہے۔ اس کے بعد تحریک التوائے کار نمبر 1012/08 یہ محترمہ نسیم لودھی صاحبہ کی

ہے۔۔۔ وہ تشریف نہیں رکھتیں، ان کی request آئی ہے کہ اسے کل تک کے لئے pending کر دیا جائے۔ لہذا اسے بھی کل تک کے لئے pending کیا جاتا ہے۔ اس کے بعد تحریک التوائے کار نمبر 1015/08 ہے، یہ بھی محترمہ نسیم لودھی صاحبہ کی ہے، یہ بھی کل تک کے لئے pending کی جاتی ہے۔ پھر اس کے بعد 1017/08 ہے۔ سیدہ بشریٰ نواز گردیزی صاحبہ، سیدہ ماجدہ زیدی صاحبہ، محترمہ آمنہ الفت صاحبہ!

## لاہور میں مچھر مار سپرے نہ ہونے کی وجہ سے ڈینگی بخار کے مریضوں میں اضافہ

**محترمہ آمنہ الفت:** شکریہ۔ جناب سپیکر! میں یہ تحریک پیش کرتی ہوں کہ اہمیت عامہ رکھنے والے ایک اہم اور فوری نوعیت کے مسئلہ کو زیر بحث لانے کے لئے اسمبلی کی کارروائی ملتوی کر دی جائے۔ مسئلہ یہ ہے کہ روزنامہ "نوائے وقت" مورخہ 23۔نومبر 2008 کی خبر کے مطابق صوبائی دارلحکومت میں انتظامیہ حکمرانوں اور شہریوں کو مچھروں کے سپرے کے حوالے سے بے وقوف بنانے پر زور دے رہی ہے اور ماضی کی طرح افسران لاکھوں روپے کی کمیشن اپنی جیبوں میں ڈال کر عوام کو خدا کے حوالے کر رہے ہیں، سولہ لاکھ روپے کی جو دوائی منگوائی گئی ڈبے پر کسی کمپنی کا ایڈریس درج نہیں کیا گیا ہے۔ fog spray کے لئے مشین خرید کر fog چھوڑا جا رہا ہے۔ جس سے مچھر مرتا نہیں بلکہ بھاگ جاتا ہے۔ جعلی دوائی ٹھیکیداروں کے ذریعے خرید کر کمائی ہونے کی وجہ سے اب تک لاہور میں ہزاروں لوگ ڈینگی بخار کا شکار ہو گئے ہیں۔ دریں اثناء عوام نے احتجاج کرتے ہوئے بتایا کہ گزشتہ روز ضلعی حکومت کی طرف سے اخبارات میں سپرے کے اشتہارات چھپے تھے جن میں کہا گیا تھا کہ ان نمبروں پر اطلاع دے کر اپنے علاقے میں سپرے کروائیں۔ یہ نمبر کمشنر آفس کے تھے اور D.C.O office کا عملہ اپنے دفتر کی shifting میں لگا ہوا تھا جس کی وجہ سے سارا دن نمبر مصروف رکھے گئے اور اگر کوئی نمبر مل بھی گیا تو اس پر کہا گیا کہ آپ شکایات درج کروا دیں۔ ہم آپ کی شکایت E.D.O(Health) کو بھجوا دیں گے جس پر لوگوں نے شدید احتجاج کیا ہے کہ اگر افسران دفاتر میں موجود نہ ہوں گے تو وہ یہ شکایات کہاں لے جائیں گے۔ اس حوالے سے ضلعی حکومت کے ذرائع نے بتایا کہ کمشنر روزانہ میٹنگ بلا لیتے ہیں وہی کام D.C.O کر رہا ہے اور وہی کام کمشنر کر رہا ہے اس کی وجہ سے عوام کو کوئی relief نہیں ملا۔ اس خبر سے عوام میں تشویش پائی جاتی ہے۔ لہذا استدعا ہے کہ میری تحریک کو باضابطہ قرار دے کر اس پر ایوان میں بحث کرنے کی اجازت دی جائے۔ شکریہ

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، وزیر موصوف!

وزیر آبکاری و محصولات و ٹرانسپورٹ (میاں مجتبیٰ شجاع الرحمٰن): جناب سپیکر! اس سلسلے میں، میں ان سے کہنا چاہوں گا۔ بسلسلہ تحریک التوائے کار حسب ذیل عرض ہے کہ لاہور کی تمام یونین کونسلوں میں پانچ یا چھ مرتبہ سپرے ہوا ہے۔ سپرے کا سارا کام ہر یونین کونسل کے coordinator کے ذریعے اور ان کی نگرانی میں کروایا گیا ہے۔ coordinator کا تعین متعلقہ ایم پی ایز صاحبان نے کیا تھا۔ کمیشن خُورد برد کرنے کے سلسلے میں عرض ہے کہ ہر سال purchase committee بنتی ہے، اس کے ٹینڈر ہوتے ہیں اس کے بعد ریٹ طے ہوتے ہیں اور پھر متعلقہ فرم کو سپلائی آرڈر دیا جاتا ہے۔ دوائی کی ہر بوتل پر کمپنی کا نام اور پتا درج ہے، fog spray سے fog کی زد میں آنے والے مچھر مر جاتے ہیں اور دوائی کے اصلی یا جعلی ہونے کا تعین لیبارٹری ٹیسٹ سے معلوم ہوتا ہے اور اس دوائی کا لیبارٹری ٹیسٹ بھی کروایا گیا ہے۔ ہیلپ لائن کے ٹیلی فون نمبر شکایات زیادہ ہونے کی وجہ سے مصروف رہتے ہیں، جان بوجھ کر مصروف نہیں رکھے جاتے۔ جو شکایات ملتی رہیں وہ دور کروا دی جاتی ہیں۔ افسران باقاعدگی سے بیٹھتے رہے اور کام کی بہتری کے لئے میٹنگ میں اور فیلڈ میں بھی جاتے رہے۔

محترمہ آمنہ الفت: جناب والا! آخر میں جو بات کی گئی ہے کہ کمشنر اور D.C.O ایک سا کام کر رہے ہیں اور اس وجہ سے دونوں ہی available نہیں ہیں، دونوں ہی میٹنگ میں ہیں۔ اس حوالے سے further کیا action لیا گیا ہے کہ کوئی ایک تو اطلاع دینے پر یا فون سننے پر موجود ہو۔

وزیر آبکاری و محصولات و ٹرانسپورٹ (میاں مجتبیٰ شجاع الرحمٰن): آپ نے ڈینگی کے حوالے سے بھی بات کی ہے۔ ڈینگی وائرس جو پچھلے سال کے آخر میں آیا تھا۔ اس سلسلے میں عرض ہے کہ میں اس مسئلے میں خود بھی involve رہا ہوں کیونکہ وزیر اعلیٰ صاحب کی اس سلسلے میں بہت زیادہ consideration تھی۔ پچھلے دنوں جب لاہور شہر میں ڈینگی وائرس پھیلا تو انہوں نے مجھے بھی خاص طور پر اس میں involve کیا۔ میرا محکمہ صحت سے تعلق نہیں ہے لیکن میں نے اس پر آپ سے اس لئے بات کی ہے کہ ایک تو ان کا جواب تھا۔ اب میں خود بھی اس کے بارے میں آپ کو جواب دے رہا ہوں کہ جب ہم نے اس کو دیکھا، take up کیا تو اس وقت تک ڈینگی وائرس پوری طرح سے لاہور میں پھیل چکا تھا اور ڈینگی وائرس کے پھیلنے کی وجہ یہ تھی کہ ڈسٹرکٹ گورنمنٹ کے پاس وسائل نہیں تھے، اس کے پاس proper machinery نہیں تھی۔ پچھلے دور میں جب ناظموں کا نظام بنا تو

پچھلے 4/3 سال سے لاہور میں ڈینگی وائرس آ رہا ہے۔ چیف منسٹر صاحب نے جب اس میں ذاتی طور پر involvement کی اور ایک کمیٹی بنا کر مجھے بھی اس کا انچارج بنایا تو اس وقت لاہور میں 6 اموات ہو چکی تھیں اور 3 ہزار سے زیادہ reported cases تھے۔ لاہور کی 150 یونین کونسلیں ہیں جن کے پاس صرف 50 سپرے پمپس تھے، ہم نے within 72 hours purchase کر کے 350 سپرے پمپس لاہور کی یونین کونسلوں کو مہیا کئے۔ محترمہ نے فوگر مشین کے حوالے سے جو بات کی وہ بھی ان کی بات بجا ہے۔ صرف 2 فوگر مشینیں operational تھیں، ہم within one week انہیں 20 پر لے کر گئے اور جیسے اس پر بات کی گئی میں آپ لوگوں کو بھی بتاتا چلوں کہ فوگر کے side effects بھی ہیں مگر اس وقت جس طرح ڈینگی وائرس پھیلا تھا کیونکہ اس کا mosquito بڑی تیزی سے fly کرتا ہے اور یہ 20 فٹ تک اوپر چلا جاتا ہے جبکہ عام مچھر کی اتنی flight نہیں ہوتی لہذا سپرے اتنا اوپر نہیں جاتا تو اس کے لئے fogging کرنی پڑی اور کئی areas میں intensive fogging کرنی پڑی کیونکہ جب آپ fogger سے fog دیتے ہیں تو 25,30 فٹ تک اس کا دھواں جاتا ہے اور جب یہ مچھر اس کی زد میں آتا ہے تو یہ اس سے مرتا چلا جاتا ہے۔ میں آپ کو بتاتا چلوں کہ جب چیف منسٹر صاحب نے یہ کمیٹی بنائی اور ہم نے ایک ہفتے میں اس کو پوری طرح سے take up کیا تو daily meetings ہوتی تھیں۔ ہسپتالوں میں free test کئے گئے، ان کا علاج free کیا گیا۔ جب یہ ڈینگی وائرس والا مچھر کاٹتا ہے تو Y-blood cells کم ہو جاتے ہیں تو blood کا plasma لگتا ہے تو انہیں blood banks سے plasma تک free provide کیا گیا۔ جن teaching hospitals میں cell separators نہیں تھے انہیں فوری طور پر blood کے حوالے سے اس کی مشینیں مہیا کی گئیں اور اس طرح ہم نے اسے ایک ہفتے میں قابو کیا۔ ہم نے جب اس کو take up کیا تو اس کے بعد اللہ کا شکر ہے کہ کسی کی بھی death نہیں ہوئی کیونکہ حکومت پنجاب کے لئے ایک ایک شہری کی زندگی انتہائی قیمتی ہے اور ہمارا فرض بنتا ہے کہ ہم state کی ذمہ داری کو پورا کریں اور ہم نے اس کو پورا کیا۔ اس کے بعد کوئی اموات نہیں ہوئیں اور پھر آپ نے دیکھا کہ ہم نے میڈیا میں awareness campaign بھی شروع کی۔ لوگوں کو پوری awareness دی کہ جو لوگ afford کرتے ہیں وہ اپنے گھروں میں اپنے طور پر سپرے کریں کیونکہ یہ بہت زیادہ پھیلا تھا۔ اس کے علاوہ ہم نے ڈسٹرکٹ گورنمنٹ سے ایک cycle بنوایا ہے کہ diseases cycle تیار کر کے رکھیں، جیسے ڈینگی وائرس آتا ہے یا اس طرح کے دیگر وائرس ہیں

تو اس پر ہم نے بہت کام کیا اور محترمہ نے آخر میں D.C.Os اور کمشنر کی میٹنگز کے حوالے سے بات کی تو وہ میٹنگز عوام کے مسائل کے حل کے لئے ہی رکھی جاتی ہیں اور وہ کام ہی کر رہے ہیں۔ اگر محترمہ کہتی ہیں کہ وہ 2 گھنٹے میٹنگ کرتے ہیں تو وہ 2 گھنٹے آفس میں public dealing بھی کرتے ہیں تو لاہور کے اندر D.C.O اور کمشنر روزانہ 8 سے 10 گھنٹے field میں جاکر کام کر رہے ہیں۔ بہت شکریہ

**محترمہ آمنہ الفت:** جناب سپیکر! منسٹر صاحب بالکل مبارکباد کے مستحق ہیں کہ انہوں نے detailed اور بڑا اچھا جواب دیا ہے میں ان کے جواب سے مطمئن بھی ہوں اور میں سمجھتی ہوں کہ باقی وزراء کو بھی اسی طرح دلچسپی اور پوری تیاری کر کے آنا چاہئے۔ جہاں تک اس بات کا تعلق ہے کہ انہوں نے ہر چیز کو بڑے اچھے طریقے سے لیا ہے میں سمجھتی ہوں کہ پوری توجہ ہے لیکن جو D.C.O اور کمشنر کی بات ہے کہ وہ فون نہیں attend کر پائے تو اس میں تھوڑا سا یہ بھی ایک کر لیں کہ phone receive کرنے کا ایک الگ سے سیکشن بنا دیا جائے کہ لوگوں کی شکایات on record آ جائیں اور ان پر proper طریقے سے عملدرآمد ہو سکے۔ شکریہ

**جناب ڈپٹی سپیکر:** بہت شکریہ۔ میں خود یہ سمجھتا ہوں کہ جس طرح منسٹر صاحب نے یہ explain کیا ہے مجھے یہ ڈینگی کے پورے expert لگے ہیں اور میں نے خود جو personal experience دیکھا اس میں ڈینگی کے fog کا مچھر پر کوئی اثر پڑا یا نہ پڑا ان پر ضرور اثر پڑا تھا کیونکہ یہ اس پوری campaigns کے اندر کافی بیمار رہے تھے۔

**ڈاکٹر سامیہ امجد:** جناب سپیکر! earlier میں نے آواز اٹھائی تھی اور میں مبارکباد دیتی ہوں کہ اتنی ذمہ داری کا ثبوت دیا گیا ہے جو منسٹر صاحب نے اتنے اچھے جواب دیئے ہیں۔ بحیثیت ایک ڈاکٹر two suggestions ہیں جو مجھے آپ کو دینی ہیں۔ ایک بات یہ ہے کہ میں نے خود پچھلی وباء کے دوران Punjab Assembly Premises میں ایک ڈینگی مچھر پکڑا تھا اور اس کے پکڑنے کا مقصد یہ کہ اس کے 2 یا 3 کلومیٹر کے flight range کے اندر کہیں نہ کہیں ایک breeding area موجود ہے۔ بعد میں پتا چلا کہ وہ breeding area clean water لارنس گارڈنز وغیرہ ہیں کیونکہ جب پانی کو کھڑا کر دیا جاتا ہے تو اس صاف پانی میں مچھر breed کرتے ہیں۔ kindly horticulture والوں سے بھی coordinate کیا جائے کہ standing water system پر سپرے سے ہی کام ہو جائے گا کہ اس پانی پر کوئی ایسی دوائی یا سپرے اس وقت کر دیا جائے۔

دوسری بہت اہم بات میں نے یہ کہنی ہے کہ اس وقت awareness programme بے شک بہت ہی vigorously چلا تھا لیکن اس وقت اس کا drop ہو جانا کوئی اتنی اچھی بات نہیں۔ Ministry of Health کی طرف سے bill boards اور ٹی وی پر ڈینگی کی تعلیم اور awareness programme کو جاری رکھنا چاہئے اور اس میں سب سے اہم بات یہ ہے کہ یہ مچھر صبح اور شام کے وقت کاٹتا ہے اور اگر آپ full sleeves پہنیں۔ پاجامے اور یہ جوتے اور جرابیں ہیں اس کی تاکید ایک ایسی سوشل بات ہے جس کو ضرور highlight کیا جائے کہ Prevention is better than cure یہ وہ زمانہ ہے کہ جب ہم نے bacterial diseases کو تو defeat کر دیا لیکن viral diseases ایک نئے غصے کے ساتھ human کے اوپر attack کر رہی ہیں اور وائرس کے خلاف اس وقت کوئی vaccinations موجود نہ ہیں چاہے وہ AIDS virus ہے، soars virus ہے، influenza virus ہے یا ڈینگی وائرس ہے لہذا prevention is better than cure کے نام سے ہی ایک slogan float کیا جائے اور پورے پنجاب کیا پورے پاکستان میں جگہ جگہ bill boards لگانے بہت ضروری ہیں۔ ان two submissions کے ساتھ میں منسٹر صاحب کی دوبارہ بہت شکر گزار ہوں کہ وہ اس چیز میں interest لیں اور انشاء اللہ آپ دیکھیں گے کہ اس اپوزیشن بنچ کا وعدہ ہے کہ ہم نے جو شور ڈالا ہے آپ دیکھیں گے کہ اس cooperation میں ہماری اس سے بھی زیادہ بلند آواز ہو گی۔ آپ چلیں، ہم آپ کے ساتھ ہیں۔ انشاء اللہ۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، منسٹر صاحب!

وزیر آبکاری و محصولات و ٹرانسپورٹ (میاں مجتبیٰ شجاع الرحمٰن): Thank you very much. جس طرح آپ نے بتایا کہ میں کچھ زیادہ details بتانے لگ گیا تھا تو میں نے خود ہی وہ بات ختم کی۔ جب ہم نے ڈینگی وائرس کی compaign شروع کی تھی تو ہم نے ان دنوں Parks & Horticulture کو کہا تھا کہ اس ڈینگی mosquito کی fresh water کے اوپر hatchery ہے تو ہم نے انہیں کہا تھا کہ کسی بھی پارک کے درمیان میں پانی کھڑا نہیں ہونا چاہئے تو آپ اپنے تمام پارکوں میں پانی اس طرح لگائیں کہ پانی کہیں کھڑا نہ ہو۔ اس کے علاوہ ہم نے لاہور میں سارے پانی والے گڑھوں میں میڈیسن پھینکی تھی تاکہ اس مچھر کو ختم کیا جائے تو یہ اس کی اور details تھیں۔

اس کے علاوہ آپ نے awareness کے حوالے سے بات کی ہے اس میں ہمارے پاس لاہور میں 8ہزار لیڈی ہیلتھ ورکرز ہیں، انہیں ہم نے 2لاکھ ہینڈ بل جن کے اوپر ہمارا یہی slogan تھا، Prevention is better than cure یہ پورے لاہور میں distribute ہوئے۔ یہ ہماری media campaign کے علاوہ کاوش تھی۔ جیسے میری معزز ممبر بہن نے ٹیلیفون نمبروں کے حوالے سے بات کی ہے تو اس میں ہماری جو ہیلپ لائن ڈائریکٹر جنرل ہیلتھ کے آفس میں تھی، ہماری ہیلپ لائن ڈسٹرکٹ کوآرڈینیٹر کے آفس میں تھی، ہماری ہیلپ لائن کمشنر کے آفس میں تھی اور اس کے علاوہ ای ڈی او ہیلتھ کے آفس میں بھی ہیلپ لائن تھی۔ اس طرح جن دنوں میں ڈینگی وائرس آیا تھا اس وقت ہماری پانچ چھ ہیلپ لائنیں چل رہی تھیں۔ ان دنوں میں اتنی مشکلات نہیں تھیں اور extensively spray ہو رہا تھا۔ انشاء اللہ تعالیٰ آئندہ بھی ہم اس کو کنٹرول کریں گے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: اس تحریک پر تسلی بخش جواب آگیا ہے اس لئے اس تحریک کو dispose of کیا جاتا ہے۔ اس کے بعد تحریک التوائے کار نمبر 1035/08 جناب محمد محسن خان لغاری، جناب محمد یار ہراج، چودھری عامر سلطان چیمہ صاحب کی طرف سے ہے۔ تینوں ممبرز موجود نہیں ہیں اس لئے یہ تحریک pending کی جاتی ہے۔ اب شیخ علاؤالدین صاحب کی تحریک التوائے کار نمبر 1038/08 ہے۔ جی، شیخ صاحب!

## حکومت کی خصوصی بچوں کے علاج اور تربیت میں عدم توجہی

شیخ علاؤالدین: میں یہ تحریک پیش کرتا ہوں کہ اہمیت عامہ رکھنے والے ایک اہم اور فوری نوعیت کے مسئلہ کو زیر بحث لانے کے لئے اسمبلی کی کارروائی ملتوی کر دی جائے۔ مسئلہ یہ ہے کہ نارنگ منڈی کے ایک غریب والدین اپنے 6 معذور بچوں کو عبدالستار ایدھی ہوم چھوڑ آئے ہیں کیونکہ ان کے لئے لاکھوں روپے کی ادویات کی ضرورت تھی لیکن وہ روٹی سے بھی تنگ تھے۔ سسکیوں اور آہوں کے درمیان اپنے بچوں کو غیروں کے رحم و کرم پر چھوڑ آنے سے اللہ تعالیٰ سب کو محفوظ رکھے، ایسے بے شمار بچوں اور والدین کے بارے میں فکر کرنا اس معزز ایوان کے ہر رکن پر لازم ہے۔ اب وقت آ گیا ہے کہ ہر ماں بننے والی عورت کا میڈیکل ٹیسٹ لازمی قرار دیا جائے تاکہ پیدائشی طور پر معذور بچوں کا پہلے سے ہی کچھ انتظام ہو سکے۔ جسمانی طور پر معذور بچے اکثر اوقات انتہائی ذہین ہوتے ہیں لیکن

بیچارے ماں باپ ان کو اپنے لئے شرمندگی کا باعث سمجھ کر ان بچوں کو اکثر اوقات Liability سمجھ بیٹھتے ہیں۔ ان معذور بچوں کے لئے پورے صوبہ پنجاب میں ایک مفصل سروے کرایا جانا انتہائی ضروری ہے جس میں بچے کی معذوری کی وجہ، دماغی حالت، والدین کی مالی حالت کو مدنظر رکھتے ہوئے ہر معذور بچے کے لئے ایک معقول معاوضہ کا فوری اجراء انتہائی ضروری ہے اور اس کام میں ہر M.P.A کو زیادہ سے زیادہ 30 یوم کے اندر اپنے حلقے کے تمام معذور بچوں اور ان کے والدین کا ریکارڈ تیار کرنا چاہئے تاکہ ایسے تمام والدین جو مالی طور پر ان معذور بچوں کی کفالت کے ساتھ ساتھ تعلیمی ذمہ داریاں صحیح طریقے سے انجام نہیں دے سکتے، ان کے لئے فوری طور پر مالی وظیفہ مقرر کیا جائے۔ لہذا استدعا ہے کہ میری تحریک کو باضابطہ قرار دے کر اس پر ایوان میں بحث کرنے کی اجازت دی جائے۔

جناب سپیکر: جی، وزیر خوراک!

وزیر خوراک و صحت (ملک ندیم کامران): جناب سپیکر! میں سمجھتا ہوں کہ فاضل رکن نے ایک انتہائی اہم issue کی طرف ہماری توجہ مبذول کروائی ہے۔ اس سلسلے میں پنجاب حکومت بہت کام کر رہی ہے۔ میں ان کو اور ایوان کو یہ بتانا چاہتا ہوں کہ محکمہ صحت پنجاب کو پیدائشی معذور افراد اور ان کے لواحقین کی مشکلات کا مکمل ادراک ہے اور ان کی بحالی کے لئے کوشاں بھی ہے تاکہ وہ معاشرے کے کارآمد فرد بن سکیں۔ ان تمام سرکاری ہسپتالوں میں ان معذور افراد کا علاج مفت کیا جا رہا ہے۔ اس کے علاوہ حکومت پنجاب نے میو ہسپتال میں پیدائشی طور پر معذور افراد اور ایسے افراد جو کسی حادثے یا بیماری کی وجہ سے معذور ہو جاتے ہیں کی بحالی کے لئے ایک شعبہ بھی قائم کر رکھا ہے جہاں ان کو علاج معالجے کی سہولت فراہم کی جاتی ہے۔ مزید برآں محکمہ سپیشل ایجوکیشن کے تحت حکومت پنجاب نے معذور افراد کی تعلیم و تربیت کے لئے سپیشل ادارے قائم کر رکھے ہیں جہاں ان افراد کو معاشرے کا مفید شہری بننے کے لئے تمام تر سہولیات موجود ہیں۔ پنجاب کے تمام سرکاری ہسپتالوں میں ماہر ڈاکٹروں کی زیر نگرانی حاملہ خواتین کا مفت معائنہ کیا جاتا ہے اور ان کو زچگی اور بچے کے بارے میں مکمل معلومات اور موثر مشورہ بھی دیا جاتا ہے۔ محکمہ صحت معزز رکن اسمبلی کی تجویز برائے مالی سال اور سروے کی تائید کرتا ہے تاہم اس پر عملدرآمد کروانا محکمہ سماجی بہبود اور محکمہ خزانہ کے دائرہ اختیار میں ہے۔

شیخ علاؤالدین: جناب سپیکر! میں محترم وزیر صاحب کی بات پر صرف اتنا ہی کہوں گا کہ یہ سرکاری bulletin تو ہو سکتا ہے لیکن یہ حقیقت نہیں ہے۔ میں یہ بات خدا کو حاضر ناظر جان کر کہتا ہوں کہ میں نے کچھ عرصہ پہلے اپنے حلقے میں جب یہ سلسلہ شروع کیا اور جہاں سے مجھے یہ احساس ہوا کہ ایک خاتون میرے پاس آئی اس کی دو بچیاں تھیں جن میں سے ایک کی عمر دس سال اور ایک کی عمر بارہ سال تھی۔ دونوں بچیاں ہی معذور تھیں اور وہ دونوں بچیاں بہت پیاری تھیں لیکن ان دونوں بچیوں کی ٹانگیں پیدائشی طور پر خراب تھیں۔ میں نے جب اس معاملے میں ایک اشتہار چھپوایا اور اس کو اپنے حلقے میں تقسیم کروایا تو آپ یقین کیجئے کہ جو پرسوں اتوار گیا ہے اس دن سے اب تک 70 بچوں مع والدین نے رابطہ کیا ہے جو بالکل معذور ہیں۔ ان کا کوئی پرسان حال نہیں ہے۔ یہ لفاظی ہے کہ ہسپتالوں میں یہ ہو رہا ہے، وہاں ہو رہا ہو گا لیکن جس ground level کی میں بات کر رہا ہوں اور جن roots میں جانے کی میں بات کر رہا ہوں وہاں پہنچنا بہت ضروری ہے۔ میں صرف دو گھنٹے کے notice پر اپنے اس مؤقف کو ثابت کر سکتا ہوں، 50 منٹ پر میرا حلقہ شروع ہو جاتا ہے۔ میرے ساتھ کوئی بھی چلے تو میں ابھی ثابت کر دیتا ہوں کہ لوگوں کا کیا حال ہے۔

جناب سپیکر! انھوں نے جو disability centres بنائے ہوئے ہیں وہاں پر ایک غریب آدمی کو جوتا بھی نہیں ملتا۔ یہ اللہ جانتا ہے کہ میں کس طرح اپنی جیب سے لے کر دیتا ہوں کہ ان کو کوئی چیز وہاں پر مفت نہیں ملتی۔ میں جن بچوں کی بات کر رہا ہوں۔ ان بچوں کے پاس پورے کپڑے بھی نہیں ہیں۔ اب تک 70 بچوں کے والدین کا میں نے انٹرویو کیا ہے۔ ہم نے اللہ سے وعدہ کر کے ایک ویلفیئر اسٹیٹ لی تھی۔ میں یہ چاہتا ہوں کہ آپ اس پر آج یہ رولنگ دیں کہ ہر ایم پی اے 30 دن کے اندر اپنے حلقے سے معذور بچوں کی فہرست دے کہ جن کے والدین ان کو کچھ نہیں دے سکتے۔ میں اپنی فہرست دیتا ہوں۔ میں آپ کو یہ بتاتا ہوں کہ یہ میرا صرف ایک مہینے کا کام ہے کہ 70 تک تعداد ہوئی ہے۔ یہ مسئلہ ہر حلقے میں موجود ہے۔ آپ یقین کیجئے کہ یہ بچے روڑیوں پر پڑے ہوئے ہیں۔ یہ بچے صبح گھر سے نکلتے ہیں ادھر سے ملا، ادھر سے ملا تو کھا لیا۔ ان میں بعض بچے بہت ذہین ہیں جو پڑھ سکتے ہیں۔ میں ان بچوں کی بات کر رہا ہوں۔ جہاں تک حکومت جن بچوں کو دے رہی ہے تو وہ انہی والدین کو پہنچا سکتی ہے جن کے پاس پہلے ہی کچھ ہے لیکن ہمارے حلقوں میں جو بچے ہیں تو ان کے لئے کچھ کہہ دیں تاکہ ان کو specifically کچھ نہ کچھ پہنچے اور ان کے والدین پر یہ پابندی لگائی جائے کہ یہ بچے پڑھیں گے۔ میں آپ سے یہ عرض کرتا ہوں کہ ان بچوں کی اکثریت

پڑھ نہیں رہی۔ ان 70 بچوں کے متعلق میں نے عرض کیا ہے، ان میں سے بیس پچیس بچے یا بچیاں ایسی بھی ہیں جو پڑھ بھی رہی ہیں لیکن میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ جو بچے بالکل نہیں پڑھ رہے ان کا مستقبل کیا ہے؟ اس کا تصور کرنے سے ہی طبیعت خراب ہوتی ہے اور میں افسوس سے کہتا ہوں کہ ان کا مستقبل بھیک ہے اس لئے ہم ان کے جوابدہ ہیں اور ان کے لئے میری آپ سے استدعا ہے کہ آپ اس کو شروع کروادیں، اس پر بحث کروالیں اور ہر ایم پی اے کو کہیں کہ جن کے اس قسم کے حالات نہیں ہیں تو ان کی ایک فہرست تو گورنمنٹ کو دیں تاکہ ان کے لئے کچھ نہ کچھ کیا جاسکے۔ وزیر صاحب نے جیسے کہا ہے کہ محکمہ خزانہ کرے گا اس محکمہ خزانہ تو اسی وقت کرے گا جب یہ معزز ایوان اس کو پیش کرے گا کہ ہم چاہتے ہیں کہ آپ ان بچوں کے لئے کچھ کریں اور ان کے بچوں کے لئے پیسا دیا جائے۔

**وزیر خوراک وصحت (ملک ندیم کامران):** جناب سپیکر! انہوں نے اپنا individually کام کیا ہے جسے ہم سب کو appreciate کرنا چاہئے اور انہوں نے جو ہمیں request کی ہے کہ تمام ایم پی ایز کو آرڈر کردیں کہ وہ اپنے اپنے حلقوں کا سروے کر کے ایک ماہ کے اندر اندر اپنی رپورٹ پیش کردیں تو میں سمجھتا ہوں کہ اس سے بہت سے لوگوں کا فائدہ بھی ہو سکتا ہے اور ہمیں کوئی اعتراض نہیں ہے۔ انہوں نے یہ بات بھی صحیح کی ہے کہ فنانس کا معاملہ تب آئے گا جب ہمارے سامنے کوئی figures آجائیں گی یا ہمارا کوئی target بن جائے گا کہ ہم نے ان کے ساتھ کیسے deal کرنا ہے؟ ان کی تجویز سے میں تو متفق ہوں کہ اگر ہر ایم پی اے اپنے اپنے حلقے کی دشواریوں اور کمی بیشی کی رپورٹ دے دیں اور اس پر اگر عملدرآمد کر دیا جائے تو ہمیں کوئی اعتراض نہیں ہے۔ میں انہیں appreciate کرتا ہوں کہ انہوں نے اپنے حلقے میں اتنا سروے کیا ہے جو کہ شاید کسی اور نے نہ کیا ہو۔ آپ اگر حکم کرتے ہیں تو تمام ایم پی ایز اپنا کام کریں، اس پر اللہ بھی راضی ہوگا اور پنجاب حکومت چاہتی ہے کہ ہم ان کو support کر سکیں۔ جہاں تک ہمارے ادارے ہسپتال یا خصوصی تعلیم کے ہیں وہ اپنے طور پر بہت بہتر کام کر رہے ہیں لیکن اگر اس میں کوئی کمی ہے تو وہ identify کردیں۔ ایسے مسائل جو یہ فوری طور پر چاہتے ہیں کہ ان بچوں کے لئے انہیں ہسپتالوں سے امداد چاہئے یا ان کو کوئی proper treatment چاہئے تو میں ابھی on the floor of the House یہ ensure کر رہا ہوں کہ یہ جن مسائل کو میرے سامنے لائیں گے ہماری منسٹری اس پر فوری طور پر عملدرآمد کرے گی۔

**ملک محمد وارث کلو:** جناب سپیکر! میری ایک بات سن لیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: کلو صاحب! میں اسی کی طرف آ رہا ہوں۔

**ملک محمد وارث کلو:** میں نے ایک میٹنگ میں جانا ہے لہذا میری ایک عرض سن لیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: یہ تو کوئی طریقہ نہیں ہے۔ پلیز! تشریف رکھیں۔ پہلے ہم اس کو تو wind up کر لیں۔ شیخ صاحب! میں سمجھتا ہوں کہ یہ بہت اہم issue ہے جو آپ نے اٹھایا ہے۔ اس میں خاص طور پر یہ کہ 30 یوم کے اندر اندر ایک صوبائی حلقہ وار لسٹ واقعی بننی چاہئے۔ اگر ہم اپنے معزز ارکان کو صرف یہی کہیں کہ وہ لسٹ بنائیں تو میں چاہتا ہوں کہ اس کا ایک طریق کار ہونا چاہئے۔ کوئی کمیٹی بنا لیں اور شیخ علاؤالدین صاحب چونکہ محرک ہیں ان کو بھی شامل کر لیں کیونکہ data اکٹھا کرنا بہت لازمی ہے۔ میری تو یہی تجویز ہے کہ اس پر فوری کوئی لائحہ عمل اختیار کر کے ہاؤس کو intimate کریں کہ ہم کتنے دنوں تک اس پر سب کچھ کر کے ہاؤس میں put کریں گے۔ جی، شیخ صاحب!

**شیخ علاؤالدین:** بہت شکریہ۔ یہ بالکل ایک صحیح طریقہ ہے۔ kindly ایک کمیٹی بنا دیں اور ہمارے معزز اراکین کو یہ کہیں کہ وہ اپنے حلقے میں کام کریں اور سارے کام چھوڑ کر یہ کام کریں۔ یہ کام بہت ضروری ہے کیونکہ بہت عجیب حالات ہیں۔ منسٹر صاحب سے کہیں اور آج ہی یہ کمیٹی بنا دیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، وزیر موصوف!

**وزیر خوراک و صحت (ملک ندیم کامران):** جناب سپیکر! اس کمیٹی کے بنانے میں مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے لیکن حقیقت یہ ہے کہ کمیٹی تو تین چار لوگوں پر مشتمل ہو گی لیکن یہ اتنا بڑا کام ہے اس میں جب تک تمام participate نہیں کریں گے تو شاید وہ نتیجہ نہ نکل سکے جو ہم بھی چاہتے ہیں اور فاضل ارکان بھی چاہتے ہیں۔ ایک تو Chair کی طرف سے آرڈر چلا جائے کہ تمام ارکان within thirty or sixty days ہمیں feedback دیں اور اس کے علاوہ سب کو monitor کرنے کے لئے ایک کمیٹی بنا دیں جن کو بھی آپ نامزد کرتے ہیں. and we are ready for that.

جناب ڈپٹی سپیکر: میرے خیال میں مناسب یہ ہے کہ شیخ صاحب آپ کے ساتھ بیٹھ جاتے ہیں تو آپ ایک کمیٹی بنا لیں اور آپ ہاؤس کی اگلی sitting میں کمیٹی کی رپورٹ put کر دیں۔

**وزیر قانون و پارلیمانی امور (رانا ثناء اللہ خان):** جناب سپیکر! اگر ہاؤس کی اس میں sense ہو اور آپ کی یہ رائے ہو کہ اس معاملے کو consider کرنے کے لئے کمیٹی کی ضرورت ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ ہم وہ بات جو اس کے علاوہ بھی کرتے ہیں کہ ہماری سٹینڈنگ کمیٹیوں کے اجلاس نہیں ہوتے

اور وہاں پر کوئی کام نہیں ہوتا۔ چونکہ سٹینڈنگ کمیٹیاں بن چکی ہیں اور اگر آپ یہ سمجھتے ہیں کہ اس معاملے پر consideration کی ضرورت ہے تو زیادہ مناسب ہوگا کہ آپ محکمہ صحت کی سٹینڈنگ کمیٹی کو یہ معاملہ refer کریں اور شیخ صاحب اگر اس کمیٹی میں نہیں ہیں تو ان کو بھی شامل کر لیں۔ ساتھ ان کو ایک ٹائم بھی دے دیں کہ after one month or two weeks کمیٹی اپنی رپورٹ اس ہاؤس میں پیش کرے۔ اس سے سٹینڈنگ کمیٹیاں بھی بہتر طور پر کام کر سکیں گی اور properly کام ہوگا۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شیخ صاحب! میرے خیال میں بہت ہی اچھی تجویز ہے۔ ہم یہ سٹینڈنگ کمیٹی صحت کو refer کر دیتے ہیں اور شیخ صاحب as a co-opted ممبر کمیٹی میں اس کو move کریں گے۔

شیخ علاؤالدین: جناب سپیکر! آپ کا اور منسٹر صاحب کا بہت شکریہ لیکن میں ایک بات عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اس میں ایک cut date دے دیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ان کی بھی تجویز یہی تھی کہ within thirty days اس کی رپورٹ ہاؤس میں پیش کی جائے گی۔

شیخ علاؤالدین: اس کو پھر pending کر لیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: اس کو pending کرنے کی ضرورت نہیں ہے کیونکہ کمیٹی کو بھیج دی ہے اور وہ اس کی رپورٹ پیش کرے گی۔ اسے dispose of کیا جاتا ہے۔

وزیر قانون و پارلیمانی امور (رانا ثناء اللہ خان): جناب سپیکر! یہ pending ہوگی اور نہ ہی dispose of ہوگی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: Yes you are right. شیخ صاحب! چونکہ یہ کمیٹی کو refer کر دی گئی ہے اور ادھر سے ہماری direction یہی ہے کہ آپ اس کمیٹی میں as a co-opted member لے کر جائیں گے۔ اس کے بعد احمد خان بلوچ صاحب کی تحریک التوائے کار ہے۔ میں ان سے کہوں گا کہ وہ اپنی تحریک پیش کریں۔ یہ تحریک میں نے out of turn لی ہے اس کی کاپی متعلقہ منسٹر صاحب کو مہیا کی جائے۔

## محکمہ تعلیم میں ایجوکیٹرز کی بھرتی کے بارے میں پالیسی پر مکمل طور پر عملدرآمد نہ کرنا

**جناب احمد خان بلوچ:** میں ایک مفاد عامہ اور فوری اہمیت کے مسئلہ کے لئے تحریک پیش کرتا ہوں۔ مسئلہ یہ ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب نے ایجوکیٹرز کی بھرتی کے لئے کرپشن سے پاک پنجاب کے لئے پالیسی بنائی ہے جس میں مقامی village کے سکولوں کے لئے امیدواروں کو دس اضافی نمبر دیئے گئے ہیں۔ اس کے بعد مقامی یونین کونسل کے رہائشی امیدواروں کو آٹھ نمبر دیئے گئے ہیں اور مقامی تحصیل کے رہائشی امیدواروں کو چھ نمبر دیئے گئے ہیں۔ اس پالیسی سے پورے پنجاب کی عوام خوش ہے اور پنجاب کے امیدوار کرپشن سے بھی بچ گئے ہیں لیکن افسوس ہے کہ بعض ڈسٹرکٹ اس پالیسی کو لاگو کر رہے ہیں اور کچھ ڈسٹرکٹ پرانی پالیسی پر میرٹ لسٹ تیار کر رہے ہیں۔ جن ڈسٹرکٹ میں پرانی پالیسی کے مطابق میرٹ لسٹ بن رہی ہے ان ڈسٹرکٹ میں بہت پریشانی پائی جاتی ہے اور ان اضلاع کے امیدوار بہت پریشان ہیں اس لئے گزارش ہے کہ میری اس تحریک کو بحث کے لئے منظور فرمائیں تاکہ پنجاب کے وزیر اعلیٰ صاحب کی پالیسی پورے پنجاب میں عملدرآمد ہو سکے اور پنجاب کے عوام کی پریشانی دور ہو سکے اور کسی ڈسٹرکٹ کے ساتھ زیادتی نہ ہو۔

جناب سپیکر! مجھے صرف اس چیز کا افسوس ہے کہ ہمیشہ ہی پالیسیاں پورے پنجاب کے لئے ہوتی ہیں کہ 15/20 ڈسٹرکٹ میں تو مقامی امیدواروں کو نمبر دیئے جا رہے ہیں اور باقی 15/20 ڈسٹرکٹ میں یہ پالیسی لاگو نہیں کی جا رہی حالانکہ 29/12/08 کا یہ لیٹر amendment کے ساتھ وزیر اعلیٰ صاحب نے یہ سننے کے بعد issue کیا تھا اور انہوں نے یہ اس لئے کیا ہے کہ جب تک مقامی گاؤں کی استانیاں نہیں آئیں گی اس وقت تک rural areas کے مقامی سکول نہیں کھل سکتے کیونکہ تحصیل level پر جب میرٹ بنتا ہے تو 25/30 کلومیٹر پر شادی شدہ یا غیر شادی شدہ لڑکیاں اتنی دور پڑھانے کے لئے نہیں جاتیں اور اس کا نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ کئی کئی سالوں سے سکول ویسے ہی بند پڑے ہیں۔ وزیر اعلیٰ صاحب نے یہ سمجھتے ہوئے پالیسی اختیار کی اور انہوں نے کہا کہ پہلے اس گاؤں میں دیکھیں کہ اگر وہاں پر پڑھی لکھی بچی یا بچہ موجود ہے تو اس کو دس نمبر اضافی دے کر وہاں تعینات کر دیا جائے۔ اگر وہاں نہیں ہے تو پھر اس یونین کونسل میں میرٹ بنائیں اور اس کو آٹھ نمبر اضافی دے کر تعینات کریں۔ اگر وہاں بھی نہ ملے تو پھر تحصیل level پر لے کر آئیں لیکن افسوس یہ ہے کہ پتا نہیں کہاں پر آ کر گڑبڑ ہو گئی اور بیوروکریٹس نے کہا کہ جن اضلاع میں process ہو رہا ہے، درخواستیں مل

چکی ہیں اس پر یہ پالیسی لاگو نہ کریں اور جو اضلاع سست تھے جنہوں نے درخواستیں نہیں دیں ان کی طرف سے جو نئی درخواستیں آئیں تو ان پر یہ پالیسی لاگو کریں۔ مجھے سمجھ نہیں آتی کہ یہ کہاں کا آئین ہے کہ پنجاب میں آدھے اضلاع تو مقامی گاؤں کے نمبر لے رہے ہیں اور آدھا پنجاب اس سے محروم ہے جس سے عوام میں پریشانی پھیلی ہوئی ہے۔ جب میں ضلعی انتظامیہ کے پاس گیا اور کہا کہ آپ یہ کیوں کر رہے ہیں تو انہوں نے جواب دیا کہ ہم نے تو بہت محنت کی ہے، میرٹ بنا چکے ہیں، اب ہمیں دوبارہ میرٹ بنانا پڑے گا اور محنت کرنی پڑے گی۔ آپ اس سے اندازہ لگائیں کہ محنت کی خاطر یا دوبارہ میرٹ بنانے کی خاطر ہزاروں امیدوار جو دیہات میں رہنے والے ہیں اور ہزاروں کی تعداد میں جو سکول بند پڑے ہیں وہ کہتے ہیں کہ وہ بند پڑے رہیں لیکن ہمیں دوبارہ محنت نہ کرنی پڑے۔ اگر تعیناتی ہو جاتی تو پھر ایک علیٰحدہ بات تھی لیکن وہ ابھی under process ہیں اور اس کے لئے یہ پالیسی لاگو نہیں کی گئی۔ یہاں پر وزیر قانون صاحب بھی بیٹھے ہیں اور جناب custodian ہیں تو یہ عوام کا بہت اہم مسئلہ ہے لہٰذا آپ اس پالیسی کو پورے پنجاب میں لاگو کروا دیں۔ بہت شکریہ

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، لاء منسٹر صاحب!

وزیر قانون و پارلیمانی امور (راناثناء اللہ خان): جناب سپیکر! احمد خان بلوچ صاحب نے اپنی تحریک التوائے کار میں جو بات فرمائی ہے وہ بالکل درست ہے اور اس سے کوئی انکار نہیں کہ جب تک ہم اس دیہہ اور اس یونین کونسل کے مقامی لوگوں کو اس میں نہیں لائیں گے تو وہاں پر وہ سکول آباد نہیں ہو سکیں گے اور وہاں دور خاص طور پر خواتین اساتذہ کا جانا مشکل ہے لیکن آپ نے اس تحریک التوائے کار اور اس کے بعد کافی تفصیل بیان کرتے وقت بھی کسی ایک ضلع کا نام نہیں دیا اور آپ نے کہا کہ آدھے اضلاع میں ہو رہا ہے اور آدھے اضلاع میں نہیں ہو رہا اور یہاں بھی آپ نے یہی لکھا ہے کہ کچھ اضلاع میں پرانی پالیسی پر عمل ہو رہا ہے اور کچھ میں نئی پالیسی پر ہو رہا ہے۔ اگر آپ کے علم میں ہے تو آپ ان اضلاع کی نشاندہی کر دیں اس تحریک التوائے کار کو pending کر لیتے ہیں اور جن اضلاع کی آپ نشاندہی کریں گے ان کا میں آپ کو ensure کر کے ایک دو دنوں میں جواب دوں گا اور باقی ہم پورے پنجاب میں general direction بھی دے دیتے ہیں کہ یہ پالیسی وزیر اعلیٰ پنجاب اور حکومت نے approve کی ہے اور اس کے مطابق ہی عمل ہو گا اور یہ سوال ہی پیدا نہیں ہوتا کہ کوئی یہ کہے کہ میرے پاس ٹائم نہیں ہے اور میں اس پر عمل نہیں کرتا۔ آپ جن اضلاع کا ذکر فرما

رہے ہیں تو آپ ان اضلاع کے نام بھی فرما دیں کہ کن اضلاع میں آپ کو اس قسم کی انفارمیشن پہنچی ہے۔

**جناب احمد خان بلوچ:** جناب سپیکر! اگر یہاں پر کوئی ایجوکیشن کے محکمہ کا آدمی بیٹھا ہے تو آپ ان سے پوچھ لیں کیونکہ ان کو سب پتا ہے کہ کون کون سے اضلاع میں ہو رہا ہے۔ لودھراں کا نام لے لیتا ہوں اور آپ پوچھ لیں کہ لودھراں میں کیا پالیسی بن رہی ہے؟

**وزیر قانون و پارلیمانی امور (رانا ثناء اللہ خان):** لودھراں کے علاوہ اور کوئی ضلع؟

**جناب احمد خان بلوچ:** جناب سپیکر! لودھراں کے علاوہ ملتان، بہاولپور، رحیم یار خان میں بھی ہو رہا ہے اور 26 اضلاع ہیں۔ اگر آپ لسٹ لینا چاہتے ہیں تو۔۔۔

**ملک محمد وارث کلو:** پوائنٹ آف آرڈر۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** جی، فرمائیں!

**ملک محمد وارث کلو:** جناب سپیکر! وزیر اعلیٰ پنجاب میاں محمد شہباز شریف صاحب کو یہ problem جب انہوں نے بتائی ہے تو اس کا نوٹس لیتے ہوئے انہوں نے یہ کہا تھا کہ سب سے پہلے village کو اضافی نمبر دیں اور گاؤں کی بچیوں اور بچوں کو پہلے 10 نمبر دے کر accommodate کریں، اس کے بعد یونین کونسل اور پھر تحصیل ہے۔ اب چونکہ یہ لوگ اشتہار مانگ چکے تھے اور چھوٹی موٹی جو processing ہوتی ہے اس کے اندر between the lines کچھ اور بھی ہوتا ہے وہ چونکہ ہو چکا تھا۔ اب انہوں نے کیا کیا ہے؟ یہ لیٹر ہے، اس کے مطابق انہوں نے وزیر اعلیٰ صاحب کی ساری پالیسی کو سبوتاژ کر دیا ہے۔ یہ محکمہ ایجوکیشن کے ڈپٹی سیکرٹری صاحب مہر مشتاق احمد نے لیٹر لکھا ہے اور باقاعدہ یہ لیٹر اتنا ridiculous ہے کہ اس کو آپ پڑھیں کہ جن میں پہلے applications اور processing ہو چکی ہیں وہ پرانے نظام پر کریں گے اور جو ابھی نئی applications مانگ رہے ہیں وہ نئے نظام پر کریں گے۔ رانا صاحب! میں یہ آپ کو دکھا دیتا ہوں۔ آج کل کیا ہو رہا ہے؟ immediately کرنے کا کام یہ ہے کہ آپ جس طرح فرما رہے ہیں کہ آپ حکم صادر کریں کہ وہ کوئی بھی بھرتی نہ کریں ورنہ وہ راتوں رات بھرتی کر کے appointment letter دے کر وہاں accommodate بھی کروا دیتے ہیں۔ چونکہ اس کے درمیان اندرونی کہانیاں کہیں اور ہوتی ہیں تو آپ اس لیٹر کو فوری طور پر withdraw کروائیں اور فوری طور پر انہیں direct کریں کہ وزیر اعلیٰ

پنجاب میاں محمد شہباز شریف صاحب کا جو حکم ہے وہ in letter and spirit اس پر عملدرآمد ہونا چاہئے۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** جی، راناصاحب!

**وزیر قانون و پارلیمانی امور (راناثناء اللہ خان):** جناب سپیکر! لیٹر کی کاپی کلو صاحب مجھے دے دیں اور آپ اس تحریک التوائے کار کو pending کر لیں۔ کل اس کے متعلق تفصیلی جواب بھی دیا جائے گا اور اگر یہ لیٹر وزیراعلیٰ پنجاب اور حکومت کی پالیسی کے خلاف کسی official نے جاری کیا ہے تو اس کو سزا بھی دی جائے گی۔

**جناب احمد خان بلوچ:** جناب سپیکر! یہ حکم بھی صادر کر دیں کہ وہ راتوں رات بھرتی کے لیٹر نہ جاری کریں۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** بلوچ صاحب! آپ نے اسمبلی میں تحریک التوائے کار پیش کی ہے اور یہ لیٹر میں نے بھی پڑھا ہے اور واقعی اس طرح کا لیٹر ہے کہ اس میں گورنمنٹ کی writ کو direct چیلنج کیا جارہا ہے اور میں بالکل یہ سمجھتا ہوں کہ لاء منسٹر اس تحریک کو کل تک pending کیا جارہا ہے تو اس پر مزید کوئی کارروائی نہیں ہونی چاہئے۔ کسی بھی گورنمنٹ quarter کی طرف سے اور کل جب آپ اس کا جواب دیں گے تو اس وقت تک اسے اسی طرح روکا جاتا ہے۔ یہ تحریک کل تک pending کی جاتی ہے۔ اب تحریک التوائے کار کا وقت ختم ہو چکا ہے۔

## غیر سرکاری ارکان کی کارروائی

**جناب ڈپٹی سپیکر:** اب ہم غیر سرکاری ارکان کی کارروائی شروع کرتے ہیں۔

**محترمہ آمنہ الفت:** جناب سپیکر! میری بھی ایک تحریک تھی۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** جی، محترمہ! کون سی ہے؟

**محترمہ آمنہ الفت:** جناب سپیکر! یہ 25۔نومبر 2008 کو ملازمین کے لئے ہاؤس ریکوزیشن کی قرارداد پیش کی تھی جس پر معزز وزیر قانون نے فرمایا تھا کہ ۔۔۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** محترمہ! یہ قرارداد ہے؟

**محترمہ آمنہ الفت:** جی، جناب!

**جناب ڈپٹی سپیکر:** محترمہ!اب تحاریک التوائے کار ختم ہوئی ہیں۔ابھی مسودات قانون ہیں اور پھر اس کے بعد قرار دادیں ہیں اور پھر جب آپ کی قرارداد آئے گی تو اس وقت آپ کو ٹائم دیا جائے گا۔

**محترمہ آمنہ الفت:** جی، بہتر۔

## مسودات قانون (جو متعارف ہوئے)

## مسودہ قانون (ترمیم) جنگلات پنجاب مصدرہ 2009

**جناب ڈپٹی سپیکر:** اس کے اندر مسودات قانون ہیں جو پیش کئے جائیں گے۔ مفاد عامہ سے متعلق قرار دادیں ہیں اور عام بحث ہے تو سب سے پہلے
The Forest (Punjab Amendment) Bill, 2009 (Bill No 1 of 2009) Chaudhary Muhammad Asaduallah may move the Forest (Punjab Amendment) Bill, 2009

**CH. MUHAMMAD ASAD ULLAH:** I move:

> "That leave be granted to introduce the Forest (Punjab Amendment) Bill, 2009"

**MR. DEPUTY SPEAKER:** The motion moved is:

> "That leave be granted to introduce the Forest (Punjab Amendment) Bill, 2009.''

**وزیر قانون و پارلیمانی امور (رانا ثناء اللہ خان):** جناب سپیکر! I oppose it

**جناب ڈپٹی سپیکر:** جی، اسد اللہ صاحب!

**چودھری محمد اسد اللہ:** جناب سپیکر! فاریسٹ ایکٹ 1927 میں پاس ہوا اور 21۔ ستمبر 1927 کو نافذ ہوا تھا۔اس قانون کے ذریعے جنگلات اور ان کے تحفظ کے لئے سزائیں، قید اور جرمانے تجویز کئے گئے تھے لیکن 1927 کے بعد اب تک جرمانے کی سزا میں اضافہ نہیں کیا گیا۔ابھی روپے کی value بہت کم ہو گئی ہے اور جو 1927 میں روپے کی value تھی اس کے مقابلے میں یہ بہت کم ہے۔اس کی وجہ سے جنگلات کی لکڑی اور درختوں کی چوری میں جرمانہ کم ہے اور درختوں کی چوری کو روکنے کے لئے جرمانے میں اضافہ کرنا چاہئے۔جب یہ قانون 1927 میں نافذ کیا گیا تھا تو اس وقت لکڑی کی چوری اور

درختوں کی چوری اور اس قانون کی خلاف ورزی پر 500 روپے جرمانہ رکھا گیا تھا۔ میں اس بل کے ذریعے 10 ہزار کی تجویز پیش کرتا ہوں اور ایک مثال پیش کرتا ہوں کہ فاریسٹ ایکٹ 1927 کی شق 71 میں ہے کہ بھینس جنگل میں اگر داخل ہوتی ہے اور جنگلات کو نقصان پہنچاتی ہے تو اس پر 2 روپے جرمانہ رکھا گیا تھا اور اگر گھوڑا وغیرہ جنگل میں داخل ہو کر جنگلات کو نقصان پہنچاتا ہے تو اس پر ایک روپیہ جرمانہ رکھا گیا تھا اور اگر بھیڑ یا، بکری جنگل میں داخل ہو کر جنگل اور درختوں کو نقصان پہنچاتے ہیں تو اس پر صرف پچاس پیسے جرمانہ رکھا گیا تھا۔ یہ جرمانہ آج کے وقت کے مطابق بہت کم ہے۔ میں یہ تجویز کرتا ہوں کہ اس کو کمیٹی کے سپرد کیا جائے اور اس میں ترمیم لائی جائے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، رانا صاحب!

وزیر قانون و پارلیمانی امور (رانا ثناء اللہ خان): جناب سپیکر! اس میں معزز ممبر نے جو ترامیم پیش کی ہیں یہ بالکل معمولی نوعیت کی ہیں۔ اس کے علاوہ Forest Act میں بہت زیادہ ترامیم کی ضرورت ہے۔ اس میں جنگلات کو reserve کرنے اور protected forests سے متعلقہ ہم ترامیم لا رہے ہیں کہ جنگل، پارک پرائیویٹ سیکٹر کی معاونت کے ساتھ develop کئے جائیں تاکہ لوگوں کو صحت مند اور سستی تفریح بھی میسر آئے اور ملک کا ماحول اور فضا بھی بہتر ہو سکے۔

جناب سپیکر! اس سلسلے میں محکمہ ایک بڑی جامع exercise ہو کر Law Department سے بھی vet ہو کر یہ سمری 2009-1-31 کو وزیر اعلیٰ سیکرٹریٹ میں move ہو چکی ہے تاکہ کابینہ کی منظوری کے بعد اسے مسودہ قانون کی صورت میں اسمبلی میں پیش کیا جا سکے اس لئے میری محرک سے یہی درخواست ہے کہ وہ اس کو press نہ کریں۔ یہ ترامیم بھی اس میں شامل ہیں اور اس پر انشاء اللہ تعالیٰ اگلے سیشن تک مسودہ قانون آ جائے گا۔

جناب ڈپٹی سپیکر: چودھری صاحب! جس طرح وزیر قانون صاحب نے فرمایا ہے کہ پہلے ہی اس پر بڑا کام مکمل کر کے وہ مسودہ قانون لے کر آ رہے ہیں تو میرا خیال ہے کہ اس وقت تک آپ اس کا انتظار کر لیں اور اسے مزید press نہ کریں۔

چودھری محمد اسد اللہ: جناب سپیکر! اگر یہ ترامیم بھی اس میں شامل ہیں تو مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: چودھری صاحب! لازمی بات ہے کہ یہ بھی اس میں شامل ہیں۔

وزیر قانون و پارلیمانی امور (رانا ثناء اللہ خان): جناب سپیکر! یہ بھی اس میں شامل ہیں۔

جناب محمد محسن خان لغاری: پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، فرمائیں!

جناب محمد محسن خان لغاری: جناب سپیکر! میں نے بھی شروع والے سیشن میں اسی طرح کی ترامیم دی تھیں لیکن۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: مجھے یاد ہے اور چونکہ وہ کہہ رہے ہیں کہ اب بن چکا ہے اور اس کو فوری طور پر ایوان میں پیش کر دیں گے اس لئے یہ dispose of ہوا۔

## مسودہ قانون (ترمیم) سوشل سروسز بورڈ پنجاب مصدرہ 2009

جناب ڈپٹی سپیکر: اب بل نمبر 2 لیتے ہیں۔

The Punjab Social Services Board (Amendment) Bill, 2009 (Bill No. 2 of 2009) Ch. Zahir-ud-Din Khan may move the Punjab Social Services Board (Amendment) Bill, 2009. Any other mover.

**MRS. QAMAR AAMIR CH.:** I move:

> "That leave be granted to introduce the Punjab Social Services Board (Amendment) Bill, 2009."

**MR. DEPUTY SPEAKER:** The motion moved is:

> "That leave be granted to introduce the Punjab Social Services Board (Amendment) Bill, 2009."

محترمہ قمر عامر چودھری: جناب سپیکر! اس میں ہم پنجاب آرڈیننس نمبر 2 بابت 1970 کی دفعہ 18 میں یہ تبدیلی چاہتے ہیں کہ بورڈ ہر سال کے آخر میں اپنی سالانہ رپورٹ حکومت کو as soon as possible پیش کرے تاکہ اس کے معاملات کو اچھے طریقے سے دیکھا جا سکے اور جو ہو سکتا ہے وہ فیصلہ

کیا ہے اور ہم لوگ اس کے ساتھ یہ بھی چاہتے ہیں کہ سالانہ رپورٹ حکومت پنجاب اسمبلی میں پیش کرے اور پھر جناب سپیکر کی اجازت سے بحث کے لئے وقت مقرر کر لیں چونکہ یہ کام سوشل ویلفئیر کا ہے اور میرا خیال ہے کہ اس میں ہر آدمی کو involve ہونا چاہئے اور اسے پتا ہونا چاہئے کہ ہم لوگ عوام کی خدمت کے لئے کیا کام کر رہے ہیں۔

دوسری بات میں یہ کہوں گی کہ ہمارے کہنے کا مقصد یہ ہے کہ ہم پارلیمنٹ کی supremacy اس لئے چاہتے ہیں کہ عام private sector میں رضاکارانہ طور پر جو لوگ کام کر رہے ہیں یہ اپنے گھپلے رکھتے ہیں، سمجھ نہیں آتی کہ لوگوں کا کون سا کام ہو رہا ہے اور کون سا نہیں ہو رہا ہے۔ اگر ہم اس میں involve ہوں گے تو میرے خیال میں بہت اچھے طریقے سے اس کو tackle کر سکیں گے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، لاء منسٹر!

**وزیر قانون و پارلیمانی امور** (رانا ثناء اللہ خان): جناب سپیکر! یہ The Punjab Social Services Board ہر سال اپنی کارکردگی کی بابت رپورٹ حکومت کو پیش کرتا ہے۔ یہ کوئی secret document نہیں ہوتا اس کی ایک access ہے ہر ممبر کو اور جو بھی ممبر چاہے اس رپورٹ کو حاصل کر کے اس سے متعلقہ کوئی بھی معاملہ اگر وہ سمجھتا ہے کہ وہاں پر کوئی کام ٹھیک نہیں ہو رہا ہے تو There are questions, adjournment motions کسی بھی طریقے سے نشاندہی کی جا سکتی ہے۔ اس میں extra خرچ involve ہو گا اگر اس میں ایوان میں پیش کرنے کی ترمیم کی جائے تو اس قسم کا مسودہ قانون جس میں کوئی finance matter involve ہو وہ اس طرح قرارداد کے ذریعے پیش نہیں کیا جا سکتا۔ لہذا technically یہ مسودہ قانون move نہیں ہو سکتا لیکن میں سمجھتا ہوں کہ اس میں اس کی ضرورت بھی نہیں ہے کیونکہ رپورٹ already حکومت کو پیش ہوتی ہے۔ اس کو کوئی بھی ممبر جب چاہے حاصل کر سکتا ہے، اس کو پڑھ سکتا ہے اور پڑھ کر اگر کسی قسم کا کوئی defect نوٹ کرے تو وہ ہاؤس کے نوٹس میں لا سکتا ہے اور حکومت کے نوٹس میں بھی لا سکتا ہے۔

محترمہ قمر عامر چودھری: جناب سپیکر! میں یہ پوچھنا چاہوں گی کہ یہ 372 کا پیاں distribute ہوں گی اس میں کتنے فنڈز لگ جائیں گے؟

جناب ڈپٹی سپیکر: میرا خیال ہے کہ یہ بات بعد میں آتی ہے جو بات وہ کر رہے ہیں وہ یہ ہے کہ یہ public document ہے اور public کا اس تک access ہے۔ جہاں پر public کا access ہوتا ہے It means وہ سب کے knowledge میں ہوتا ہے اس لئے اس کی ضرورت نہیں ہے۔

ڈاکٹر سامیہ امجد: پوائنٹ آف آڈر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، ڈاکٹر صاحبہ!

ڈاکٹر سامیہ امجد: جناب سپیکر! میں یہ کہنا چاہتی ہوں کہ اس کے ساتھ ہم نے کچھ پہلے بھی demands پیش کی ہیں۔ supremacy of Parliament کا مطلب صرف یہ ہے کہ جب یہ boards بنے تھے تو ان کے Chairmen of Boards of Governors اور boards کے members آزاد تھے اور یہ ایک مادر پدر آزاد قسم کا ایک autonomous سا ادارہ بن گیا تھا جو کسی کی جوابدہی میں نہیں آتا۔ یہ جو legislation کی گئی تھی پچھلی حکومت اور اس سے پچھلی حکومت میں اور اس سے بھی پچھلی حکومت میں، میں کسی حکومت کو credit نہیں دینا چاہ رہی ہوں میرا کہنے کا مقصد یہ ہے کہ ان boards کو بنانے کا مقصد صرف یہ تھا کہ اس ادارے کی کارکردگی کو strong کیا جائے اور autonomy دے کر اس کو meaningful بنایا جائے۔ وہاں پر autonomy کا یہ مطلب قطعاً نہیں ہے کہ وہ کسی کو بھی جوابدہ نہیں ہے۔ کتاب اٹھانا یا میگزین خریدنا اس کا مقصد نہیں ہے جب تک یہ law نہیں ہوگا کہ They are bound to lay the report before the Provincial Assembly وہ کسی سے نہیں ڈرنے لگے۔ پارلیمنٹ کی supremacy اسی میں ہے کہ اگر وہ ہم سے اتھارٹی لیتے ہیں، اگر ہم ان کو finance دیتے ہیں تو وہ جوابدہ بھی اسی ادارے کو ہے۔ آپ اس چیز کو اتنا lightly مت لیں اس لئے کہ اس میں جو major failure کی causes تھیں چاہے وہ health کے boards تھے، چاہے social welfare کے boards تھے اس لئے خدارا! میں لاء منسٹر صاحب کو کہوں گی کہ اس کو دوبارہ دیکھیں، دوبارہ سوچیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: محترمہ! میری بات سن لیں، اس میں حکومتی بنچز کی طرف سے جو بات آئی ہے وہ یہ ہے کہ یہ public document ہے۔ اگر آپ کا اس بات پر اعتراض ہے کہ یہ public

documentنہیں ہے اور سب کی accessنہیں ہے پھر تو اس مسودہ قانون کی افادیت اور اہمیت بنتی ہے اب When he is saying that on the floor of the House کہ یہ ایک public document ہے اور اس پر پہنچ ہے پھر تو اس کی افادیت اور importanceوہیں ختم ہو جاتی ہے۔

وزیر قانون و پارلیمانی امور (رانا ثناء اللہ خان): جناب سپیکر! میں ڈاکٹر صاحبہ سے یہ عرض کروں گا کہ اس میں جو یہ فرما رہی ہیں اور واقعی ان کی observationہے یا انہوں نے اس بارے میں کوئی studyکیا ہے کہ یہ Boards of Governors غلط behaveکرتے ہیں یا وہ اس طرح سے کام کرتے ہیں کہ ان کو کوئی پوچھنے والا نہیں اور وہ مادر پدر آزاد ہیں۔ میں ڈاکٹر صاحبہ سے عرض کروں گا کہ جو rulesاور متعلقہ lawان کو regulateکرتا ہے یہ اس میں amendmentsلائیں اور ان کی powerکو کم کر دیں۔ اگر آپ مناسب سمجھیں جس طرح یونیورسٹی کے سینٹ اور سنڈیکیٹ میں ہے اور اگر یہ سمجھتے ہیں کہ پارلیمنٹ کا وہاں پر کوئی رول ہونا چاہئے تو آپ اس قسم کی کوئی amendmentلے آئیں میں اس کو supportکروں گا لیکن جو laying of reportہے یہ کوئی ایسا اچھا طریقہ نہیں ہے کہ اس سے supremacyثابت ہو جائے گی۔ جو رپورٹیں already lay ہوتی ہیں ان کے متعلق آپ بھی بہتر جانتے ہیں کہ اس سے کتنی زیادہ supremacyقائم ہوتی ہے۔ اس لئے یہ اگر سمجھتی ہیں کہ ان بورڈز کی functioning بالکل مادر پدر آزاد ہے تو ان کی functionalسے متعلقہ جو rulesہیں ان پر کام کریں اور amendmentلے کر آئیں۔

ڈاکٹر سامیہ امجد: جناب سپیکر! میں غالباً اپنی بات وزیر قانون کو سمجھا نہیں سکی۔ میرے کہنے کا مقصد یہ ہے کہ ٹھیک ہے ان کو ایک طاقت دینے کے لئے ہی autonomyدی گئی تھی، اس میں کوئی شک نہیں ہے اور ان کی functioningبہتر ہو گئی ہو گی لیکن جب ایک رپورٹ لکھی جاتی ہے وہ vetنہیں ہوتی، وہ پڑھی نہیں جاتی اور public documentبنا دی جاتی ہے پھر اسمبلی کی opinionیا اس کے سامنے جوابدہی نہ ہو، انہوں نے ایک رپورٹ لکھ دی اور وہ چھپ گئی۔ یہ اس رپورٹ کو lay کریں اور اسمبلی میں اس کی discussionہونے دیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ڈاکٹر صاحبہ! اس کے بورڈز میں already منتخب نمائندے اس کے ممبران ہوتے ہیں اور اس طرح نہیں ہوتا کہ without seeing کام ہو جائے۔ ان بورڈز میں ہمارے اسمبلی کے نمائندے موجود ہوتے ہیں۔ میں بھی یہ سمجھتا ہوں کہ جہاں پر on the

floor of the House یہ بات کی جارہی ہے کہ یہ سب کچھ public document ہے اور public کی access ہے تو میں نہیں سمجھتا کہ اس کی ضرورت ہے۔ اس میں جو language ہے آپ وہ پڑھیں۔اس میں یہی ہے کہ اس کو public کیا جائے اور اس کو lay کیا جائے پھر حکومت بھی اس کی assurance دے رہی ہو تو میرے خیال میں اس کی ضرورت نہیں رہتی۔

ڈاکٹر محمد اشرف چوہان: پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ڈاکٹر صاحب! اس میں صرف movers ہی بات کر سکتے ہیں۔ I know you are a doctor آپ پھر کسی وقت بات کر لیجئے۔۔۔اچھا فرمائیں!

ڈاکٹر محمد اشرف چوہان: جناب سپیکر! public document اس وقت ہوتا ہے جب اس کو ایک دفعہ open کیا جاتا ہے اور relevant لوگ اس کو دیکھ لیتے ہیں، میری proposal یہ ہے کہ جب یہ document تیار ہو تو یہ Parliament کی Select Committee میں جائے اور وہ اس پر objection کرے اور اس کی approval کے بعد public document بنے۔ڈاکٹر صاحب کی بات بالکل ٹھیک ہے، جب وہ document فائنل ہو جائے اس کے بعد سارا شور ڈالنا بے کار ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: Thank you ڈاکٹر صاحب! میرا خیال ہے کہ جب assurance آ گئی ہے تو اس کو press کرنے کی ضرورت نہیں ہے یا اگر آپ کہتے ہیں تو میں ووٹنگ پر لے جاتا ہوں۔

ڈاکٹر سامیہ امجد: جناب سپیکر! آپ بے شک اس کو ووٹنگ میں لے جائیں لیکن میں دوبارہ ایک منٹ اور لوں گی کیونکہ آپ کو پتا ہے جب معاملات floor پر آتے ہیں تو کہنے کا مقصد صرف یہ ہے کہ جب آپ ایک opinion قائم کرتے ہیں آپ یہاں دیکھیں پھر ایک side track والی بات ہے کہ کئی ایسے ادارے ہیں کہ جن میں بورڈ بنے ہی نہیں ہیں۔اسمبلی کے اب نئے ممبران reports میں lay ہونے والے کون ہیں جو ان بورڈز میں موجود ہیں؟ پچھلی اسمبلی کے ممبر تو چلے گئے ہیں جو اس سال کی سالانہ رپورٹ ہے میں یہی چیلنج کرتی ہوں کہ سوشل ویلفیئر میں اگر پچھلے ایک سال میں کوئی ممبر اس میں بنے ہیں وہ M.P.As کون ہیں جنہوں نے اس سال کی رپورٹ میں اپنی opinion دی ہے؟ آپ مجھے اس بات کا جواب دیں کہ پچھلے سال جب سے یہ حکومت بنی ہے کیا اس ایوان کا کوئی بھی ایم پی اے اس بورڈ میں شامل ہوا ہے؟ یہ کم از کم میرے علم میں نہیں ہے۔کہنے کا مقصد صرف یہ ہے

کہ We must do some how or the otherاس چیز کو آپ اس طرح lightly نہ لیں اس کو دوبارہ دیکھیں کہ جو reports دی جاتی ہیں، جو باتیں کی جاتی ہیں۔ میں خود اس چیز کو شکار ہوں کہ ایک مسودہ قانون ایک سیکرٹری کے کہنے پر، اس کی غلط بیانی پر اس نے sabotage کئے ہیں۔ ایک مسودہ قانون جس کا نام پنجاب کالج آف فیملی میڈیسن تھا ایک سیکرٹری نے minutesاس کی اور There was no way to catch himاور یہ چیزیں جو ہیں یہ ہو رہی ہیں اس کی وجہ یہ ہے کہ ہماری strength کم ہے، ہماری say کم ہے، ہماری اسمبلی کا اظہار کم ہے۔ تین ساڑھے تین سال کی محنت اس اسمبلی کے، اس اسمبلی کا vote autonomousاس پنجاب کالج آف فیملی میڈیسن کے مسودہ قانون کو صرف ایک بیوروکریٹ، رئیس زیدی کے ایک اشارے سے وہ advent down the drainاور یہی وہ بات ہے جس کو ہم آج یہاں پر voice کر رہے ہیں۔ آپ اس کو take upکریں یا نہ کریں، میں اس میں "no" بھی سن ہی لوں گی کیونکہ ہم کم ہیں ووٹ کی بات ہے لیکن میں آپ کو یہ بتا دوں کہ جب تک آپ اس اسمبلی کو assert نہیں کریں گے یہ اسمبلی assert نہیں ہو گی اور بیوروکریٹ کے ایک pen اشارے سے چاہے وہ nullify اور sabotage کر رہا ہے، جس رئیس زیدی کی میں بات کر رہی ہوں آپ گورنر ہاؤس کا ریکارڈ اٹھائیں آپ دیکھیں گے کہ اس کی انکوائری ہوئی ہوئی ہے اور sabotage proof ہوا ہے لیکن اس اسمبلی کی جرأت نہیں تھی کہ وہ اس کا sabotage proof کرے وہ گورنر کے ڈیپارٹمنٹ سے ہوا۔ یہ وہ باتیں ہیں، یہ وہ حقائق ہیں جو اس اسمبلی کی law making رپورٹنگ اس کی will، اس کی آواز کو دباتی ہیں اور اسی چیز کے لئے یہ amendment کی voicing ہے۔

If then secretaries are going to sit and write every thing and make it a public document then damn it.

اس کی یہ ساری چیزوں کو بند کریں۔ آپ اتنی چیز assure کر سکتے ہیں کہ یہ وہ چیز regular ہو رہی ہے اور ہمارے جو ممبران ہیں ان کی رائے کو وہاں فوقیت دی جا رہی ہے یا صرف خانہ پُری کی جا رہی ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، بہت شکریہ۔ جی، لاء منسٹر صاحب!

وزیر قانون و پارلیمانی امور (رانا ثناء اللہ خان): جناب سپیکر! اس میں انہوں نے جو amendment چاہی ہے وہ اس کے arguments بالکل مختلف ہیں۔ اب دیکھیں! public document کہنے

سے میری یہ مراد تھی کہ جو پنجاب سوشل سروسز بورڈ ہے اس کی جو اس سال کی، اس سے پچھلے سال کی، اس سے پچھلے سال کی اور اس سے بھی پچھلے سال کی جو رپورٹیں ہیں وہ محکمے کے پاس ہیں، ان تک سب کی access ہے۔ آپ بطور ممبر اس کو لے کر پڑھیں اور اگر آپ سمجھتی ہیں کہ اس میں کوئی کوتاہی ہوئی ہے، کوئی اس میں ناجوازی ہوئی ہے تو آپ اس کے اوپر Adjournment Motion لے آئیں، آپ اس کے اوپر question لائیں یعنی وہ جو ڈیپارٹمنٹس کی کارکردگی کو پرکھنے کا طریق کار ہے وہ آپ کے پاس موجود ہے۔ اب آپ کہتی ہیں کہ وہ رپورٹ کے مرتب کرنے میں، جب وہ ہاؤس میں پیش ہو گی تو مرتب ہو کر ہی پیش ہو گی، فائنل ہو کر پیش ہو گی اور جہاں تک اس بات کا تعلق ہے کہ اس بورڈ میں اس ہاؤس کی نمائندگی ہے یا نہیں ہے اس سے متعلق آپ کی یہ amendment ہے ہی نہیں۔ بورڈ کی جو composition ہے اس کے متعلق میرے پاس جواب نہیں ہے، آپ composition دیکھ لیں اگر اس میں ہاؤس کی representation نہیں ہے تو آپ اس کے لئے amendment لے آئیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: میرا خیال ہے کہ جہاں تک آپ کی اس amendment کی بات ہے اس پر تو جواب آ چکا ہے I think آپ اس کو press نہ کریں اور اس کو پھر ہم dispose of کر دیتے ہیں کیونکہ اس میں دو چیزیں ہیں اور دوسری بات جو آپ نے کی وہ بڑی important ہے۔ میں لاء منسٹر صاحب اور گورنمنٹ سے بھی یہ کہوں گا کہ یہ جو بورڈز بنے ہوئے ہیں اس میں باقاعدہ ہمارے معزز ممبران اس میں ممبرز ہیں اور اگر آج 8 مہینے، 9 مہینے کی گورنمنٹ، جو اسمبلی بنی ہے اس کے بعد بھی اگر ممبرز کو بورڈز کا ممبر نہیں بنایا گیا ان کا جو right ہے ان کا جو استحقاق ہے تو یہ فوری طور پر اس کو take up کریں تاکہ ان پر نظر رہے اور خالی بیوروکریسی کے ہاتھ میں ہی نہ رہے۔ وہ لوگ جو ووٹ لے کر عوام سے آتے ہیں ان کا ان اداروں میں، ان بورڈز میں مکمل role رہنا چاہئے جو already اس میں provide کیا گیا ہے تو I think this is not pressed

محترمہ قمر عامر چودھری: جناب سپیکر! ٹھیک ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جہاں تک آپ کی اس amendment کی بات ہے اس میں تو انہوں نے on the floor of the House کہہ دیا ہے کہ This is a public document

جناب محمد محسن خان لغاری: Will the members be incorporated in those boards? ہماری وہاں پر نمائندگی ہو گی؟

جناب ڈپٹی سپیکر: یہ تو بات وہ ہے جو اس مسودہ قانون میں نہیں ہے۔ and as a custodian of the House میں نے feel کیا ہے کہ آپ کا point ہے اور میں نے اپنا point آگے گورنمنٹ کو رجسٹر کروادیا ہے۔

جناب محمد محسن خان لغاری: اگر منسٹر صاحب یہ commitment کر دیں تو پھر اس کو ہم پریس نہیں کرتے یہ تو چھوٹی سی بڑی جائز بات آپ نے کی ہے۔

وزیر قانون و پارلیمانی امور (رانا ثناء اللہ خان): جناب سپیکر! جو بورڈز کی composition ہے اس کا off hand تو مجھے بھی نہیں پتا اور میرا خیال ہے کہ آپ کو بھی نہیں پتا تو اس کی composition چیک کر لیں اور اگر آپ اس میں یہ مناسب سمجھیں کہ وہاں پر اس معزز ہاؤس کی representation ہونی چاہئے تو آپ اس میں amendment لے آئیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جتنا میں نے پڑھا ہے کہ سپیکر صاحب نے بورڈز کے اندر ممبرز بھیجنے ہوتے ہیں تو That I do undertake کہ انشاء اللہ تعالیٰ اسی sitting کے دوران جو یہ session چل رہا ہے اس میں ہم تمام بورڈز جو ہیں We will make a best level کہ ہم ان تمام بورڈز میں اپنے ممبران کو بھیج دیں۔ This is not pressed and disposed of. ممبران کے لئے بات کی ہے لیکن کسی ممبر نے کچھ نہیں کہا۔ (قہقہہ)

## مسودہ قانون (ترمیم) استحقاقات صوبائی اسمبلی پنجاب مصدرہ 2009

جناب ڈپٹی سپیکر: اب بل نمبر 3 لیتے ہیں۔

The Provincial Assembly of the Punjab Privileges (Amendment) Bill, 2009.(Bill No. 3 of 2009).Chaudhary Zahir ud Din Khan may move the Provincial Assembly of the Punjab Privileges (Amendment) Bill, 2009. Any other mover to move this?

**MRS KHADIJA UMAR:** I move:

> "That leave be granted to introduce the Provincial Assembly of the Punjab Privileges (Amendment) Bill, 2009."

**MR DEPUTY SPEAKER:** The motion moved is:

"That leave be granted to introduce the Provincial Assembly of the Punjab Privileges (Amendment) Bill, 2009."

**MINISTER FOR LAW AND PARLIAMENTARY AFFAIRS** (Rana Sana Ullah Khan)**:** I opposed.

**جناب ڈپٹی سپیکر:** جی، محترمہ خدیجہ عمر صاحبہ!

**محترمہ خدیجہ عمر:** جناب والا! عرض یہ ہے کہ پنجاب قانون نمبر 2 بابت 1972 کی دفعہ 17 میں ترمیم کی ضرورت ہے ہماری رائے یہ ہے کہ قانون استحقاقات صوبائی اسمبلی پنجاب مصدرہ 1972 کی دفعہ 17 ذیلی دفعہ 1 کے بعد درج ذیل عبارت ایزاد کی جائے تاہم خاتون رکن ہونے کی صورت میں اسے پیشگی اطلاع پر اپنے رہائشی ضلع میں واقع ہسپتالوں، ڈسپنسریوں، مراکز صحت، سوشل ویلفیئر کے دفاتر اور تعلیمی اداروں کے معائنے کا استحقاق ضرور حاصل ہوگا۔ بات یہ ہے کہ مرد اراکین صوبائی اسمبلی پنجاب کو یہ privilege ہے کہ وہ ان دفتروں میں، ہسپتالوں میں جا کر معائنہ کر سکتے ہیں جبکہ خواتین اراکین اسمبلی پنجاب کو ان privileges سے محروم رکھا گیا ہے۔ اس میں میری گزارش یہ ہے کہ خواتین جب ہسپتال میں جاتی ہیں تو بہتر طریقے سے خواتین سے interact کر سکتی ہیں، بہتر طریقے سے ان کے مسائل کو سمجھ سکتی ہیں تو میرا خیال ہے کہ یہ خواتین کو right ہونا چاہئے، ان کو یہ privilege دینی چاہئے کہ وہ بھی جا کر معائنہ کر سکیں کیونکہ اس طریقے سے وہی بات آجاتی ہے جس طرح کچھ دیر پہلے ڈاکٹر سامیہ امجد نے کہا ہے کہ خواتین کے جو rights ہیں ان کو اس طرح سے priority نہیں دی جاتی اور ان لوگوں کو اس طرح سے importance نہیں دی جاتی جبکہ ہسپتالوں میں اور جتنے بھی یہاں پر دفاتر ہیں جن کا ذکر کیا گیا ہے اس میں خواتین بھی اسی طرح سے participate کرتی ہیں تو میری گزارش یہ ہے کہ خواتین کو بھی ایسی privilege حاصل ہو تاکہ وہ جا کر معائنہ کر سکیں اور خواتین کی problems کو بہتر طریقے سے represent کر سکیں اور اسی طرح حصہ لے سکیں اور ادارہ اس کو protocol دے سکے۔

**وزیر قانون و پارلیمانی امور (رانا ثناء اللہ خان):** جناب سپیکر! اس میں جو محترمہ نے ترمیم پیش کی ہے وہ اس طرح سے ہے کہ:

**The Punjab Privileges Act section 17**: Visit to hospitals etc: (1) A member shall be entitled to visit hospitals, dispensaries, health centres, social welfare offices; education institutions for boys located within the constituency with previous intimation

(2) After such visit, the member may submit his report to the Minister in-charge.

یعنی اس سے یہ ہے جو ایک ممبر elected member ہے وہ صرف اپنے حلقہ کی حد تک ان institutions کو visit کر سکتا ہے اور after previous intimation اب انہوں نے amendment چاہی ہے وہ یہ فرما رہی ہیں کہ:

However, in case of a woman member, she shall be entitled to visit hospitals, dispensaries, health centres, social welfare offices, education institutions for girls located within her home district.

یعنی اب ایک جو elected member ہے اس کو تو صرف اپنے حلقہ کی حد تک institutions visit کرنے کا اختیار ہے لیکن اگر ایک خاتون ہے تو اسے پورے ڈسٹرکٹ کے institutions کو visit کرنے کے اختیار کے لئے محترمہ نے یہ ترمیم پیش کی ہے تو اس طرح سے پھر دوسرے حلقوں میں ایک مداخلت کا عنصر آئے گا اور پھر دوسری بات یہ ہے کہ elected member صرف اپنے حلقہ تک محدود ہے اور جو ایک female member ہے اس کے لئے پورا ڈسٹرکٹ ہے تو اس طرح سے اس بات کی relevancy نہیں بنتی اس لئے میری ان سے یہی درخواست ہے کہ اس پر آپ تھوڑا سا غور کر لیں کیونکہ خواتین ایسی بھی ہیں جو general seats پر منتخب ہو کر آئی ہیں تو میں سمجھتا ہوں کہ جو انہوں نے amendment پیش کی ہے اگر اس طرح منظور کی جائے تو جس طرح سے انہوں نے پیش کی ہے تو یہ problems create کرے گی۔

محترمہ خدیجہ عمر: جناب سپیکر! میری گزارش ہے کہ جو reserved seats کی خواتین ہیں اور اب جو وہاں پر خواتین ہیں اور ان کے جو مسائل ہیں جس طرح سے جیل میں اور بہت سے ایسے ہسپتال اور بہت سے ایسے ادارے ہیں جن میں خواتین کے بہت سے ایسے مسائل ہیں جو کہ وہ مردوں کے سامنے openly پیش نہیں کر سکتیں تو پھر اس کا کیا solution ہے کیونکہ ہم یہاں عورتوں کی representation کے لئے بیٹھی ہوئی ہیں اور ہمارا یہ فرض بنتا ہے کہ اس کا یا تو کوئی حل نکالیں اور جو بہتر solution نکال سکتے ہیں وہ نکالیں تاکہ ہم لوگ اس میں participate کر سکیں because اگر وہ ہمیں اپنی problems بتا ہی نہیں سکیں گی تو اس چیز کا فائدہ کیا ہو گا؟

وزیر قانون و پارلیمانی امور (راناثناء اللہ خان): جناب سپیکر! دیکھیں اس کا ایک بڑا مناسب حل ہے اگر ان کا مقصد جیسے انہوں نے فرمایا کہ جیل کی حد تک ہے تو جیل میں اگر non official visitors گورنمنٹ appoint کر سکتی ہے اور اس کے متعلق وہ amendment لے آئیں کہ خواتین ہماری ممبر ہیں، ان کو non official visitors مقرر کر دیا جائے تو وہ یہاں پر بھی amendment آسکتی ہے اور ویسے بھی اگر گورنمنٹ چاہے تو جو بھی خواتین بہنیں اگر اس طرح کا کام کرنے میں interested ہیں تو ان کو non official visitor members مقرر کیا جا سکتا ہے اور اگر اپوزیشن سے ہماری کوئی بہنیں اس سلسلے میں کام کرنا چاہتی ہیں تو میں انہیں یقین دلاتا ہوں کہ وہ اپنا ڈسٹرکٹ بتائیں اور اس کے مطابق ان کو non official members مقرر کر دیا جائے گا اور وہ جا کر کام کریں اور وہاں پر خواتین کے جو متعلقہ معاملات ہیں ان کو دیکھیں اور گورنمنٹ کو suggest کریں۔

محترمہ خدیجہ عمر: جناب سپیکر! میری لاء منسٹر صاحب سے گزارش یہ ہے کہ خالی جیلوں کی بات نہیں بلکہ تمام محکموں کی ہے جیسا کہ ہسپتال ہیں ایجوکیشن سکول ہیں، سوشل ویلفیئر کے دفاتر اور تمام محکموں میں خواتین مردوں کے شانہ بشانہ کام کر رہی ہیں تو میں ان تمام اداروں کی بات کر رہی ہوں جن اداروں کا اس میں ذکر کیا گیا ہے۔ صرف خالی جیل کی ہی میں بات نہیں کر رہی۔

ڈاکٹر سامیہ امجد: جناب سپیکر!۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی۔

ڈاکٹر سامیہ امجد: جناب سپیکر! شکریہ کہ آپ نے مجھے اجازت دی۔ جس وقت یہ دور بدلا اور خواتین کو representation دی گئی تو اس وقت پوری دنیا میں یہ ایک global phenomenon تھا۔ یہ صرف پاکستان میں نہیں ہوا یا کسی ایک شخص کے کریڈٹ پر نہیں ہوا۔ ہر جگہ قانونی ترمیم آئی کہ خواتین کو درمیان میں لایا جائے تاکہ وہ پچاس فیصد خواتین عوام کی بات کر سکیں۔ جس وقت خواتین ان اسمبلیوں میں آ گئی ہیں تو سب سے پہلے یہی جھگڑا رہا کہ ان کا cosmetic role ہے یا substantive role ہے، وہ cosmetic role اس وقت تک رہے گا جب تک آپ قانون میں ان کو کوئی ایک جگہ by law نہیں دیں گے۔ یہ first step میں تو ان کی یہاں آمد تھی اور اس amendment کو اس کا دوسرا قدم سمجھیں۔ جب تک آپ پنجاب میں مثلاً میں ایک ممبر ہوں ،ایک technocrat member ہوں ،میرا اخبار سے تعلق ہے اور میں ایک lawyer ہوں، میں ایک social worker ہوں اور اگر میرا media سے بطور ایک ایم پی اے کے تعلق ہے تو kindly اس میں کوئی نہ کوئی amendment جو آ رہی ہے وہ یہ request کر رہی ہے کہ جیسے G.R.A.P اور G.R.B.I پروگرام یہ کہتا تھا کہ آپ gender sensitivity چیک کریں۔ اس پوری فلاسفی کو مدنظر رکھتے ہوئے یہ request کی جا رہی ہے کہ تمام rules جو existing ہیں ان میں ایک ایک شق کی amendment کی جائے کہ خواتین بے شک male member constituency کے ساتھ الاٹ کئے جائیں یا home districts سے start ہوں اس چیز کو legally strength کیا جائے اور خواتین کو سجاوٹ کے لئے نہیں بٹھانا بلکہ یہ legally strengthening کی بات ہے تو یہ یقیناً اس حکومت کا بہت احسن قدم ہوگا۔ آج اس کو vote out کرایا جا سکتا ہے۔ میرے خیال میں خواتین کے بارے میں یہاں مرد حضرات میرے بھائی بھی ووٹ دیں گے کہ یہ اس social structure کو belong کرتے ہیں جہاں کی بہنیں ،بہوؤں اور بیٹیوں کے پردے کا سوال ہے ۔یہاں پر یہی رانا ثناء اللہ کھڑے ہو کر ہمارے لاء منسٹر صاحب کی کلاس لیا کرتے تھے کہ یہ ہر جگہ سوٹ بدل کر کیوں جاتا ہے؟ وہ ہزار بہنوں کا ایک بھائی، وہ اتنا پیارا لاڈلہ بھائی، یہاں پر کھڑے ہو کر پانچ سال روزانہ جو کچھ اس کو کہتے رہے ہیں وہ بھی ہم سنتے رہے ہیں۔ میں اسی بات کے لئے amendment کی اپیل کر رہی ہوں کہ خواتین کے پردے کا اگر خیال کرنا ہے تو خواتین ہیں، بچیاں ہیں، سکول ہیں، population welfare,environment اور گھروں کے مسائل ہیں اور زکوٰۃ کے مسائل

ہیں اور وہی مرد ہیں ان خواتین کو جو دھکے دیتے ہیں اور میں خواتین کی آواز ایوانوں تک پہنچانے میں آپ سے اپیل کروں گی کہ آپ اس amendment کو یوں bulldoze نہ کریں to vote put کریں۔یہاں پر بیٹھے لوگ آج یہ انصاف کر دکھائیں کہ کیا انہوں نے خواتین کو صرف یہاں پر سجاوٹ کے لئے بٹھانا ہے اور ان کا substantive role اور ہر role میں amendment ہونی چاہئے،یہاں سے ہی شروع کر دیں اور کہیں سے ایک بارش کا پہلا قطرہ تو گرے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی،بہت شکریہ۔ میں آپ کو بات بتاؤں کہ اس میں rules جو ہیں وہ clear ہیں۔

وزیر قانون و پارلیمانی امور (راناثناءاللہ خان): جناب سپیکر!۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی،راناصاحب!

وزیر قانون و پارلیمانی امور (راناثناءاللہ خان): جناب سپیکر! ڈاکٹر صاحبہ نے کہا کہ محترم راجہ بشارت صاحب تو راجہ صاحب میرے بھائی تھے۔

ڈاکٹر سامیہ امجد: جناب سپیکر! عمران مسعود صاحب؟

وزیر قانون و پارلیمانی امور (راناثناءاللہ خان): عمران مسعود صاحب، چلیں! بہر حال ان کے ساتھ بھی ہمارا اچھا تعلق تھا لیکن کلاس وغیرہ تو ہم نے کسی کی نہیں لی تھی۔ایک تو انہوں نے بار بار جو سجاوٹ والی بات کی ہے اس پر مجھے سخت اعتراض ہے۔(قہقہے)

سجاوٹ والی کوئی بات نہیں ہے،یہاں پر ہم بیٹھے ہیں تو اس میں میری ان سے یہ گزارش ہے کہ اگر آپ اس کے ساتھ start with کرنا چاہتی ہیں تو دیکھیں میں بات اس طرح سے نہیں کرنا چاہتا کہ ایک آدمی ایک حلقہ سے الیکشن لڑ کر اس ہاؤس میں پہنچتا ہے یا کوئی خاتون جو الیکشن لڑ کر پہنچتی ہے تو اسے آپ نے اپنے حلقہ تک محدود کر دیا اور جس نے الیکشن نہیں لڑا،اس کو آپ کہہ رہے ہیں کہ اس کو پورے ڈسٹرکٹ میں اختیار دے دیا جائے تو یہ problem create کرے گا۔اگر آپ چاہتی ہیں تو ایسا کریں کہ جس حلقہ کی آپ رہائشی ہیں اس حلقہ تک محدود ہوں اور وہاں سے جو مرد اور خاتون جس نے الیکشن لڑا ہے اس کے ساتھ آپ اس کو attach کر دیں۔ دونوں مل کر اس institution کی بہتری کے لئے ان کو visit کریں اور اس کے متعلق گورنمنٹ کو رپورٹ کریں۔ اگر آپ اس کو start with کرنا چاہتی ہیں تو آپ اس طرح سے کر لیں تو میں سمجھتا ہوں کہ اس پر شاید اعتراض

نہ ہو لیکن آپ اس طرح سے کریں کہ ایک non elected member کو پورا ضلع میں اختیار دیں اور elected کو صرف اس کے حلقہ تک محدود کریں تو اس پر objection آئے گا۔

ڈاکٹر سامیہ امجد: جناب سپیکر!۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: آپ میری ذرا بات سن لیں، پلیز، آپ بیٹھیں۔ اس کے اندر جو rules ہیں وہ rules clear ہیں اس میں یہ ہے کہ جب بل ہاؤس کے اندر پیش ہوتا ہے تو اگر اسے oppose کیا جائے تو اس میں brief explanatory statement دینی ہوتی ہے اور میرا خیال ہے کہ وہ اتنی کوئی brief ہو گئی ہے کہ now I am compelled کہ میں اس کو voting کے لئے ہاؤس میں put کر دوں۔

ڈاکٹر سامیہ امجد: جناب سپیکر! صرف مجھے ایک منٹ دے دیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی!

ڈاکٹر سامیہ امجد: جناب سپیکر! رانا صاحب کی بات سے مجھے اس طرح لگتا ہے کہ مجھے کسی نے زہر آلود چھری سے stab کر دیا ہے جب reserved یا elected seat کی بات کی جاتی ہے تو میری ایک بات ضرور سن لیں، اگر میں غلط rule quote کر رہی ہوں تو I am sorry غالباً 120 ہے By the law of Constitution women have been given the seats. الیکشن کمیشن کے laws میں صرف mode of election کا فرق ہے۔ ایک reserved seat کی خاتون کسی بھی طرح، کسی بھی منتخب ممبر سے کم نہ ہے۔ وہی تنخواہ لیتی ہے، وہی status ہے، وہی سب کچھ ہے۔ (نعرہ ہائے تحسین)

اب آپ یہ بات کہنا چھوڑ دیں۔ اس سے آپ کی اپنی نفی ہوتی ہے۔ اگر آپ proportion دیکھیں تو ساڑھے تین مرد ایم پی اے مل کر خاتون کی ایک سیٹ کے برابر ہیں اس جھگڑے میں مت پڑیں اس لئے کہ یہ غلط ہے اور ناانصافی ہے۔ صرف اس لئے خاتون کو اجازت ہی نہیں دی جاتی کہ وہ اٹھ کر یہ کہہ دے کہ:

> It's my constitutional right to be the part of member. I am a member and no man demands to change it until the change to amend in Constitution

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، بہت شکریہ

ڈاکٹر سامیہ امجد: یہ یہاں کی ممبران کا right ہے۔ ہم کسی کی مہربانی سے یہاں نہیں آئے۔

وزیر قانون و پارلیمانی امور (راناثناء اللہ خان): پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی۔

وزیر قانون و پارلیمانی امور (راناثناء اللہ خان): جناب سپیکر! میں اس بات کی وضاحت کرنا چاہوں گا۔ محترمہ ڈاکٹر صاحبہ نے جو بات کی ہے، قطعی طور پر قانون میں، آئین میں اور نہ ہی ہمارے ذہن میں ایسی بات ہے کہ reserved seats پر جو ممبران ہیں ان کا درجہ دوسرے ممبران سے کم ہے۔ بالکل ان کی حیثیت برابر ہے ،درجہ برابر ہے لیکن انھوں نے جو procedure suggest کیا ہے اس میں تھوڑا سا problem آتا ہے۔ میں نے تو خود آپ کو suggest کیا ہے کہ جیسے آپ نے start with کی بات کی ہے اگر آپ نے start with کرنا ہے تو آپ constituency سے کرلیں پھر اسے آگے بڑھالیں۔

ڈاکٹر سامیہ امجد: جناب سپیکر! مجھے بات کرنے کی اجازت دیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: میرے خیال میں اس پر بہت بات ہو گئی ہے۔اب میں اسے ہاؤس میں put کرتا ہوں۔

The motion moved and the question is:

> "That leave be granted to introduce the Provincial Assembly of the Punjab Privileges (Amendment) Bill, 2009."

(The motion was lost)

## مسودہ قانون (ترمیم) استحقاقات صوبائی اسمبلی پنجاب مصدرہ 2009

**MR. DEPUTY SPEAKER:** The Provincial Assembly of the Punjab Privileges (Amendment) Bill, 2009 (Bill No. 6 of 2009). Ch. Muhammad Asad Ullah may move the Provincial Assembly of the Punjab Privileges (Amendment) Bill, 2009.

چودھری صاحب! آپ کے move کرنے سے پہلے ہاؤس کا وقت ایک گھنٹہ بڑھایا جاتا ہے۔جی، چودھری صاحب!

**CH. MUHAMMAD ASAD ULLAH:** I move:

"That leave be granted to introduce the Provincial Assembly of the Punjab Privileges (Amendment) Bill, 2009."

**MR. DEPUTY SPEAKER:** The motion moved is:

"That leave be granted to introduce the Provincial Assembly of the Punjab Privileges (Amendment) Bill, 2009."

**وزیر قانون و پارلیمانی امور(راناثناء اللہ خان):** جناب سپیکر! معزز رکن نے سیکشن 11 میں ایک ہزار کی بجائے بیس ہزار روپے کرنے کے لئے کہا ہے۔یہ بے ضرر سی ترمیم ہے لہذا اسے refer کر دیں۔

**MR. DEPUTY SPEAKER:** The motion moved and the question is:

"That leave be granted to introduce the Provincial Assembly of the Punjab Privileges (Amendment) Bill, 2009."

(The motion was carried)

**MR. DEPUTY SPEAKER:**Ch.Muhammad Asad Ullah may move the Provincial Assembly of the Punjab Privileges (Amendment) Bill, 2009.

**CH. MUHAMMAD ASAD ULLAH:** I introduce the Provincial Assembly of the Punjab Privileges (Amendment) Bill, 2009.

**MR. DEPUTY SPEAKER:**The Provincial Assembly of the Punjab Privileges (Amendment) Bill, 2009 has been introduced in the House under rule 90 sub clause 4 of the Rules of Procedure

of the Provincial Assembly of the Punjab 1997. Under rule 94 it is referred to the Standing Committee on Law and Parliamentary Affairs with the direction to submit its report up to 15th March 2009.

مسودہ قانون (ترمیم) ہجویری یونیورسٹی لاہور مصدرہ 2009

**MR. DEPUTY SPEAKER:**:Now, next one is the Hajvery University, Lahore (Amendment) Bill, 2009 (Bill No. 4 of 2009). Ch. Zaheer-ud-Din Khan may move the Hajvery University, Lahore (Amendment) Bill, 2009. Any other mover.

**MR. MUHAMMAD MOHSIN KHAN LEGHARI:** I move:

> "That leave to introduce the Hajvery University, Lahore (Amendment) Bill, 2009."

**MR. DEPUTY SPEAKER:** The motion moved is:

> "That leave be granted to introduce the Hajvery University, Lahore (Amendment) Bill, 2009"

وزیر قانون و پارلیمانی امور (رانا ثناء اللہ خان): جناب سپیکر! میں اس version کے ساتھ اسے oppose کرتا ہوں کہ معزز اراکین اپوزیشن نے اس کے ذریعے کہا ہے کہ ہجویری یونیورسٹی میں In the performance of the functions under this Ordinance, the Patron shall act and be bound in the same manner as the Governor of the Province acts and is bound under article 105 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan.

جناب سپیکر! یونیورسٹیاں دو طرح کی ہیں، کچھ گورنمنٹ سیکٹر میں ہیں اور کچھ پرائیویٹ سیکٹر میں ہیں۔ ہجویری یونیورسٹی پرائیویٹ سیکٹر میں ہے۔ حکومت کی پالیسی بھی یہی ہے اور آنے والے وقت کا رخ بھی اسی طرف ہے کہ آپ ان اداروں کو زیادہ سے زیادہ autonomy دیں۔ اگر ہم پرائیویٹ یونیورسٹیوں کو بھی اس طرح حکومت کے کنٹرول میں لانے کی کوشش کریں گے تو میرے

خیال میں اس کے کوئی اچھے اثرات نہیں ہوں گے۔پندرہ کے قریب پرائیویٹ یونیورسٹیاں ہیں اس لئے اگر ایسا کرنا بھی ہے تو پھر سب میں ترامیم لائی جائیں۔لہذا میری گزارش ہے کہ آپ اسے pending فرمادیں تاکہ اس کے محرک لغاری صاحب یا چودھری ظہیر الدین صاحب بیٹھ کر اس پر تھوڑا سا غور و فکر کر لیں کہ آیا اس کے کوئی مثبت اثرات ہو سکتے ہیں؟اگر ہو سکتے ہیں تو پھر پندرہ کی پندرہ یونیورسٹیوں میں ترامیم لائیں لیکن میرے خیال میں پرائیویٹ اداروں میں سرکاری مداخلت کوئی positive role ادا نہیں کرے گی۔لہذا یہ بیٹھ کر اسے دیکھ لیں۔

جناب محمد محسن خان لغاری: باقی یونیورسٹیوں میں ہے اسی لئے ہم نے باقی یونیورسٹیوں کے at par لانے کے لئے کیا ہے۔

وزیر قانون و پارلیمانی امور (رانا ثناء اللہ خان): پرائیویٹ یونیورسٹیوں میں نہیں ہے۔

جناب محمد محسن خان لغاری: جناب سپیکر! اسے pending کر لیں پھر اس پر discuss کر لیں گے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، یہ بہتر ہے۔ لہذا The Hajvery University Lahore (Amendment) Bill, 2009 pending کیا جاتا ہے تاکہ آپ اس پر discuss کر کے ایک ہی بار اکٹھا لے آئیں۔

## قراردادیں
(مفاد عامہ سے متعلق)

جناب ڈپٹی سپیکر: اب ہم مفاد عامہ سے متعلق قراردادیں take up کرتے ہیں۔ہم سب سے پہلے مورخہ 25۔نومبر 2008 کے ایجنڈے سے زیر التواء رکھی گئی قرار داد لیتے ہیں۔یہ قرار داد محترمہ آمنہ الفت نے پیش کی تھی اور وزیر قانون نے اسے زیر التواء رکھوایا تھا اور یہ طے ہوا تھا کہ اس قرار داد کو مناسب ترمیم کے بعد پیش کیا جائے۔زیر التواء ترمیم شدہ قرار داد محترمہ آمنہ الفت، جناب محمد محسن خان لغاری، محترمہ ثمینہ خاور حیات، جناب محمد اعجاز شفیع، ڈاکٹر سامیہ امجد اور چودھری عامر سلطان چیمہ صاحب کی طرف سے ہے۔ وہ اسے پیش کریں۔

### صوبائی دارالحکومت لاہور اور دوسرے میٹروپولیٹن شہروں میں ملازمین کو ہاؤس ریکوزیشن کی سہولت کی فراہمی

**محترمہ آمنہ الفت:** میں یہ قرارداد پیش کرتی ہوں کہ:

"یہ ایوان صوبائی حکومت سے اس امر کی سفارش کرتا ہے کہ صوبائی دارالحکومت لاہور سمیت تمام میٹروپولیٹن شہروں میں ہاؤس ریکوزیشن کی سہولت فراہم کرنے کے لئے اپنے وسائل کے مطابق جامع پالیسی بنا کر جلد از جلد عملدرآمد کو یقینی بنائے۔"

**جناب ڈپٹی سپیکر:** یہ قرارداد پیش کی گئی ہے کہ:

"یہ ایوان صوبائی حکومت سے اس امر کی سفارش کرتا ہے کہ صوبائی دارالحکومت لاہور سمیت تمام میٹروپولیٹن شہروں میں ہاؤس ریکوزیشن کی سہولت فراہم کرنے کے لئے اپنے وسائل کے مطابق جامع پالیسی بنا کر جلد از جلد عملدرآمد کو یقینی بنائے۔"

**وزیر قانون و پارلیمانی امور (راناثناء اللہ خان):** جناب سپیکر! انھوں نے پہلے یہ قرارداد پیش کی تھی اس کے الفاظ اس طرح کے تھے جیسے یہ کوئی mandatory ہے اور حکومت اس پر عمل کرنے کی پابند ہے۔ انھوں نے وفاق کا بھی حوالہ دیا تھا تو میں نے اس وقت بھی عرض کیا تھا کہ اس سلسلے میں وفاق کا کل خرچہ تقریباً ایک ارب 70 کروڑ روپے ہے جبکہ پنجاب حکومت کو اس سلسلے میں کم از کم 12۔ارب روپے کی financial implications کا سامنا کرنا پڑتا ہے تو میں نے ان سے کہا تھا کہ پنجاب حکومت اپنے وسائل کے مطابق ملازمین کے حالات کو بہتر کرنے کے لئے اس سے پہلے بھی سوچ رہی ہے اور آپ کی قرارداد بھی ہے تو ہم اپنے وسائل کے اندر رہتے ہوئے یہ کوشش کریں گے کہ ملازمین کو بہتر سے بہتر سہولتیں فراہم کریں لیکن پنجاب حکومت اس سلسلے میں کسی قسم کی کوئی گارنٹی یا یقین دہانی کرانے کی پوزیشن میں نہیں ہے کہ اس سلسلے میں کب تک عملدرآمد ہو گا چونکہ اس میں financial implications ہیں۔ جب ان کے اوپر کوئی عبور حاصل ہو گا یا دوسرے sectors سے جو stress ہے وہ کم ہو گا اور وسائل میسر ہوں گے تو یقیناً موجودہ پنجاب حکومت کی یہ کوشش ہے کہ ملازمین کے حالات کو بہتر بنانے کے لئے زیادہ سے زیادہ وسائل خرچ کئے جائیں۔

**محترمہ آمنہ الفت:** جناب سپیکر! 25۔نومبر کو میں نے جو قرارداد پیش کی تھی اس میں وزیر موصوف کے اپنے الفاظ ہیں کہ یہ ہماری اس بات کو مدنظر رکھیں۔ انھوں نے تو ہمیں صاف جواب دے دیا تھا۔ ہم تو پھر ان کے ساتھ بیٹھنے کو تیار ہیں اور جو ideas یا سوچ میرے ذہن میں ہے

ہم آپ کو بتائیں گے کہ حکومت اس بارے میں کیا کام کر رہی ہے۔یہاں پر بات تو وسائل کی ہے۔ ہم آپ کو بتائیں گے کہ کس طرح یہ ممکن ہو سکتا ہے۔ ہم ان غریب ملازمین کو جتنا ممکن ہے benefit پہنچائیں اور اس کے بعد کوشش کریں گے کہ ان کو زیادہ سے زیادہ فائدہ کس طرح پہنچایا جا سکتا ہے اس لئے آپ اس قرارداد کو pending کروالیں اور جیسا کہ میں نے عرض کیا ہے اس کے مطابق اس کو لے کر آئیں۔

جناب سپیکر!ہم ان کے کہنے کے مطابق اور ان کے الفاظ کے مطابق ہی چل رہے ہیں۔ضرورت اس امر کی ہے کہ مشترکہ طور پر اس قرار داد کو منظور کیا جائے۔ یہ سب کے benefit میں جا رہی ہے۔ لوگوں کا دیرینہ مطالبہ ہے لہذا اس کو مشترکہ طور پر منظور کرنے کی ضرورت ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر:اسی لئے وزیر قانون صاحب نے اس کو oppose نہیں کیا۔

**وزیر قانون و پارلیمانی امور (راناثناءاللہ خان)**:جناب سپیکر!اب اس میں دیکھیں کہ ان سے یہ بات ہوئی تھی۔ میں نے اس دن یہ بات عرض کی تھی لیکن اس کے بعد ان کو چاہئے تھا کہ یہ میرے ساتھ اس چیز کو discuss کرنے کے بعد اس کی language کو مرتب کرتیں۔ یہ خود ہی بتادیں کہ کیا انھوں نے میرے ساتھ بیٹھ کر اس قرار داد پر بات کی ہے؟میں نے تو پھر بھی یہ کہا ہے کہ ٹھیک ہے ہم اس میں کوئی commitment یا یقین دہانی نہیں کروا سکتے۔ بہر حال rent allowance کو بڑھا کر بھی ان کو benefit دیا جا سکتا ہے۔اب کوئی لازمی تو نہیں ہے کہ ہر جگہ پر house requisition ہی کیا جائے اور صرف اسی سے ہی benefit پہنچ سکتا ہے۔اس میں مختلف طریقے ہیں۔ میں نے کہا تھا کہ آپ ہمارے ساتھ بیٹھیں اور ہم آپ کو بتائیں گے کہ اس سلسلے میں کیا کر رہے ہیں؟آپ اس کو pending کر دیں اور اس کے بارے میں یہ اگر کوئی definite چیز چاہتی ہیں تو پھر ٹھیک ہے،اس حوالے سے ہم definite قرارداد مرتب کر کے لے آئیں گے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: میرا خیال ہے کہ یہ بہتر ہے کہ آپ وزیر قانون صاحب کے ساتھ بیٹھ کر اس کو final کر لیں۔اس وقت تک اس قرارداد کو pending کیا جاتا ہے۔

محترمہ آمنہ الفت:جناب سپیکر!مہربانی کر کے یہ طے کر لیا جائے کہ ہم نے کب بیٹھنا ہے؟اس کے حوالے سے کوئی وقت مقرر کر دیں کہ فلاں وقت اس بارے میں میٹنگ ہو گی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی،آپ کی یہ بات ٹھیک ہے۔

وزیر قانون و پارلیمانی امور(راناثناءاللہ خان):جناب سپیکر!یہ کل اجلاس کے بعد تشریف لے آئیں اوراس قرارداد کو next week تک کے لئے آپ pending فرمادیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ٹھیک ہے، کل آپ بیٹھ جائیں اور next week تک اس کو pending کیا جاتا ہے۔تو یہ قرارداد اگلے منگل تک pending کی جاتی ہے۔اگلی قرارداد ڈاکٹر محمد اشرف چوہان صاحب کی طرف سے ہے۔جی،چوہان صاحب!آپ اپنی قرارداد پیش کریں۔

## صوبہ میں جرائم کو کنٹرول کرنے پر وزیراعلیٰ کو خراج تحسین پیش کرنے، ایم پی اے کو متعلقہ تھانے کی انسپکشن اور مانیٹرنگ کا اختیار دینے کا مطالبہ

ڈاکٹر محمد اشرف چوہان: جناب سپیکر!میں یہ قرارداد پیش کرتا ہوں کہ:

"یہ ایوان خادم اعلیٰ پنجاب، وزیراعلیٰ پنجاب میاں محمد شہباز شریف کو صوبہ میں جرائم کو کنٹرول کرنے کے لئے کئے گئے اقدامات پر خراج تحسین پیش کرتا ہے اور اس امر کی سفارش کرتا ہے کہ جرائم کی رفتار کو مزید کم کرنے کے لئے صوبہ کے تھانہ جات کی انسپکشن کرنے اور متعلقہ پولیس سٹیشن کی مانیٹرنگ کرنے کا اختیار باقاعدہ طور پر متعلقہ علاقہ کے ایم پی اے کو سونپا جائے۔اس طرح پولیس کی کارکردگی میں اضافہ ہو گا اور تھانہ کلچر بھی تبدیل ہو گا، پولیس اور عوام کے درمیان پایا جانے والا خلیج بھی کم ہو جائے گا۔"

جناب ڈپٹی سپیکر: یہ قرارداد پیش کی گئی ہے کہ:

"یہ ایوان خادم اعلیٰ پنجاب، وزیراعلیٰ پنجاب میاں محمد شہباز شریف کو صوبہ میں جرائم کو کنٹرول کرنے کے لئے کئے گئے اقدامات پر خراج تحسین پیش کرتا ہے اور اس امر کی سفارش کرتا ہے کہ جرائم کی رفتار کو مزید کم کرنے کے لئے صوبہ کے تھانہ جات کی انسپکشن کرنے اور متعلقہ پولیس سٹیشن کی مانیٹرنگ کرنے کا اختیار باقاعدہ طور پر متعلقہ علاقہ کے ایم پی اے کو سونپا جائے۔اس طرح پولیس کی کارکردگی میں اضافہ ہو گا اور تھانہ کلچر بھی تبدیل ہو گا، پولیس اور عوام کے درمیان پایا جانے والا خلیج بھی کم ہو جائے گا۔"

**MINISTER FOR LAW & PARLIAMENTARY AFFAIRS**: (Rana Sana Ullah Khan): Sir, I oppose it.

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، ڈاکٹر اشرف چوہان صاحب!

ڈاکٹر محمد اشرف چوہان: جناب سپیکر! عوام میں پہلے ہی بہت زیادہ احساس محرومی پائی جاتی ہے اور ہم سمجھتے ہیں کہ پولیس ایک ایسا ادارہ ہے جو کہ out of reach ہے۔ خصوصی طور پر تھانوں میں ایم پی اے صاحبان کا کردار ایک ولن کا سمجھا جاتا ہے جبکہ ان کو متعلقہ علاقوں میں اپنے عوام کی اکثریت کی حمایت حاصل ہوتی ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ وزیر قانون صاحب کی اس ایوان کے ساتھ زبردست ناانصافی ہے کیونکہ عوام جس کو confidence دیتے ہیں اس کو یہ اختیار ہونا چاہئے کہ وہ اس تھانے میں جاکر عوام پر ہونے والی زیادتیوں کا ازالہ کرے۔ اس چیز پر کسی کو اعتراض نہیں ہے، یہ پورا ایوان جانتا ہے کہ پولیس کی طرف سے لوگوں کے ساتھ کتنی زیادتیاں کی جاتی ہیں۔ monitoring کا مقصد یہ نہیں ہے کہ control دیا جائے لیکن access دی جائے کہ متعلقہ ایم پی اے کسی وقت بھی جاکر تھانے کا visit کر سکے۔ جس طرح ہمیں کالجوں اور ہسپتالوں میں جانے کی اجازت ہے اسی طرح تھانوں میں بھی جانے کی اجازت ہونی چاہئے۔ کل ہمارے ہی ایک ایم پی اے صاحب نے اپنے ساتھ ہونے والی زیادتی کا بتایا تھا۔ ہمیں یہ اجازت دی جائے کہ ہم کسی بھی وقت تھانے میں جا سکیں اور دیکھیں کہ وہاں کتنے لوگ بند ہیں اور آیا وہ registered کیسوں میں بند ہیں یا انھیں ویسے ہی detain کیا گیا ہے؟ ایم پی اے کو یہ access دی جائے کہ وہ وہاں جاکر inspect کر سکے اور اس کی رپورٹ وہ آئی جی پولیس یا متعلقہ ڈی آئی جی کو پہنچائے۔

وزیر قانون و پارلیمانی امور (رانا ثناء اللہ خان): جناب سپیکر! محترم ڈاکٹر صاحب نے قرارداد میں جو کچھ فرمایا ہے اس میں اور انھوں نے ابھی جو تقریر کی ہے اس میں بڑا فرق ہے۔ انھوں نے قرارداد میں تو یہ کہا ہے کہ "صوبہ کے تھانہ جات کی انسپکشن کرنے اور متعلقہ پولیس سٹیشن کی مانیٹرنگ کرنے کا اختیار باقاعدہ طور پر متعلقہ علاقہ کے ایم پی اے کو سونپا جائے۔" اس میں انسپکشن کا لفظ بڑا وسیع ہے۔ انسپکشن میں تو تھانے کا سارا ریکارڈ بھی آتا ہے۔ وہاں پر جو investigations ہو رہی ہیں وہ آتی ہیں۔ اس میں صرف حوالات یا judicial lock up کا visit نہیں آتا۔ اسی طرح مانیٹرنگ میں بھی ساری چیزیں شامل ہو جاتی ہیں۔ اس سے پہلے بھی کئی مرتبہ اس حوالے سے ہاؤس میں کافی discussion ہوئی ہے لیکن اس میں after all جس سوچ نے prevail کیا ہے وہ یہی ہے کہ شاید

ایسا کرنے سے معاملات سدھرنے کی بجائے زیادہ بگاڑ کا شکار ہوں گے اور لوگوں کی جو علاقائی اور مقامی طور پر رنجشیں ہوتی ہیں ان میں بہتری ہونے کی بجائے کہیں اضافہ نہ ہو جائے۔ معزز ممبر نے حوالات کی حد تک جو بات کہی ہے اس کے متعلق کچھ سوچا جا سکتا ہے لیکن انسپکشن والا معاملہ بہت زیادہ ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ اس سے معاملات بہتری کی بجائے خرابی کا شکار ہوں گے۔ لہذا میری معزز محرک سے گزارش ہے کہ وہ اس کو withdraw کر لیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، ڈاکٹر صاحب!

ڈاکٹر محمد اشرف چوہان: جناب سپیکر! میں اپنی قراد داد کو withdraw کرنے کے متعلق وزیر قانون کے حکم کے بارے میں بڑی سنجیدگی سے سوچوں گا لیکن گزارش یہ ہے کہ اگر اس میں سے ریکارڈ کی انسپکشن کو نکال دیا جائے تو اس پر discussion ہو سکتی ہے۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ میرے فاضل ممبران یہ ضرور چاہیں گے کہ کسی کم از کم حد تک ان کو اختیار ضرور ہو کہ وہ تھانے میں جا کر visit کر سکیں۔ ہم وہاں پر پولیس کی welfare کے بارے میں بھی دیکھ سکتے ہیں کہ جو تھانے دار ہے وہ رہتا کہاں پر ہے؟ دوسرے پولیس والوں کی بہتری کے لئے بھی سوچا جا سکتا ہے اور اسی visit میں یہ بھی دیکھا جا سکتا ہے کہ تھانے کے اندر کتنے لوگ بند ہیں؟ یہ ایک رواج ہو چکا ہے کہ پولیس تھانوں میں لوگوں کو کئی کئی دن بند کئے رکھتی ہے اور مقدمات رجسٹر نہیں ہوتے۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس قرارداد کو pending کر کے اس پر کم از کم ایک discussion ضرور ہونی چاہئے تاکہ ہمارے ممبران حضرات کو موقع ملے اور ہم میں جو بے چینی پائی جاتی ہے اس کا کچھ تو ادراک ہو سکے۔ آپ اس کو pending کر دیں اور میں اسے تھوڑا سا mild form میں بنا لیتا ہوں، اس میں سے انسپکشن کا لفظ نکال دیتا ہوں لیکن اس پر بحث ضرور ہونی چاہئے اور ممبران کو یہ اختیار ضرور ملنا چاہئے۔ جس طرح وزیر قانون صاحب نے فرمایا ہے کہ کئی علاقوں میں دو گروپوں کے درمیان دشمنی ہوتی ہے اور ان میں سے کسی بھی ایک گروپ کو advantage نہیں ملنی چاہئے لیکن بے شمار علاقوں میں پولیس اور ایم پی اے کی آپس میں دشمنی ہوتی ہے اور وہاں پر پولیس والے اپنی مرضی کرتے رہتے ہیں۔ آپ کو پتا ہے کہ جو میرا profession ہے اس کے حوالے سے I will be the last person to be involved. میرے علاقے میں پہلے (ق) لیگ کے ایک تھانے دار تھے انھوں نے میرے لئے تھانے کو out of bound کر رکھا تھا۔ خدا نے کیا کہ وہ گئے اور اس کے بعد کچھ میرا عمل دخل ہوا۔ میں سمجھتا ہوں کہ آپ کی بات بالکل بجا ہے کہ اس میں پولیس کی working میں دخل

اندازی ہو سکتی ہے لیکن اس کو mild form میں visit کی اجازت ہونی چاہئے۔ ریکارڈ کی انسپکشن نہ سہی لیکن how police is doing? اور پولیس کی welfare کے بارے میں کہ how police is living? اور اس کے علاوہ حوالات کی انسپکشن کی ضرور اجازت ہونی چاہئے۔ شکریہ

**وزیر قانون وپارلیمانی امور** (راناثناء اللہ خان): جناب سپیکر! میں نے کافی تفصیل سے بات کی ہے اور اب میں صرف یہ کہنا چاہتا ہوں کہ اگر ڈاکٹر صاحب یہ سمجھتے ہیں کہ اس میں کوئی بہتری ہو سکتی ہے تو امن عامہ پر جس دن بحث ہوگی تمام ممبران اس حوالے سے بات کریں اور اگر House کا consensus ہوا کہ اس سے کوئی بہتری ہو سکتی ہے تو ٹھیک ہے۔ ویسے میرا تو یہ خیال ہے کہ ایک منتخب ممبر کو اور ایک صوبائی اسمبلی کے منتخب ممبر کو تھانے جانا ہی نہیں چاہئے۔ آپ telephonically بات کریں۔ میں پچھلے 20 سال سے اپنے حلقے سے منتخب ہو کر آ رہا ہوں اور میں کبھی تھانے نہیں گیا اس لئے میں یہ سمجھتا ہوں کہ آپ کی جو تجویز ہے اس میں کافی complications ہیں۔ جس دن law and order پر بحث ہوگی اس دن سارے اراکین اسمبلی اس پر اظہار خیال کریں، کسی حد تک اگر کوئی consensus ہوا تو اس کو پھر دیکھ لیں گے۔ سر دست آپ اس کو واپس لے لیں۔

As a gesture I will take it back, but I think Law Minister will certainly consider this

وہ آپ کی بات بالکل ٹھیک ہے کہ تھانے میں نہ جائیں لیکن اگر ممبر کو access کی facilities ہوں تو اس سے ایس ایچ پر تھوڑا سا pressure ہو گا کہ:

He can come and visit. As a gesture I take it back.

**جناب ڈپٹی سپیکر:** اس کو dispose of کیا جاتا ہے۔ اس کے بعد دوسری قرارداد محترمہ انجم صفدر صاحبہ کی ہے۔

## گریڈ 16 کے سرکاری ملازمین کو میڈیکل Re-imbursement کی سہولت کی بحالی

**محترمہ انجم صفدر:** میں یہ قرارداد پیش کرتی ہوں کہ:

"یہ ایوان وفاقی اور حکومت پنجاب سے پر زور مطالبہ کرتا ہے کہ گریڈ16 کے سرکاری افسران کو medical reimbursement کی جو سہولت سالانہ میزانیہ 9-2008 سے پہلے میسر تھی اس کو فوری طور پر بحال کیا جائے۔"

**جناب ڈپٹی سپیکر:** یہ قرارداد پیش کی گئی ہے کہ:

"یہ ایوان وفاقی اور حکومت پنجاب سے پر زور مطالبہ کرتا ہے کہ گریڈ16 کے سرکاری افسران کو medical reimbursement کی جو سہولت سالانہ میزانیہ 9-2008 سے پہلے میسر تھی اس کو فوری طور پر بحال کیا جائے۔"

**وزیر قانون و پارلیمانی امور (رانا ثناء اللہ خان):** جناب والا! میں اسے oppose کرتا ہوں۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** جی، محترمہ!

**محترمہ انجم صفدر:** جناب والا! میں یہاں پر یہ بات کرنا چاہوں گی کہ یہ جو گریڈ 16 کے gazetted ملازمین ہیں ان کو 500 روپے ماہانہ میڈیکل الاؤنس دیا جاتا ہے جو کہ ایک مذاق کی حیثیت رکھتا ہے۔ آپ سمجھ سکتے ہیں کہ 16 گریڈ کا جو gazetted officer ہے جب وہ گریڈ16 تک پہنچتا ہے تو اس کی عمر 50 سال سے زیادہ ہو جاتی ہے اور پچاس سال کے بعد تو آپ کو پتا ہے کہ انسان بہت سی موذی اور موروثی بیماریوں میں مبتلا ہو جاتا ہے۔ میرے جیسی بھی آئے دن ہائے ہوئی کرتی رہتی ہے۔ یہ جو افسران ہیں صبح سے رات گئے تک اپنی سرکاری ذمہ داریوں کی وجہ سے اہل خانہ کو پوری طرح سے ٹائم نہیں دے سکتے۔ اگر یہ ڈسٹرکٹ ہسپتالوں میں یا سرکاری ہسپتالوں میں اپنے فیملی ممبران کو لے کر جائیں گے تو میرے خیال میں ان کی جو محکمانہ ذمہ داریاں ہیں وہ متاثر ہوں گی۔ ویسے بھی مرکز میں اور دوسرے جو تین صوبے ہیں ان میں ان ملازمین کو پوری medical facilities دی جا رہی ہیں۔ اس مسئلے کو جب ہمارا بجٹ اجلاس تھا take up کیا جانا چاہئے تھا۔ آپ خود ہی بتائیں کہ پانچ سو روپے ماہانہ میڈیکل الاؤنس کتنا کم ہے۔ اگر آپ کسی بھی سپیشلسٹ ڈاکٹر کے پاس چلے جائیں، ہارٹ سپیشلسٹ کے پاس چلے جائیں، آئی سپیشلسٹ کے پاس چلے جائیں کیا ان کی فیس ایک ہزار روپے سے کم ہے؟ ایک سرکاری افسر کس طرح سے اپنے میڈیکل

الاؤنس سے کسی سپیشلسٹ کے پاس جا سکتا ہے؟ یہ بہت بڑی زیادتی ہے اور میں اس ایوان کی طرف سے یہ requestکرتی ہوں کہ اس کو بحال کیا جائے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، وزیر قانون!

**وزیر قانون و پارلیمانی امور** (راناثناء اللہ خان): جناب والا! محترمہ کی بات بالکل درست ہے کہ پانچ سو روپے میڈیکل الاؤنس بڑا کم ہے۔ بہر حال حکومت اس پر غور کر رہی ہے کہ اس کے پاس جو وسائل دستیاب ہیں اس کو مد نظر رکھتے ہوئے اس میں مزید اضافہ کیا جائے لیکن سر دست اس کو unlimited کرنا ممکن نہیں ہے۔ ویسے indoor medical facilitiesانہیں حاصل ہیں۔ indoorجو بھی اخراجات ہوں، جو طریق کار ہے اس کے مطابق اس کی reimbursementہوتی ہے۔ جہاں تک outdoorکا تعلق ہے اس میں بھی سہولتیں بہتر کرنے پر کام ہو رہا ہے۔ ایمر جنسی میں پہلے ہی ادویات مفت ہیں اب اس کے بعد جو بڑے ٹیچنگ ہسپتال ہیں ان میں indoorادویات free کر دی گئی ہیں۔ ہم اس کو ٹیچنگ ہسپتالوں سے بھی آگے جو B.H.U's اور rural hospitalsہیں ان تک یہ سہولیات باہم پہنچانا چاہتے ہیں۔ ہمارا جو مقصد ہے اور وزیر اعلیٰ پنجاب میاں محمد شہباز شریف کا جو visionہے وہ یہ ہے کہ پنجاب کے تمام شہریوں کو طبی سہولیات حکومت کی طرف سے مفت میسر ہوں۔ وسائل کی کمی آڑے آتی ہے۔ جوں جوں ہمیں وسائل دستیاب ہوں گے تو اس میں ہم اضافہ کرتے جائیں گے لیکن سر دست جس طرح سے محترمہ نے فرمایا ہے یہ ممکن نہیں ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: میرے خیال میں انہوں نے اس کا بڑا اچھا جواب دے دیا ہے۔ اس کو تو میں سمجھتا ہوں کہ press نہ ہی کریں۔

**محترمہ انجم صفدر**: جناب والا! میں صرف یہ عرض کرنا چاہتی ہوں کہ یہ ملازمین بھی ہمارا حصہ ہیں اس Houseکا حصہ ہیں ہمارے ساتھی ہیں اور اگر ہم ان کا خیال نہیں رکھیں گے تو کون رکھے گا اس لئے میری یہ گزارش ہے کہ 5 سو روپے جو میڈیکل الاؤنس ہے اس میں تھوڑا سا اضافہ کیا جائے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: وہ تو پھر آپ وزیر قانون سے بات کر لیجئے گا۔ This is disposed of as not pressed. اس کے بعد تیسری قرار داد محترمہ روبینہ شاہین وٹو صاحبہ کی ہے۔۔۔ وہ تشریف

نہیں رکھتیں۔This is disposed of. اس کے بعد چوتھی resolution محترمہ شمیلہ اسلم صاحبہ کی طرف سے ہے۔

## تشدد کا شکار ہونے والی خواتین کے لئے ڈسٹرکٹ ہسپتالوں میں علیحدہ وارڈز قائم کرنے اور تمام طبی سہولیات مفت فراہم کرنے کا مطالبہ

**محترمہ شمیلہ اسلم:** میں یہ قرارداد پیش کرتی ہوں کہ:

''یہ ایوان صوبائی حکومت سے اس امر کی سفارش کرتا ہے کہ تمام ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹرز ہسپتالوں میں تشدد کا شکار خواتین کے لئے ایک علیحدہ وارڈ یا یونٹ قائم کیا جائے۔ جہاں انہیں نہ صرف تمام سہولیات مفت فراہم کی جائیں بلکہ پولیس ڈیپارٹمنٹ کو بھی اس بات کا پابند کیا جائے۔۔۔۔''

**جناب ڈپٹی سپیکر:** جتنی قرارداد ہے آپ وہ پڑھیں۔

**محترمہ شمیلہ اسلم:** جناب والا! یہ بھی اس لائن کا حصہ تھی شاید اس میں print نہیں ہو سکا کیونکہ آخری جملہ اسی کے ساتھ مکمل ہوتا ہے کہ

''پولیس ڈیپارٹمنٹ کو بھی پابند کیا جائے کہ ترجیح بنیادوں پر ان کے case کو take up کیا جائے۔''

**جناب ڈپٹی سپیکر:** اصل میں قرارداد ایک ہی issue کے اوپر آ سکتی ہے۔ وہ پھر آپ کا دوسرا issue بن جاتا ہے اس لئے اس کو ایک issue تک confine کیا گیا ہے۔

**محترمہ شمیلہ اسلم:** ٹھیک ہے۔ یہ قرارداد پیش کی گئی ہے کہ:

''یہ ایوان صوبائی حکومت سے اس امر کی سفارش کرتا ہے کہ تمام ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹرز ہسپتالوں میں تشدد کا شکار خواتین کے لئے ایک علیحدہ وارڈ یا یونٹ قائم کیا جائے جہاں ادویات سمیت تمام سہولیات مفت فراہم کی جائیں۔''

جناب ڈپٹی سپیکر: یہ قرارداد پیش کی گئی ہے کہ:

"یہ ایوان صوبائی حکومت سے اس امر کی سفارش کرتا ہے کہ تمام ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹرز ہسپتالوں میں تشدد کا شکار خواتین کے لئے ایک علیحدہ وارڈ یا یونٹ قائم کیا جائے جہاں ادویات سمیت تمام سہولیات مفت فراہم کی جائیں۔"

وزیر قانون و پارلیمانی امور (راناثناء اللہ خان): جناب والا! میں اس وضاحت کے ساتھ اس کو oppose کرتا ہوں۔ یہ جو محترمہ نے فرمایا ہے کہ تشدد کا شکار خواتین، یہ tortured cases بنتے ہیں اور انہوں نے لازمی طور پر ایمرجنسی وارڈ میں ہی admit ہونا ہوتا ہے۔ ایمرجنسی وارڈ میں پہلے سے ہی ادویات بالکل مفت ہیں اور گورنمنٹ کی طرف سے بھی بڑی strong instructions بھی ہیں کہ ایمرجنسی میں کسی بھی مریض سے کسی قسم کے charges نہ لئے جائیں اور ان کو ادویات مفت فراہم کی جائیں۔ اب اس میں اگر علیٰحدہ وارڈ کی بات ہوگی تو اس میں بڑا time لگے گا اور ایک طرح سے خواہ مخواہ کا اتنا زیادہ خرچہ ہوگا اور ایمرجنسی وارڈ میں جو ہم already سہولت دے رہے ہیں وہ بھی متاثر ہوگی۔ محترمہ کے اس concern کے اوپر محکمے سے ہم یہ کہتے ہیں کہ وہ تمام ہسپتالوں میں اس سلسلے میں instructions جاری کریں کہ جو خواتین torture کی وجہ سے ہسپتالوں میں آئیں ان کو ادویات کی سہولت تو چونکہ پہلے سے مفت ہے لیکن بطور خاص ان کی care بھی کی جائے اور ان کو خاص طور پر اسی وارڈ میں جس طرح سے ایمرجنسی وارڈ ہوتا ہے اس میں ایک حصے کو، ویسے تو پہلے بھی خواتین کے لئے ایک علیٰحدہ حصہ مخصوص ہوتا ہے اگر کہیں نہیں ہے تو اس کو علیٰحدہ مخصوص کر دیں تاکہ جو خواتین کے beds ہیں ان کو علیٰحدہ ایک side پر treat کیا جائے اور males کے beds کو علیحدہ کر دیا جائے تو اس قسم کا arrangement جہاں کہیں نہیں ہے تو وہ کروا دیتے ہیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، محترمہ!

محترمہ شمیلہ اسلم: جناب سپیکر! میرا کہنے کا مقصد یہ تھا کہ جب تشدد کا شکار خواتین ہسپتالوں میں admit کی جاتی ہیں تو ان کے ساتھ جو دیگر لوگ ہوتے ہیں وہ انہیں ناپسندیدہ نظروں سے دیکھتے ہیں تو اگر انہیں separate کر دیا جاتا تو وہ جیسے کہ پہلے ہی تشدد کا شکار ہوتی ہیں اور دوسرا معاشرہ انہیں جس نگاہ سے دیکھتا ہے تو اس سے کم از کم ان کی بچت ہو جائے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جس طرح لاء منسٹر صاحب نے کہا ہے کہ انہیں علیٰحدہ کرنے کا بندوبست ہو جائے گا تو I think کہ آپ جو بات کرنا چاہ رہی تھیں وہ ہو گئی ہے۔ ٹھیک ہے، This is disposed of

was not pressedاب اس کے بعد پانچویں قرارداد چودھری ظہیر الدین خان، چودھری عامر سلطان چیمہ، ڈاکٹر سامیہ امجد، چودھری عبداللہ یوسف، چودھری محمد ارشد، جناب محمد یار ہراج، جناب طاہر اقبال چودھری، محترمہ آمنہ الفت، جناب محمد شفیق خان، جناب شیر علی خان، جناب خرم نواب، محترمہ خدیجہ عمر، محترمہ آمنہ جہانگیر، جناب محمد محسن خان لغاری، حافظ محمد قمر حیات کاٹھیا، محترمہ ثمینہ خاور حیات، محترمہ عائشہ جاوید، جناب خالد جاوید اصغر گھرال، سیدہ ماجدہ زیدی، سیدہ بشریٰ نواز گردیزی، میاں شفیع محمد، جناب محمد اعجاز شفیع، محترمہ نسیم لودھی، محترمہ قمر عامر چودھری کی طرف سے ہے۔ وہ اسے پیش کریں۔

## گریڈ 1 تا 16 میں کنٹریکٹ پر بھرتی ہونے والے ملازمین کو مستقل کرنے کا مطالبہ

ڈاکٹر سامیہ امجد: اس ایوان کی رائے ہے کہ:

"حکومت پنجاب پہلے مرحلہ میں 1 تا 16 گریڈ میں contract پر کام کرنے والے تمام سرکاری ملازمین کو مستقل کرنے کے احکامات جلد از جلد جاری کرے تاکہ ان ملازمین میں پائی جانے والی بے چینی اور مایوسی کا ازالہ ہو سکے۔"

جناب ڈپٹی سپیکر: اس ایوان کی رائے ہے کہ:

"حکومت پنجاب پہلے مرحلہ میں 1 تا 16 گریڈ میں contract پر کام کرنے والے تمام سرکاری ملازمین کو مستقل کرنے کے احکامات جلد از جلد جاری کرے تاکہ ان ملازمین میں پائی جانے والی بے چینی اور مایوسی کا ازالہ ہو سکے۔"

**MINISTER FOR LAW & PARLIAMENTARY AFFAIRS** (Rana Sana Ullah Khan): I oppose.

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، محترمہ!

ڈاکٹر سامیہ امجد: جناب سپیکر! عرض یہ ہے کہ اس contract میں ایک دو چیزیں ہیں جو general impression بھی ہے اور جو حقیقت بھی ہے اس میں یہ ہے کہ permanent appointments میں لوگ جو job security محسوس کرتے تھے وہ اس میں نہ ہے جیسا کہ pension, gratuity یا اس کی job security یا جو سارا کچھ ہے اور پھر اس میں

seniority and transfer وغیرہ کی سہولیات تھیں لیکن اس میں وہ چیزیں نہیں ہیں۔ یہ ٹھیک ہے کہ پچھلے دور میں اس کو اس طرح لایا گیا تھا لیکن ایک سے لے کر 16 گریڈ تک کے وہ لوگ ہیں، وہ financial budget کی وجہ سے فیصلہ کیا گیا تھا کہ contract کو preference دی جائے لیکن میرا خیال یہ ہے کہ پہلے گریڈ سے گریڈ 16 تک کے لئے خزانے پر اتنا بوجھ نہیں پڑے گا اگر اس کو revise کیا جائے اور ایک غریب آدمی کو یہ advantage دے دیا جائے۔ اس میں ایک سے سولہ گریڈ کے ملازمین میں سکول ٹیچر اور peons، یہ تمام لوگ ہیں جن کی pay, pension or gratuity arrange ان کے لئے بڑا helpful رہے گا اور ان کو سب سے بڑی psychologied support یہ ہے کہ ہم مستقل جاب پر آ گئے ہیں۔ یہ چیز تو ہم humanitarian ground پر forward کرنا چاہتے ہیں کہ آپ جہاں پر اتنا کچھ کرتے ہیں وہاں پر یہ ایک بڑا سہل انگیز قدم ہو گا اور خاص طور پر غریب اپنے آپ کو بڑا مضبوط محسوس کریں گے۔ شکریہ

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، بہت شکریہ۔ جی، لاء منسٹر صاحب!

وزیر قانون و پارلیمانی امور (رانا ثناء اللہ خان): جناب سپیکر! یہ جو contract appointment policy بنی تھی تو یہ پالیسی بنانے والوں کا خیال یہ تھا کہ اس ملک کے لوگ بے وقوف ہیں ان کو کوئی سمجھ نہیں ہے، ہم لوگوں کو نوکریاں دیں گے تو وہ لوگ ہمارے ساتھ شامل ہو جائیں گے اور ہم اس ملک اور قوم کے ساتھ جو کر رہے ہیں اس کو لوگ ایک طرف رکھ دیں گے اور ہمیں سیاسی لیڈر بنا دیں گے لیکن بہر حال پھر ان کی توقعات پوری نہیں ہوئیں اور اٹھارہ تاریخ کو جن لوگوں کو انہوں نے نوکریاں دی تھیں انہوں نے ان کے خلاف بھرپور فیصلہ کیا۔ اب اس میں یہ ہے کہ یہ contract appointment policy 29 December 2004 کو بنائی گئی ہے تو آپ اس وقت کہاں تھے اور آپ اس وقت کیا کر رہے تھے، آپ نے کیوں نہیں اس کو check کیا، آپ نے اس میں کیوں نہیں کوئی نہ کوئی ایسی گنجائش رکھی کہ ان لوگوں کو کل آنے والے وقت میں ان کو regular کیا جا سکے؟ (قطع کلامیاں)

ہم تب کوئی صحیح کام کریں جب آپ صحیح کام کرنے کے لئے کوئی راستہ چھوڑ کر گئے ہوں۔ آپ نے یہ پالیسی بنائی ہے اس کی کاپی میرے پاس ہے آپ مجھے بتائیں کہ اس پالیسی کے تحت جن لوگوں کو

appointکیا گیا ہے اس میں کوئی ایک شق یاruleبتائیں کہ جس کے تحت انہیںregularکیا جا سکتا ہے، بتائیں آپ ؟آپ اس کی نشاندہی کردیں حکومت اس کے اوپر غور کرے گی۔(قطع کلامیاں) آپ پھر بل لے آئیں ناں!بل بھی ہم ہی لائیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر:چیمہ صاحب!ایک منٹ،ایک منٹ۔چیمہ صاحب! This is not the way to talk in Assembly.آپ نے اگر کوئی بات کرنی ہے تو آپ کھڑے ہو کر کریں۔ ماشاء اللہ آپsenior parliamentarianہیں مجھے اس بات پر حیرانی ہوئی ہے۔جی، محترمہ!

ڈاکٹر سامیہ امجد:جناب سپیکر!مجھے یہ کہنا ہے کہ راناثناء اللہ کیmemoryماشاء اللہ بہت اچھی ہے اور انہیں بڑے نکتے یاد رہتے ہیں تو1997میں میاں محمد شہباز شریف نے ہی یہ contract policy شروع کی تھی بلکہ اس زمانے میں بھرتیاں بھی شروع ہو گئی تھیں، یہ 1997 والا contractبھی لے آتے جو یہ لے کر آئے تھے غالباًاس کاimproved formیہاں پر آیا ہے اور جن وجوہات کی بنا پر یہ شروع کی تھی وہ1997کےdocumentsمیں موجود ہو گی لہذا mud slinging نہ کریں، سال ہو گیا ہے کوئی مثبت بات کرنا شروع کر دیں۔ یہ کہنا بس کر دیں گے کہ بارش ہوئی،(ق)لیگ کا قصور ہے، بارش نہیں ہوئی تو بھی(ق)لیگ کا ہی قصور ہے، بارش ہو گی تب بھی(ق)لیگ کا قصور ہو گا کہ اتنی بارش نہیں ہونی چاہئے۔اس کو چھوڑ دیں آپ اگر اجازت دیں اس کو pendingکر دیں میں اگلی دفعہ اس کو اور بھیsupportکے ساتھ لے آتی ہوں تو بات یہ ہے کہ یہcontract appointmentsجن مجبوریوں میں کی گئی تھیں وہ یہ تھیں کہ اس وقت اس ملک کاtotal financial budgetاتنا نہ تھا کہ اس کوcontinuityدی جاتی۔ میرا خیال ہے کہ یہ ان کی بھی حکومت سے پہلے بے نظیر کے زمانے میںassessکیا گیا تھا کہ 2013میں pension & gratuitiesادا We will need a triple budget.تو یہ ہوں گی۔ again excuse اکہ میں وہdocumentبھی دوبارہreconfirmکروں گی۔ایکassessmentکے تحت یہ بات ہوئی تھی اور وہ حکومت کوfacilitateکرنے کے لئے کی گئی تھی۔اب جبکہ یہ دور آیا ہے کہ جب ہمارےbudgetary figuresبھی پہلے سے بہت بہتر ہیں یعنی ترقی ہو گئی ہے۔اس وقت ہم اس قرارداد کےthroughجو مانگ رہے ہیں وہ غریب کے لئے مانگ رہے ہیں، وہ گریڈ ایک کی بات ہو رہی ہے، وہ کسی پالیسی یا ٹھٹھہ اڑانے کے لئے نہیں کی جا رہی۔ ہمas a private memberیہ چیز لا رہے ہیں حالانکہ کاش!اسcontract

میں کوئی amendment چیز تھی تو یہ government bench کی طرف سے آتی۔ as a private member I feel and I strongly feel کہ اگر یہ سمجھیں کہ میں کسی بھی پارٹی سے نہیں ہوں صرف اس ہاؤس کی ایک ممبر ہوں ایک ممبر ہونے کی حیثیت سے میں اس استحقاق کو استعمال کر رہی ہوں کہ آج کوئی ایک legislation ایک پرائیویٹ ممبر کے نام سے بھی کی جاسکے اس لئے کہ اس میں گریڈ ایک اور گریڈ16 کے غریب گورنمنٹ ملازم جو white collared ہیں جن کے بچے ہیں اور اس بڑھتی مہنگائی میں ان کے اخراجات ہیں، روٹی، کپڑا اور مکان کے crisis کے دور میں جنہیں support کی ضرورت ہے، جنہیں re-assurance کی ضرورت ہے، جنہیں ایک چھاؤں کی ضرورت ہے وہ گریڈ ایک تا گریڈ16 تک یہ ہمارا first step ہونا ہی چاہئے اور میں اس چیز کو کسی بھی سیاسی دور سے بالاتر رکھ کر آج اس ایوان میں یہ اپیل کرنا چاہتی ہوں کہ خدارا! اس غریب طبقے کی طرف توجہ کیجئے۔ جو اس وقت حکومتی بنچز پر بیٹھے ہیں۔ خدا نے انہیں یہاں پر بٹھایا ہے، جس وقت یہ یہاں اپوزیشن بنچوں پر تھے تو اس وقت غریب لوگوں کی سب سے زیادہ بات کرنے والے رانا ثناء اللہ ہی تھے اور افسوس کہ اب ہر بات پر "ناں" کرنے والے یہی ہیں ان کو کہیں نہ کہیں جگہ ضرور بنانی چاہئے۔ میں ان کی بہت respect کرتی ہوں اور آپ یقین کریں کہ مجھے یہ کہنے میں کوئی عار نہیں کہ لوگوں کے مسائل پر ان کا جو جذبہ اور burning تھی اس سے میں نے پچھلے پانچ سال میں بہت سیکھا اور آج اس طرف کھڑے ہو کر مجھے ان کو یہ یاد کرانا ہے کہ وہ باتیں، وہ سوچ، وہ جذبہ، وہ عزم، جو یہ اس سارے ایوان کے لئے اکیلے رکھتے تھے آج وہ کہاں چلا گیا۔ گریڈ 1 سے گریڈ 16 تک کے لئے کوئی نہ کوئی جگہ بنانے کے لئے re-assurance کریں، اس قرارداد کو لے کر کسی کمیٹی یا ڈیپارٹمنٹ کے حوالے کر دیں اور خدارا! ایک نیکی کی طرف personal level پر ہی کر دیں لیکن لوگ یہی کہیں کہ ایک وزیر قانون کو اگر اللہ تعالیٰ نے اتنی طاقت دی تھی تو یہ ایک بہن کی درخواست پر اس کو لے کر اکیلا ہی آگے چلا۔ ہمیں اپنی انا سے آگے بڑھ کر، اپنی سیاسی وابستگی سے آگے بڑھ کر لوگوں کی بھی بات کرنی ہے۔ میں آپ سے درخواست کروں گی کہ ان چھوٹے گریڈ کے افسران کی طرف خدا کے لئے توجہ کریں تو یہ ایک احسن قدم ہوگا۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، وزیر قانون!

وزیر قانون و پارلیمانی امور (رانا ثناء اللہ خان): جناب سپیکر! مجھے بڑی خوشی ہوئی ہے بلکہ خوشگوار حیرت بھی ہوئی ہے کہ ہم پانچ سال جن بنچوں پر بیٹھ کر ان کو کہتے رہے ہیں اس کا ان پر اتنا اثر ہوا ہے

کہ یہ مکمل طور پر تبدیل ہو گئے ہیں، ان کی سوچ تبدیل ہو گئی ہے اور اب انھوں نے وہی باتیں شروع کر دیں جو ہم کرتے رہے ہیں۔

جناب سپیکر! اس سلسلے میں بات یہ ہے کہ سردست حکومت پنجاب نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ جو لوگ گریڈ 1 سے 4 تک یا اس سے اوپر بھی ہیں تو ہم ان کا کنٹریکٹ ختم نہیں کر رہے اور ان کو بے روزگار نہیں کر رہے۔ ہم نے یہ اصولی طور پر فیصلہ کر لیا ہے۔ اس کے بعد جو دوسری financial implications ہیں ان کا ہم جائزہ لے رہے ہیں کیونکہ ہمیں اداروں کو بھی تو برقرار رکھنا ہے۔ انھوں نے یہ کیا ہے کہ جہاں پر دس بندوں کی ضرورت تھی وہاں سو بندوں کو بھرتی کیا ہوا ہے۔ ان معاملات کو بھی دیکھنا ہے اور ان سے کیسے عہدہ برآ ہونا ہے اس لئے ان چیزوں کو دیکھتے ہوئے جو بہتر معاملات ہوں گے ان کے مطابق خاص طور پر وہ غریب آدمی خواہ اس کے لئے کوئی کام ہے یا نہیں ہے انھیں بھی دیکھنا ہے۔ انھوں نے اسمبلی میں جس کو باورچی بھرتی کیا ہے تو اس کو چائے بنانی نہیں آتی، جس کو انھوں نے ٹائپسٹ بھرتی کیا ہے اس کو انگریزی لکھنی بھی نہیں آتی یعنی نااہل لوگوں کو بھرتی کیا ہے۔ اب یہاں پر چار سو کے قریب آدمیوں کو اسمبلی میں ٹھونسا ہوا ہے اور یہاں پر لوگوں کو out of turn ترقیاں دینے کی جو dirtiest examples چھوڑی ہیں۔ اس کی کسی ادارے میں مثال نہیں ملتی اور اسی طرح کا حال دوسرے اداروں میں ہے۔ یہاں تک کہ جب interim Government تھی تو وہ بھی ان کی continuation تھی تو اس وقت بھی انھوں نے کوئی دس ہزار کے قریب لوگوں کو مختلف محکموں میں بھرتی کیا۔ سیالکوٹ جہاں سے ان کو ایک سیٹ بھی نہیں ملی وہاں پر بھی تقریباً کوئی 4/5 ہزار لوگوں کو بھرتی کیا گیا۔ اس سارے معاملے کو آپ اس طرح کہیں کہ اس گندگی کو پھیلانے میں تو آپ نے 8/10 سال لگائے ہیں اور آپ ہمیں یہ کہہ رہے ہیں کہ ایک سال میں سارا کچھ صاف کریں تو یہ ممکن نہیں ہے لیکن ہم صاف کر رہے ہیں۔ مجھے بڑی خوشی ہے کہ آپ بھی اب وہی ذہن رکھتے ہیں جو ہمارا ذہن ہے یعنی اب آپ پر بھی ہماری باتوں کا اثر ہوا ہے۔ اس وجہ سے آپ بھی ہمارے ساتھ شامل ہیں اس لئے مجھے یہ یقین ہے کہ آپ کے ساتھ ہونے سے جب ہم مل کر کام کریں گے اور ان لوگوں کے معاملات حل کرنے کی کوشش کریں گے تو یہ انشاء اللہ تعالیٰ حل ہو جائیں گے۔ مجھے امید ہے کہ میری اس یقین دہانی کے بعد محترمہ اس کو press نہیں کریں گی۔

ڈاکٹر سامیہ امجد: جناب سپیکر! یقین دہانی اگر ان الفاظ میں ہوتی ہے تو پھر جواب تو دینا بنتا ہے۔ میں یہ کوشش کر رہی تھی لیکن جو کچھ رانا ثناء اللہ نے آخر میں کہا ہے۔ اب بات صرف اتنی ہے کہ جب ہم

نے بھرتیاں کیں تھیں تو ہم نے بھی شاید یہی سمجھا تھا کہ نااہل لوگ ان سیٹوں پر بیٹھے ہیں۔ یہ ذاتی پسند اور ناپسند کی جو بو ہے یا اس سسٹم کی سب سے بڑی جو خرابی ہے۔ اگر آپ نے کنٹریکٹ کو extend کرنا ہے تو اس میں جو authority ہے؟ وہ بھی پسند اور ناپسند کو سامنے رکھتی ہے۔ رانا صاحب کی پوری تقریر میں پسند اور ناپسند کی بات ہو رہی ہے کہ جس کو ہم اچھا سمجھتے ہیں وہ ٹھیک ہے اور باقی سب گندگی صاف ہو رہی ہے۔ یہ گندگی کیا ہے، وہ بجٹ، وہ پیسا، وہ کامیابیاں جو ہماری حکومت کی تھیں۔ اگر اس پیسے اور کامیابیوں کو یہ گندگی کہہ رہے ہیں اور اس کا صفایا کر رہے ہیں تو خوب صفایا کر رہے ہیں۔ اس طرح کی باتیں نہ کریں کہ جن کا جواب دینا پڑے۔ یہ بات نہیں ہے اس میں ہماری محنت بھی شامل ہے اور نیک نیتی بھی شامل ہے۔ جہاں negative points ہیں ان کو negative کہیں لیکن ہر بات کو یوں نہ کہیں کہ یہ ساری گندگی تھی اور ہم گندگی کو صاف کرنے آ گئے ہیں۔ اس طرح پھر بحث شروع ہو گی اور ماحول خراب ہو گا اور یہاں پر ایک اور cause دم توڑ دے گا۔ میں ان کی دوبارہ یقین دہانی پر کہتی ہوں کہ ٹھیک ہے کہ انھوں نے دوبارہ یقین دہانی کرائی ہے۔ میری سوچ نہیں بدلی، میری سوچ وہی تھی جو لوگوں کی سوچ تھی۔ مجھے لگتا ہے کہ آپ وہاں جا کر ضرور بدل گئے ہیں۔ آپ خدارا! نہ بدلیں۔ اللہ نے اگر آپ کو یہ موقع دیا ہے اور رتبہ دیا ہے تو یہاں کی باتیں مت بھولیں جو آپ کے کہنے سے دوسروں نے بھی سیکھیں ہیں۔ آپ کیوں بدل گئے ہیں؟ آپ اپنے آپ کو نہ بدلیں۔

جناب سپیکر! صاحب میں آپ سے دوبارہ درخواست کروں گی کہ یہ قرارداد جس روح اور جس نیت کے ساتھ لائی گئی ہے۔ وہ ایک غریب اور white collared سرکاری ملازم کی بہبود کے لئے ہے۔ اس کی job security کی بات ہو رہی ہے اور اس کے علاوہ اس کے بارے میں ایک بھی لفظ مزید introduce کرنا غلط ہے۔ میں آپ سے appeal کرتی ہوں کہ اس قرارداد کو منظور کیا جائے اور اگر یہ آج کسی طرح سے ووٹنگ سے پاس ہو جائے تو یہ ایک انتہائی مثبت قدم ہو گا۔ اس کو work out کیا جائے۔ ہم چاہیں گے کہ اس کو consider کرنے کی commitment ہو جائے گی بغیر ووٹنگ کے کسی کمیٹی کے حوالے ہو جائے یا کوئی کمیٹی بنا لی جائے۔ جیسا کہ یہ کہہ رہے ہیں کہ ہم consider کر رہے ہیں۔ اس پر ہی کوئی کمیٹی بنا لیں اور کچھ لوگوں کو شامل کریں اور اس پر کوئی تاریخ دیں۔ صرف یہ کہنا کہ ہم غور کر رہے ہیں تو یہ تو کوئی بات نہ ہوئی پھر شاید اسمبلی کا وقت اور موقع ہاتھ سے چلا جائے گا۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، وزیر قانون!

**وزیر قانون و پارلیمانی امور (راناثناء اللہ خان):** جناب سپیکر! ڈاکٹر صاحبہ نے جو بات کی ہے وہ میرے خیال میں ان کی اس قرارداد کے جواب میں حکومت کی طرف سے on record اس بات کا آنا کہ ہم ان چھوٹے ملازمین کو جنھیں ایک یا دو سال کے کنٹریکٹ پر بھرتی کیا گیا تھا۔ ہم ان کو بے روزگار نہیں کر رہے تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ کوئی چھوٹی بات نہیں ہے۔ ان کے لئے یہ good gesture ہوگا۔ انھوں نے جہاں تک پسند ناپسند کی بات کی ہے تو میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ اس وقت جو ایجوکیٹرز کی بھرتی ہو رہی ہے اور جو میرٹ بن رہا ہے۔ میں اپوزیشن کے ممبران کو کہتا ہوں کہ کسی جگہ پر اگر آپ دیکھیں کہ میرٹ violate ہو رہا ہے تو ہمیں بتائیں۔ اس سے پہلے جو پولیس کانسٹیبل بھرتی ہوئی ہے۔ آپ یقین کریں کہ اس وقت ہماری پارلیمانی پارٹی میں بھی لوگوں کا دباؤ تھا اور اس کے بعد اے ایس آئی کی اسامیوں کو پنجاب پبلک سروس کمیشن کو بھیجا گیا ہے کہ وہاں سے بھرتی ہو کر آئیں۔ ہم پر بہت دباؤ تھا لیکن میاں شہباز شریف صاحب نے یہی کہا کہ میں پولیس میں سفارشی بھرتی کر کے اس ملک کے عوام کو چوروں اور ڈاکوؤں کے سپرد نہیں کر سکتا اس لئے میرٹ کو مدنظر رکھ کر کام ہو رہا ہے۔ اگر کسی جگہ پر کوئی بے ضابطگی ہے تو آپ نشاندہی کریں ہم اس کا تدارک کریں گے اور کسی جگہ پر بھی خاص طور پر لوگوں کو روزگار دینے کی بات ہے تو ہم incompetent لوگوں کو لائیں گے اور نہ ہی کسی قسم کی پسند ناپسند کو مدنظر رکھیں گے۔

**چودھری عامر سلطان چیمہ:** جناب سپیکر! میں اپنے ضلع سرگودھا کے بارے میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ وہاں پر حال ہی میں کالجز میں اسسٹنٹ لیکچرار کی بھرتیاں ہوئی ہیں۔ میرے خیال میں 6/7 سکیل کی اسامیاں ہیں۔ وہاں پر 60ہزار سے 80ہزار روپیہ لیا گیا ہے۔ ایم پی اے اور ایم این اے کو ایک ایک سیٹ دی گئی ہے اور باقی سیٹیں بولیوں اور نیلامیوں کے ذریعے دی گئی ہیں۔ وہاں پر اچھا خاصا شور ہے۔ اس کی کوئی انکوائری کرنے والا نہیں ہے جب اخباروں میں یہ چیزیں آئیں تو اس کے لئے ایک کمیٹی آئی اور انھوں نے کہا کہ سب ٹھیک ہوا ہے۔ آپ یقین مانیں اگر کہیں گے تو میں وہ لڑکے پیش کر سکتا ہوں۔۔۔۔

(اذان عصر)

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، چیمہ صاحب!

**چودھری عامر سلطان چیمہ**: جناب سپیکر! یقیناً اذان نے بھی اس بات کی تصدیق کر دی ہے جو میں نے بیان کیا ہے۔ میرے پاس وہ ثبوت اور لڑکے موجود ہیں جو اپنے ہاتھوں سے 60 سے 80ہزار روپے دے کر بھرتی ہوئے ہیں۔ مزے کی بات یہ ہے کہ وہ میرے ہی ووٹر، سپورٹر ہیں۔ میرے اپوزیشن میں ہوتے ہوئے میرے حلقے کے بندے اگر بھرتی ہو سکتے ہیں تو اس کا مطلب ہے کہ وہ پیسوں کے بغیر نہیں ہوئے اور یہی سب سے بڑا ثبوت ہے۔ منسٹر صاحب آج اگر ensure کراتے ہیں کہ ان کے دور میں pure میرٹ پر کام ہو رہا ہے تو سرگودھا کے کالجز میں جو بھرتی ہوئی ہے اس کو examine کر لیں۔ مزے کی بات یہ ہے کہ date of joining اور date of appointment سے ہی difference نظر آتا ہے۔ انہوں نے ایک ایک کر کے لڑکوں کو join کرایا تھا کہ شور نہ پڑے، اس سے ہی پتا چل جائے گا کہ حقیقت اور سچائی کیا ہے۔ دوسرا منسٹر صاحب نے یہ بھی ensure کرایا ہے کہ جو لوگ کنٹریکٹ پر ہیں ان کا کنٹریکٹ بھی ہم دو تین سال extend کریں گے تو یہ آرڈر ایوان میں distribute کرا دیں تاکہ ہمیں اس بات کی assurance ہو جائے۔

**جناب ڈپٹی سپیکر**: جی، منسٹر صاحب!

**وزیر قانون و پارلیمانی امور (رانا ثناء اللہ خان)**: جناب سپیکر! جہاں تک انہوں نے assurance کی بات کی ہے تو میں نے جب on the floor of the House یہ بات کی ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ اپوزیشن کے معزز ممبران کو اس بات پر یقین کرنا چاہئے۔ جہاں تک انہوں نے سرگودھا کی بات کی ہے تو ہم ڈیپارٹمنٹ level پر ضرور examine کروائیں گے اور یہ ہماری ڈیوٹی ہے اور اس پر رپورٹ بھی منگوائیں گے لیکن انہوں نے specifically ذکر کیا ہے کہ کچھ لوگوں سے انہوں نے پیسے لئے ہیں تو لازمی بات ہے کہ جنہوں نے جن لوگوں کو پیسے دیئے ہیں ان کے پاس پوری information ہوگی تو میں ان سے گزارش کروں گا کہ یہ اس سلسلے میں ایک درخواست manage کروا دیں کیونکہ جب کسی کے خلاف proceed کرنا ہے تو اس کے لئے evidence تو ضروری ہوتی ہے کیونکہ کل کو اگر وہ عدالت میں جائے گا تو کہے گا کہ میرے خلاف victimization ہو رہی ہے۔ لہذا آپ ایک درخواست manage کروا دیں اور اس کی انکوائری اینٹی کرپشن محکمے کے جس آفیسر کو چیمہ صاحب کہیں کہ یہ آدمی ایماندار ہے اور یہ انکوائری صحیح کرے گا اس سے انکوائری کروالیں گے اور جرم ثابت ہونے پر ان لوگوں کو نہ صرف سزا بلکہ قرار واقعی سزا دیں گے۔ (نعرہ ہائے تحسین)

چیمہ صاحب ہمارے بڑے سینئر پارلیمنٹیرین ہیں میں ان سے دوبارہ گزارش بھی کروں گا اور ان سے یہ توقع بھی کروں گا کہ یہ اس سلسلے میں میری مدد بھی کریں گے۔

**چودھری عامر سلطان چیمہ:** یہ تو نیکی کا کام ہے انشاء اللہ تعالیٰ میں آپ کے ساتھ ہوں گا۔

**جناب محمد محسن خان لغاری:** جناب سپیکر! میں لاء منسٹر صاحب سے پوچھنا چاہوں گا کہ کیا ڈیرہ غازی خان کے لئے بھی یہ offer ہے؟

**وزیر قانون و پارلیمانی امور (رانا ثناء اللہ خان):** جی، بالکل ہے۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** ہر طرف ہے۔ اب جس طرح assurance آ گئی ہے میرے خیال میں اب آپ اس میں press نہ کریں۔

**ڈاکٹر سامیہ امجد:** جناب سپیکر! میرے خیال میں اس میں ووٹنگ کروالیں۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** چلیں ٹھیک ہے۔ یہ قرارداد پیش کی گئی ہے اور سوال یہ ہے کہ۔

> "اس ایوان کی رائے ہے کہ حکومت پنجاب پہلے مرحلہ میں ایک تا 16 گریڈ میں contract پر کام کرنے والے تمام سرکاری ملازمین کو مستقل کرنے کے احکامات جلد از جلد جاری کرے تاکہ ان ملازمین میں پائی جانے والی بے چینی اور مایوسی کا ازالہ ہو سکے۔"

(تحریک نامنظور ہوئی)

**ڈاکٹر سامیہ امجد:** پوائنٹ آف آرڈر۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** جی، فرمائیں!

**ڈاکٹر سامیہ امجد:** جناب سپیکر! دکھ کی بات یہ ہے کہ گریڈ 1 سے 16 گریڈ میں حکومت نے ناں میں ووٹنگ کرائی اور خواتین کے حقوق کے لئے بھی انہوں نے ناں میں ووٹنگ کرائی۔ میں پریس کی وساطت سے یہ on record لانا چاہتی ہوں کہ کوئی بھی قرارداد جو خواتین کے لئے آئی یا گریڈ 1 سے 16 کے لئے آئی، حکومت نے بڑے شور سے اس کو ناں میں کیا۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** دوسری بات میں آپ سے یہ کروں گا کہ جب آپ ہاؤس میں بات کر رہے ہوں تو آپ کا کام ہے کہ Chair سے مخاطب ہوں۔

**ڈاکٹر سامیہ امجد:** جناب سپیکر! میں آپ کی وساطت سے پریس میں on record لانا چاہتی ہوں۔

جناب اعجاز احمد خان: پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، فرمائیں!

جناب اعجاز احمد خان: جناب سپیکر! Rules of Procedure میں بھی یہ بات clear ہے کیونکہ یہاں پر جواب الجواب کا سلسلہ شروع ہو جاتا ہے حالانکہ لاء منسٹر صاحب کی واضح clearance آ گئی تھی۔ ابھی انہوں نے یہ فرمایا ہے کہ گریڈ 1 سے 16 کے تمام ملازمین کی confirmation کی جائے لیکن اس میں بہت سارے ملازمین ایسے بھی ہیں جو qualify نہیں کرتے۔ میں حکومت اور لاء منسٹر صاحب کو appreciate کروں گا کہ ان ملازمین کے ساتھ جو روزگار میں کسی بھی طریقے سے پہنچ گئے ہیں چاہے میرٹ سے ہٹ کر یا ان کی مدد کے لئے پہنچ گئے ہیں اور باوجود اس کے کہ وہ اہل نہیں ہیں، انہوں نے کہا ہے کہ ان کو مستقل کیا جائے۔ میں ذاتی طور پر سمجھتا ہوں کہ اس کو scrutinize کیا جانا چاہئے۔ کسی بھی ملازم کو یہ حق نہیں ہے کہ وہ rules سے ہٹ کر کسی بھی عہدے سے continue کرے اور اس پر متمکن رہے and unless he is qualified for that لیکن جو merit policy form ہو اس پر جو لوگ پورے اتریں ان کی confirmation کے لئے لاء منسٹر صاحب کی observation on record ہے۔ میں اپوزیشن کے معزز اراکین سے یہ گزارش کروں گا کہ اس ہاؤس کا وقت بہت قیمتی ہے۔ جو چیز یہ on the floor of the House لے کر آئے ہیں اس کی assert اس انداز میں نہ کریں کہ تین تین دفعہ جواب الجواب کی صورت بنے۔ شکریہ

محترمہ آمنہ الفت: پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، محترمہ آمنہ الفت صاحبہ!

محترمہ آمنہ الفت: جناب سپیکر! میں آپ کی بے حد مشکور ہوں کہ آپ نے ہمیشہ مجھے بات کرنے کا موقع دیا اور میری کوشش ہوتی ہے کہ to the point بات کروں اور مجھ سے کوئی ایسا عمل نہ ہو جس سے ایوان کا استحقاق مجروح ہو۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ہاؤس کا وقت دس منٹ بڑھایا جاتا ہے۔

محترمہ آمنہ الفت: جناب سپیکر! اس اسمبلی کو بنے آج تقریباً ایک سال ہونے والا ہے۔ اس عہدے کا آپ نے بھی charge لیا تھا اور بطور ممبر جب میں بھی اس اسمبلی میں آئی تھی تو بہت سارے مسائل جو میرے سامنے آئے میں نے on the floor of the House آپ کے سامنے پیش کئے۔ اس

میں آپ نے جس گرمجوشی کا مظاہرہ کیا اور فوراً ان کو take up کرتے ہوئے کمیٹی بنائی۔ اس میں ایک سرفہرست معاملہ اسمبلی کے ان ملازمین کا تھا جن کے کوارٹرز گرنے والے تھے اور خاص طور سے پیپلز ہاؤس کے وہ کوارٹر جو انتہائی مخدوش حالت میں ہیں، اتنا عرصہ گزرنے کے بعد بارشوں کی وجہ سے وہ آج اس سٹیج پر ہیں کہ ان کی سیڑھیاں ہل رہی ہیں اور وہ کسی بھی وقت کسی جانی نقصان کا باعث بن سکتے ہیں۔ میں تو اس وقت یہ سمجھی تھی کہ اب منٹوں میں فیصلے ہوں گے اور گھنٹوں میں عمل ہو جائے گا لیکن مجھے آج بڑے افسوس سے کہنا پڑ رہا ہے کہ روٹین میں اس کو کمیٹی کے سپرد کر کے سرد خانے میں ڈال دیا گیا ہے۔ آج پھر میں آپ سے request کروں گی کہ اس مسئلے کو دوبارہ سے اسی جذبے کے ساتھ take up کریں۔ کمیٹی میں A.C.S صاحب نے یہ یقین دہانی کرائی تھی کہ ان ملازمین کو ہم جگہ مہیا کئے بغیر کوارٹروں سے بے دخل نہیں کریں گے یہ بات on record ہے اور کمیٹی کے minutes میں لکھی ہوئی ہے کہ A.C.S صاحب نے کہا تھا کہ میرا وعدہ ہے کہ ان کو اس وقت تک بے دخل نہیں کریں گے جب تک انہیں متبادل جگہ مہیا نہیں کی جائے گی لیکن آج پھر وہی شنید ہے کہ یہ لوگ اپنے کوارٹر خالی کر کے جہاں مرضی جائیں، جب تک یہ خالی نہیں کریں گے تب تک نئے نہیں بن سکتے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: میرا خیال ہے کہ اس پر ہم نے کمیٹی بنائی ہوئی ہے اس کا ہم اجلاس فوری بلا لیتے ہیں اور اس کو دیکھ لیتے ہیں۔

محترمہ آمنہ الفت: جناب سپیکر! اس حالت میں وہاں کوئی حادثہ ہو سکتا ہے۔ میری آپ سے یہ personal request ہے کہ آپ پروگرام بنا کر میرے ساتھ پیپلز ہاؤس کی سیڑھیاں اور جگہ دیکھ لیں آپ کو خود ہی پتا چل جائے گا۔ وہاں پر سات سات کوارٹروں کے لئے ایک ایک wash room ہے۔ وہاں پر انسان رہ رہے ہیں۔ خدارا! آپ وہاں پر خود جا کر دیکھ لیں وہ جانوروں سے بھی بدتر جگہ ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: محترمہ! میں نے سیکرٹری صاحب کو کہہ دیا ہے وہ میٹنگ بلا لیتے ہیں اور اس کو دیکھ لیتے ہیں۔

محترمہ آمنہ الفت: جناب سپیکر! ایک اور بہت اہم issue گورنمنٹ ٹیکنیکل کالج کا تھا۔ اس پر ہم لوگ کمیٹی میں بڑی تیزی سے رشک کرتے ہوئے گئے۔ میرے ساتھی اللہ رکھا صاحب نے اس کو move کیا تھا اور اولکھ صاحب اس کمیٹی کے چیئرمین تھے۔ ہم نے صبح سے لے کر رات تک اس کالج کا

ایک ایک کونا visit کیا تھا،اس کی رپورٹ میں نے اپنے طور پر مرتب کی۔ارشد صاحب بھی اس وقت یہاں موجود ہیں۔اس سلسلے میں دوبارہ ہم سے کوئی رپورٹ مانگی گئی اور نہ ہی کمیٹی کا دوبارہ کوئی اجلاس بلایا گیا۔اس انداز سے اگر یہ سارے کام delay ہوں گے تو وقت پر اگر کسی کو انصاف نہ ملا اور آپ یقین کریں کہ آج بھی وہ بچے threatening کا شکار ہو رہے ہیں اور ٹیچرز انہیں دبا رہے ہیں۔خدارا! میں کہوں گی اور میرے بھائی بھی اس حوالے سے ذرا بات کریں کیونکہ ہم اس کا ذاتی طور پر معائنہ کر کے آئے تھے اور اس ادارے کا ہم نے بغور ایک ایک کونا چیک کیا تھا۔

جناب ڈپٹی سپیکر:اس معاملے کے حوالے سے بننے والی کمیٹی کل سپیکر چیمبر میں بیٹھ جائے اور اس بات پر فوری طور پر اسے دوبارہ activate کر دیتے ہیں۔

پارلیمانی سیکرٹری برائے سیاحت(رانا محمد ارشد):پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب ڈپٹی سپیکر:جی،فرمائیں!

پارلیمانی سیکرٹری برائے سیاحت(رانا محمد ارشد):جناب سپیکر!خادم اعلیٰ پنجاب میاں محمد شہباز شریف صاحب کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں کہ وہ قائد پاکستان میاں محمد نواز شریف کے vision کو لے کر آگے بڑھے اور گریڈ 1 سے 16 تک کے ملازمین جنہیں خدشہ تھا کہ ہمارے بچوں کے منہ سے نوالہ چھینا جائے گا اور ہمیں دربدر کیا جائے گا، ہم سے روزگار چھین لیا جائے گا تو ہم ان کو ملازمتوں سے نہیں نکالیں گے اور میں رانا ثناء اللہ صاحب کو بھی خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔وہ ملازمین جیسے بھی آئے آ گئے اب انہیں قائم و دائم رکھنا انشاء اللہ ہماری حکومت کا بڑا احسن قدم ہے۔

جناب سپیکر!میری یہ بھی گزارش ہے کہ حکومت پنجاب نے 34 پارلیمانی سیکرٹری بنائے ہیں جس کی بڑی خوشی ہوئی ہے تو انہیں گاڑیاں اور دفاتر بھی ملنے چاہئیں تاکہ وہ اپنے کام شروع کریں اور حکومت کے لئے معاون ثابت ہوں۔ان کی مرضی ہے کہ وہ گاڑیاں نہ بھی دیں تو کوئی بات نہیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: رانا صاحب!آپ پارلیمانی سیکرٹریوں کی بات کر رہے ہیں یا چیئرمین سٹینڈنگ کمیٹیوں کی بات کر رہے ہیں؟

پارلیمانی سیکرٹری برائے سیاحت(رانا محمد ارشد):جناب سپیکر!پارلیمانی سیکرٹریوں کی بات کر رہا ہوں۔

رائے محمد شاہجہاں خان:پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، فرمائیں!

رائے محمد شاہجہاں خان: شکریہ۔ جناب سپیکر! رانا صاحب پارلیمانی سیکرٹری بن گئے ہیں تو انہیں مبارک ہو اور انہیں اپنے مسائل کی تو بڑی فکر ہے لیکن یہاں پر ایم پی ایز پہلے اجلاس سے بلبلا رہے ہیں کہ انہیں رہائش کے لئے جگہ نہیں ملتی۔ اس کا آج تک کوئی بندوبست نہیں کیا گیا تو انہیں اپنی بڑی فکر پڑ گئی ہے اس لئے یہ ہمارا بھی خیال رکھیں جو سیدھے سادے ایم پی ایز ہیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: میرا خیال ہے کہ سٹینڈنگ کمیٹیوں کے چیئرمینوں کے بارے میں rules تو بڑے واضح ہیں کہ انہیں official گاڑی ملتی ہے اور اگر اس کے اندر نہیں دی گئی تو میرے خیال میں اس میں کہیں نہ کہیں پر کوئی رہ گیا ہے اور میں لاء منسٹر صاحب سے کہوں گا کہ اس پر تھوڑا سا brief کر دیں۔

وزیر قانون و پارلیمانی امور (رانا ثناء اللہ خان): جناب سپیکر! اس سلسلے میں میاں صاحب نے جب سے اس صوبے کی خدمت کے لئے خادم اعلیٰ پنجاب کا چارج سنبھالا ہے تو اس وقت سے انہوں نے پابندی لگائی ہوئی تھی کہ کوئی نئی گاڑی نہ خریدی جائے۔ کمشنرز appoints ہوئے، ان کو بھی اور اس سے پہلے بھی ضرورت پڑتی رہی تو انہوں نے نئی گاڑیاں خریدنے کی اجازت نہیں دی۔ اب اس میں تھوڑا سا shortage کا پہلو سامنے ہے تو کچھ گاڑیاں پرانی ہیں جنہیں پارلیمانی سیکرٹریوں اور چیئرمین سٹینڈنگ کمیٹیوں نے پسند نہیں فرمایا۔ آج بھی جب وہ لندن جا رہے تھے تو میری ان سے بات ہوئی ہے تو انہوں نے کہا کہ آپ کوئی اس قسم کی گنجائش پیدا کریں کہ اگر یہ پرانی گاڑیاں اس قابل نہیں کہ یہ چل سکیں تو پھر ہم ان کو فروخت کر کے اس کے متبادل گاڑیوں کی خریداری کے لئے کچھ کریں تا کہ خزانے پر کم سے کم بوجھ پڑے تو میرا خیال ہے کہ اس سلسلے میں ہمارے محترم پارلیمانی سیکرٹریوں اور سٹینڈنگ کمیٹیوں کے چیئرمینوں کو تھوڑا سا ٹائم دینا پڑے گا۔ اس سلسلے میں انشاء اللہ within one month یہ معاملہ حل ہو جائے گا۔

جناب ڈپٹی سپیکر: کسی شہر میں، کسی تحصیل میں یا کسی ضلع میں اگر کوئی سرکاری افسر جاتا ہے تو اس کے جانے سے پہلے اس کا وہاں پر تمام تر بندوبست جس میں گاڑی، رہائش اور سب کچھ موجود ہوتا ہے تو یہاں پر جب ہم کہتے ہیں کہ پارلیمنٹ سپریم ہے اور ہم سمجھتے ہیں کہ پارلیمنٹ سپریم ہے اور ہم نے اس کی supremacy کو establish بھی کرنا ہے تو جو پارلیمانی سیکرٹری اور چیئرمین سٹینڈنگ

کمیٹیوں کے بنے ہیں تو میرا ذاتی خیال ہے کہ آج آپ جا کر دیکھ لیں بیوروکریسی کے پاس جس طرح کی گاڑیاں موجود ہیں اور جو کچھ موجود ہے اور جو کچھ ہے تو ہمیں اس بات کے اوپر آنا ہے کہ ہم نے سب سے پہلے اپنے پارلیمانی سیکرٹریوں اور چیئرمین سٹینڈنگ کمیٹیوں کو فوری طور پر جوان کا حق بنتا ہے، وہ دلوانا ہے۔ میں لاء منسٹر صاحب سے کہوں گا کہ وہ ایک مہینے کی بات کر رہے ہیں تو وہ مہینے کی بات تو ہوتی رہے گی کیونکہ آج وزیر اعلیٰ صاحب پاکستان سے باہر گئے ہیں تو پانچ دن کے اندر اندر بات کر کے اگلے ہفتے اس House کے اندر بتائیں گے کہ آپ کب تک ان تمام کو گاڑیاں فراہم کر رہے ہیں؟

**چودھری عامر سلطان چیمہ:** پوائنٹ آف آرڈر۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** جی، فرمائیں!

**چودھری عامر سلطان چیمہ:** جناب سپیکر! میں یہ کہنا چاہ رہا تھا کہ ہمارے خادم اعلیٰ صاحب نے بڑا اچھا فیصلہ کیا ہے کہ ان کو چھوٹی اور پرانی گاڑیاں دی جائیں کیونکہ ویسے تو انہیں گاڑیاں دینے کی ضرورت ہی نہیں ہے۔ ماشاء اللہ تمام ہی حیثیت رکھتے ہیں اور سب کے سالانہ گوشوارے اور جب ہم پنجاب اسمبلی میں آتے ہیں تو ان سے لگتا ہے کہ وہ بہتر ہیں اور سب کے پاس گاڑیاں موجود ہیں کیونکہ جو باہر گاڑیاں نظر آتی ہیں وہ بھی دیکھ لی جائیں تو میرا خیال ہے کہ یہ بہتر اقدام ہے اور اس حوالے سے میں بھی خادم اعلیٰ کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں کہ انہوں نے بڑا اچھا فیصلہ کیا ہے کہ انہیں پرانی گاڑیاں مہیا کی جائیں اور اس سے پہلے جو شاہ خرچیاں ہوتی رہی ہیں اور جو پہلے گاڑیاں زیادہ آئی ہیں اور میرا خیال ہے کہ جب یہ نئی نئی حکومت بنی تھی تو انہوں نے گاڑیوں کا بڑا شور ڈالا تھا اور 8 کلب پر بڑا شور ڈالا تھا، وہ گاڑیاں اگر فروخت کر دی ہیں تو ان کے پیسوں سے میرا خیال ہے کہ آپ نے جو گاڑیاں خریدی ہیں وہ انہیں دے دیں تو بہتر ہو گا۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** میرا خیال ہے کہ یہ بات ہو چکی ہے۔

**وزیر قانون و پارلیمانی امور (راناثناء اللہ خان):** نہیں، جناب سپیکر! وہ گاڑیاں جو نیلام کی تھیں ان کے پیسے سے جو لوگ دوائی سے مر رہے تھے اور بھوک سے مر رہے ہیں، ان کو دوائیاں فراہم کی ہیں اور لوگوں کے دوسرے کام کئے ہیں۔ کوئی گاڑی نہیں خریدی۔

جناب سپیکر! میں آپ کی وساطت سے چیمہ صاحب کی خدمت میں یہ عرض کروں گا کہ میں on record ہوں کہ جب سے وزیر اعلیٰ پنجاب میاں محمد شہباز شریف صاحب نے حلف لیا ہے

کوئی ایک گاڑی بھی نہیں خریدی گئی۔اگر ان کے پاس کوئی انفارمیشن ہے تو وہ لے کر آئیں۔ کوئی گاڑی نہیں خریدی گئی اور اب بھی میں سمجھتا ہوں کہ چیمہ صاحب نے بھی یہ کہہ دیا ہے کہ انہیں گاڑیاں خرید کر دیں اور اب اپوزیشن بھی اور حکومتی بنچوں والے بھی کہیں اور سپیکر صاحب بھی کہیں تو اب ہم مجبور کر کے ان کو منالیں تو یہ علیحدہ بات ہے ورنہ اب بھی ان کا گاڑیاں خریدنے کا کوئی ارادہ نہیں ہے۔

**چودھری عامر سلطان چیمہ:** میں ایک بات واضح کرنا چاہتا ہوں کہ میں نے خریدنے کی بات نہیں کی بلکہ وہ دوسری گاڑیاں جو کھڑی ہوئی ہیں اس وقت استعمال ہو رہی ہیں ان کے بقول وہ سیکنڈ ہینڈ ہیں ان کو استعمال کر لیا جائے اور 8 کلب میں جو گاڑیاں رکھی گئی تھیں اور جن کے بارے میں کہا گیا تھا کہ یہ گاڑیاں سابق چیف منسٹر کے سکواڈ میں چلتی تھیں اور یہ bullet proof تھیں۔ میرا خیال ہے کہ اگر ہم ان گاڑیوں کی اخبارات میں تصاویر دیکھیں، ٹی وی پر دیکھیں تو وہ گاڑیاں اب استعمال ہو رہی ہیں اور وہ فروخت نہیں ہوئیں۔ کھوسہ صاحب کی وزارت اعلیٰ کے دور میں جو 8 کلب کی basement میں دکھائی گئی تھیں اور جنہیں کھڑا کر کے پورے میڈیا کو دکھایا گیا تھا اور منسٹر صاحب دوائیوں وغیرہ کی پتا نہیں کیا کیا باتیں کر رہے ہیں تو اگر ان کے پاس کوئی ثبوت ہیں تو وہ ہمیں دکھا دیں کیونکہ یہ بیوروکریسی کی حکومت ہے اور بیوروکریسی کو کھلم کھلا strengthen کیا جا رہا ہے۔ ہمیں خوشی ہے اس بات کی کہ یہ کریں اور اس حوالے سے جب میں پہلے کہہ چکا ہوں کہ میں خادم اعلیٰ کو اس حوالے سے سلام پیش کرتا ہوں کہ ان کے ساتھ اسی طرح کا سلوک ہونا چاہئے تاکہ یہ لوگ اچھے طریقے سے پھر اس دور کو یاد کریں جو دور گزر چکا ہے۔

**جناب افتخار احمد خان:** پوائنٹ آف آرڈر۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** جی، فرمائیں!

**جناب افتخار احمد خان:** شکریہ۔ جناب سپیکر! میں آپ کی وساطت سے چیمہ صاحب کا بڑا احترام کرتا ہوں۔۔۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** آپ direct نہیں کرتے بلکہ میری وساطت سے کرتے ہیں؟

**جناب افتخار احمد خان:** وہ تو ظاہر ہے۔ جناب سپیکر! میں ان کو خراج تحسین پیش کرنا چاہتا ہوں کہ ہمارے خادم اعلیٰ کی تمام باتیں انہیں پسند آنا شروع ہو گئی ہیں اور مجھے یقین ہے کہ اگر ایک دو باتیں اور

انہوں نے کیں تو یہ ہمارے ساتھ بھی آ جائیں گے۔ فکر کی کوئی بات نہیں یہاں ہم گاڑیوں کے محتاج نہیں ہیں اور ہم ان کے ساتھ ہیں اور یہ گاڑیوں سے شرارتیں مت کریں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: اس سے اگلا item عام بحث تھی اور اس کی تحریک محترمہ نسیم لودھی صاحبہ نے دی تھیں چونکہ وہ موجود نہیں ہیں تو یہ اگلے منگل جو کہ private member's day ہے، اس کے لئے carry forward کی جاتی ہے۔ میں صرف ایک بات کرنا چاہوں گا کہ private member's day کے لئے سابقہ ریکارڈ بھی دیکھ رہا تھا کہ آج تک ٹائم extend نہیں کیا گیا اور ہم نے صرف اس business کو مکمل کرنے کے لئے جو کہ private member's day کا تھا، صرف time extend کیا اور لاء منسٹر صاحب سے میں نے بات کی اور انہوں نے بھی اس میں grace show کی تو اب آج کے اجلاس کا ایجنڈا مکمل ہو چکا ہے لہذا اب اجلاس کل بروز بدھ مورخہ 4-2-2009 صبح 10 بجے تک ملتوی کیا جاتا ہے۔